

# کتاب مستور

سید رفعت حبیب بخاری

بسم الله الرحمن الرحيم

15-12-2024

# کتاب مستور

جلد ..... اول

سید رفعت حبیب بخاری

جملہ حقوق محفوظ ہیں


نام کتاب ..... کتاب مستور

مصنف ..... سید رفعت حبیب بخاری

منتظم طباعت ..... محمد یعقوب ضیاء

کمپوزنگ ..... فاسٹر کمپوزنگ سنٹر رائل پارک لاہور

تعداد ..... 1000

مطبع ..... ایریکس پرنٹرز تھارنٹن روڈ لاہور

قیمت ..... =[redacted] روپے

بخاری پبلیکیشنز

16 - سیکنڈ فلور - بدر سنٹر

چوک دالگراں ریلوے روڈ لاہور




# انتساب

بحضور رب العزت اپنی کاوشوں کا نذرانہ پیش کرتا ہوں جو اسی کے عطا کئے ہوئے علم پر مبنی ہے-اللہ تبارک وتعالی اس نذرانہ کو قبول فرمائے -اور اس علم کی روشنی کو دنیا مین پھیلاوے

اے میرے رب مجھے مزید علم عطا فرما
بیشک تجھ سے بڑھ کر کوئی علم دینے والا نہیں ہے-

سید رفعت حبیب بخاری

# فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| پیش لفظ | 14 |
| کتاب مستور | 25 |
| انسانی دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ | 26 |
| دماغ کے حصے | 34 |
| پروگرام کارڈیاڈسک بنانے کا طریقہ | 42 |
| غیر حاضر مریض کا علاج | 46 |
| تاریخ انسانی | 49 |
| فلسفہ رابطہ سیٹ | 58 |
| دماغ | 66 |
| آئینہ اعمال | 73 |
| زندگی پر اعمال کے اثرات | 74 |
| معیاری انسانی زندگی کا سیٹ | 77 |
| مذہب پر ثانوی حیثیت دینے والے | 77 |
| بغیر نکاح کے ازدواجی زندگی پسند | 77 |
| عورت کو پاؤں کا جوتا سمجھنے والے | 77 |
| عورت کو فحاشی پر مجبور کرنے والے | 77 |
| عورت کمائی پر گزر بسر کرنے والے | 77 |
| والدین کی نافرمان اولاد | 78 |
| اپنے اعضاء عطیہ دینے والے | 78 |
| بغیر کفارہ ادا کئے قسم توڑنے والے | 78 |
| کھانے پینے میں حلال حرام کی پرواہ نہ کرنے والے | 78 |
| اپنے پیشہ سے بددیانت | 78 |
| دوسروں کو معاشرہ میں فساد پھیلانے پر اکسانہ | 79 |
| لوگوں کو خوف وہراساں کرنے والا | 79 |
| دوسروں کا حق مار کر خیرات کرنے والا | 79 |
| قرض حسنہ دینے والا | 79 |
| کسی بے گناہ کی پیروی کرنے والے | 80 |
| اذیت پسند انسان کی زندگی | 80 |
| منافق کی زندگی | 80 |
| بہتان طراز کی زندگی | 80 |
| دوسروں کا سہارا لینے والے کی زندگی | 80 |
| گداگر کی زندگی | 80 |
| فتنہ پرور کی زندگی | 80 |
| کنجوس کی زندگی | 80 |
| فضول خرچ کی زندگی | 81 |
| کام چور کی زندگی | 81 |
| کم تولنے والے کی زندگی | 81 |
| جعلی مال فروخت کرنے والے کی زندگی | 81 |

مفلسی کے خوف سے دوسروں کے شاروں پر ناچنے کی زندگی 81
ملاوٹ کرنے والے کی زندگی 81
حق کو چھپانے والے کی زندگی 81
حق اور باطل کو جان بوجھ کر ملانے والے کی زندگی 81
وعدہ خلاف کی زندگی 81
راشی کی زندگی 81
مرتشی کی زندگی 82
فحاشی پسند کی زندگی 82
جھوٹی قسمیں کھانے والے کی زندگی 82
قبروں پر چادریں چڑھانے والے کی زندگی 82
قبروں پر منت مانگنے والے کی زندگی 83
عقاد کی بنیاد پر خون خرابہ کرنے والے کی زندگی 83
فرقہ پرستی کی بنیاد پر مسلح ہو کر دوسروں فرقوں کو نشانہ بنانے والے کی زندگی 83
اپنے اہل وعیال سے بے خبر صرف دولت کمانے میں سرگرداں کی زندگی 83
حج وعمرہ کی غرض سے جمع کی ہوئی رقم کو خیرات کر دینے والے کی زندگی 83
جادو تعویز گنڈے کرنے والے عامل کی زندگی 83
جادو تعویز گنڈے دوسروں کے خلاف کرنے والے کی زندگی 83
پراپرٹی ڈیلر کی زندگی 84
اسمگلر کی زندگی 84
تاجر کی زندگی 84
موجودہ طرز کے اخبار کا صحافی کی زندگی 84
لائف انشورنس ایجنٹ کی زندگی 84
پیر کی زندگی (مرید بنانے والے) 85
غداروں کے متولی کی زندگی 85
انسانوں کو گدھا کہنے والے کی زندگی 85
وعدہ کرنے والے زندگی 85
وعدہ کر کے ٹالتے جانے والے کی زندگی 86
اوروں کو نصیحت مگر خود اس پر عمل نہ کرنے والے کی زندگی 86
خوشامد پسند کی زندگی 86
بردہ فروش کی زندگی 86
رسر گیر کی زندگی 86
ہوائی قلعے تعمیر کرنے والے کی زندگی 86
خون کا عطیہ دینے والے کی زندگی 86
زمین بٹائی پر دینے والے کی زندگی 87





ضرورت سے زیادہ مال جمع کرنے والے کی زندگی 88
غیبت کرنے والے کی زندگی 88
پڑوسیوں سے بے تعلق رہنے والے کی زندگی 88
باتونی انسان کی زندگی 88
منشیات کا کاروبار کرنے والے کی زندگی 88
منشیات استعمال کرنے والے کی زندگی 88
شرابی کی زندگی 88
یتیموں کا مال ناجائز طریقے سے کھانے والے کی زندگی 89
جائداد پر زبردستی قبضہ کرنے والے کی زندگی 89
جہیز وصول کرنے والے کی زندگی 89
لے پالک بچوں کو اپنی ولدیت دینے والے کی زندگی 91
دوسروں میں عیب تلاش کرنے والے کی زندگی 91
دوسروں سے اپنے آپ کو برتر سمجھنے والے کی زندگی 91
خود پسند کی زندگی 91
سوشلسٹ کی زندگی 91
کمیونسٹ کی زندگی 92
جمہوریت پسند کی زندگی 92
مزاح نگار کی زندگی 92
موسیقی کو روح کی غذا سمجھنے والے کی زندگی 92
گلوکار کی زندگی 92
موسیقار کی زندگی 92
قول وفعل میں تضاد والے کی زندگی 92
مفاد عامہ کی مخالف کرنے والے کی زندگی 93
نوزائیدہ بچوں کو اغوا کرنے والے کی زندگی 93
ٹھیکے پر مزدور فراہم کرنے والے کی زندگی 94
پیکر کی زندگی 97
درختوں کی زندگی 99
فصلیں 109
سبزیاں 111
حیات گل 113
حیواناتی زندگی 116
آبی مخلوق 121
اعضائی نظام 119
امراض بطن 132
خونی پاخانہ 134
تشنج 135

| | |
|---|---|
| پیٹ میں سرطان | 136 |
| معدہ میں السر | 137 |
| اسہال | 138 |
| پتا | 139 |
| پھیپھڑے | 141 |
| تلی | 145 |
| جگر | 147 |
| امراض چشم | 153 |
| خون | 163 |
| جوڑوں میں دردیں | 166 |
| ریڑھ کی ہڈی کی سوزش | 171 |
| گھٹنوں میں درد | 172 |
| پسلی کا درد | 173 |
| دمہ | 174 |
| ذیابیطس | 176 |
| فالج | 180 |
| رعشہ | 182 |
| امراض قلب | 184 |
| کان | 194 |
| گردہ | 197 |
| دانت اور مسوڑھے | 201 |
| تلاش مجرم | 204 |
| مردانہ جنسی نظام | 211 |
| ناک | 216 |
| انفلوئنزہ | 219 |
| امراض النساء | 220 |
| ہچکی | 230 |
| کھانسی | 231 |
| بخار | 232 |
| گلہڑ | 235 |
| ایلوپیتھک ادویات سے ایڈز | 236 |
| السر | 238 |
| ٹی بی - کینسر | 240 |
| برص | 242 |
| مقعد پر پھوڑا | 244 |
| قے | 247 |
| نوازئیدہ بچے بیماریاں اور مستقبل | 256 |
| کامیاب معالج | 265 |
| ماہر فلکیات | 266 |
| مثالی سیاستدان | 267 |
| مثالی صحافی | 268 |
| بچوں میں سوکھے کی بیماری | 270 |
| حرف آخر | 272 |

# تعارف

میں جناب سید رفعت حبیب بخاری کو بچپن سے جانتا ہوں۔ بخاری صاحب مجھ سے تقریباً" پانچ سال بڑے ہیں۔ ان کا تعلق سید بخاری خاندان سے ہے۔ خاندانی شرافت کی زندہ مثال ہیں۔ ان کے والد سید اقبال علی شاہ صاحب نے فوج میں ملازمت اختیار کی اور ریٹائر ہو کر اپنی زندگی مریدکے ہی میں گزار دی۔ سید رفعت حبیب بخاری 17 نومبر 1942ء کو تلونڈی کھجور والی ضلع گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے تھے۔ جبکہ ابتدائی تعلیم پونا (انڈیا) سے شروع کی۔ ابتدائی تعلیم والد صاحب کی فوج کی نوکری کی وجہ سے مختلف جگہوں پر ہوئی۔ جن میں پونا' سیالکوٹ' راولپنڈی' جہلم' لاہور اور مریدکے شامل ہیں۔ بخاری صاحب بچپن میں استاد بننے کی آرزو کیا کرتے تھے۔ لیکن نامساعد حالات کی وجہ سے کلاس نہم میں تھے کہ پڑھائی چھوڑنا پڑی حالانکہ انتہائی ذہین طالب علموں میں ان کا شمار ہوتا تھا۔

1960ء میں بلدیہ مریدکے میں بطور محرر محصول چونگی ملازم ہوئے اور پھر 1961ء میں نشاط سلک اینڈ ریان ملز منگورہ سوات میں بطور سپروائزر ملازمت اختیار کر لی۔ 1963ء میں سوات سے واپس آ گئے اور ایک انتہائی نفیس انسان شیخ محمد صدیق المعروف باؤ صدیق کے شاگرد بن گئے اور ان سے ریڈیو مکینک کا کام سیکھنا شروع کر دیا۔ یہی وہ زمانہ ہے جب ان کو پڑھنے کا پھر شوق ہوا اور انہوں نے 1965ء میں ادیب اردو اور پھر 1966ء میں ادیب عالم اور میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ 1966ء میں ہی بطور ریڈیو مکینک کاروبار کا آغاز کیا اور 1973ء تک اسی کاروبار سے منسلک رہے۔ بعدازاں افسر ٹیکسٹائل ملز مریدکے میں بطور جنرل کلرک بھرتی ہو گئے اور تین سال وہیں گزار دیئے۔

1976ء میں رائس ملنگ کارپوریشن میں بطور سٹور کیپر بھرتی ہو گئے اور پھر 1977ء مارشل لاء کے بعد جب رائس ملنگ یونٹ مالکان کو واپس کئے گئے۔ تو ان کو اس دوران سعودیہ میں ملازمت مل گئی۔ سعودی عرب میں چار سال ملازمت کی۔ 1981ء میں واپس وطن پہنچ گئے۔ پھر 1982ء میں ایک پرائیویٹ فرم میں ملازمت اختیار کر لی جس کے لئے انہیں خیرپور سندھ جانا پڑا۔

سید رفعت حبیب بخاری صاحب کے بڑے بھائی ڈاکٹر شفقت حبیب بخاری صاحب کامیاب ہومیو ڈاکٹر ہیں۔ انگلینڈ کے ڈاکٹر بروکس کوپن نے ہومیوپیتھی علاج کے لئے ایک کمپیوٹر ایجاد کیا۔ جو کہ ڈاکٹر موصوف استعمال کر رہے تھے۔ بخاری صاحب نے ابتدائی طور پر اسی کمپیوٹر پر کام ہوتے دیکھا تھا۔ مگر خود اس پر کام نہیں کیا تھا۔

جب 1987ء میں آپ تھائی لینڈ چلے گئے تو وہاں پر انہوں نے بہت سارے مریض آٹوسسٹم کے علاج کے ذریعے درست کئے اور بروکس کوپن کا کمپیوٹر بھی انگلینڈ سے منگوایا۔ دوران تجربات انہوں نے "میزان" طریقہ علاج دریافت کیا اور بروکس کوپن کے کمپیوٹر میں موجود خامیوں کی بھی نشاندہی کی اور ڈاکٹر شفقت بخاری سے تفصیلی بحث بھی کی۔

اس بحث اور تجربات کو سامنے رکھتے ہوئے انسانی دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ دریافت کیا اور انسانی اعمال کے ذریعے پیدا ہونے والی بیماریوں کا علاج اور صحت کا اصول وضع کیا اور اس سے علاج معالجہ شروع کیا تو اللہ تعالیٰ کے اس پوشیدہ علم سے فیض یاب ہوئے تو نئی نئی راہیں کھلتی چلی گئیں۔ علاج کے لئے آنے والے مریض حیرانگی سے اس طریقہ علاج کو دیکھتے رہے مگر صحت یابی کی تعداد میں روز بروز اضافہ



بھی اطمینان کا سبب بنتا رہا۔

سید رفعت حبیب بخاری صاحب سے ملاقات ہوئی تو اس سارے طریقہ علاج پر سیرحاصل گفتگو ہوئی جس کے جواب میں سید رفعت حبیب بخاری صاحب اپنی اس تحقیق کو دنیا کے سامنے رکھنے پر تیار ہوئے اور کتاب مستور پر نہ صرف کام شروع کیا بلکہ اتنے کم عرصے میں اتنی ضخیم کتاب مرتب کرنا بھی انہی کا کارنامہ ہے۔

آج کتاب مستور آپ کے سامنے ہے۔ پڑھئے لطف لیجئے اور ایک نئی دنیا کی دریافت سے بہرہ ور ہوئیے اور مزید کچھ جاننا اور تحقیق کرنا آپ کا مزاج ہو تو راہیں کھلی ہیں۔ زندگی اور انسان ان دونوں کا آپس میں جو تعلق ہے اسے اجاگر کیا اور یہ بتایا کہ انسانی زندگی پر انسان کے اچھے اور برے اعمال کا کیا اثر ہوتا ہیں اس طرح انسانی زندگی کی حقیقت کھل کر سامنے آگئی ہے۔ علامہ اقبال کا وہ شعر ایسے لگتا ہے۔ جیسے انہی کیلئے کہا گیا ہو۔

تیرے سینے میں ہے پوشیدہ راز زندگی کہہ دے
مسلمان سے حدیث سوز و ساز زندگی کہہ دے

(علامہ اقبالؒ)

دعاگو

**محمد یعقوب ضیاء**

**ہومیو پیتھک میڈیکل پریکٹیشنر**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

انسان اور انسان کو لاحق ہونے والی بیماریوں کا شمار کرنا اب ایک مشکل کام ہے۔ یہ بیماریاں یونہی نہیں لگ جاتیں بلکہ ان کے لاحق ہونے میں بھی حضرت انسان کا اپنا ہی عمل دخل ہے۔ ایک تو خود انسان کے اپنے اعمال کا نتیجہ میں سامنے آنے والی بیماریاں ہیں اور دوسری وہ بیماریاں ہیں جن کا تعلق بھی انسانی اعمال ہی سے وابستہ ہے۔ دوسری قسم کی بیماریاں غلط تشخیص اور ان کے نتیجہ میں تجویز کردہ غلط ادویات ہیں۔ اگر تشخیص درست بھی کر لی جائے اور اس کے لئے دی جانے والی ادویات کے خود اتنے برے اثرات ہوتے ہیں جن کی وجہ سے ایک بیماری سے نجات نہیں ملتی کہ ایک دوسری بیماری منہ کھولے کھڑی ہوتی ہے۔ اس وقت پوری دنیا پر ایلوپیتھک طریقہ علاج کا راج ہے۔ ان کے پاس ہسپتال، آلات، ڈاکٹر نرسیں، سب کچھ ہے۔ اگر نہیں ہے ان کے پاس کسی بیماری کا علاج نہیں ہے۔ بلکہ اب یہ طریقہ علاج کم اور انڈسٹری زیادہ ہے۔ اس انڈسٹری کو چلانے کے لئے مریضوں کی ضرورت ہے۔ مریض بنانے کے لئے یہی انڈسٹری طفل تسلیوں کے نام پر ہر روز ایک نئی دوا بازار میں لے آتی ہے۔ مریض اسی آس میں قبر میں چلا جاتا ہے۔ مریض کے قبر میں اترنے سے ان کی انڈسٹری پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔ کیونکہ وہ مریض کے مرنے سے پہلے اور مریض بنا چکے ہوتے ہیں جو ان کی انڈسٹری کو چلا سکیں۔

مریض سال ہا سال سے ایک مرض میں مبتلا ہیں۔ ڈاکٹر کے پاس جاتے ہیں۔



ڈاکٹر بھی معمول کی طرح مریض کو دوا لکھ دیتا ہے اور مریض بھی دوا کو غذا سمجھ کر کھا جاتا ہے۔ کبھی کسی مریض نے ڈاکٹر سے یہ کہنے کی زحمت نہیں کی۔

"جناب ڈاکٹر صاحب! آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ میں پچھلے کئی سالوں سے آپ کے پاس آ رہا ہوں۔ آپ جو دوا دیتے ہیں دوا میں باقاعدگی سے کھا بھی رہا ہوں۔ جو پرہیز آپ بتاتے ہیں وہ بھی کرتا ہوں۔ اس کے باوجود مجھے شفا کیوں نہیں مل رہی"۔

مریض ڈاکٹر سے کہے یا نہ کہے۔ خود ڈاکٹر صاحب کو بھی سوچنا چاہئے کہ یہ کیسا طریقہ علاج ہے کہ جس کے لئے انہوں نے عمر کا ایک حصہ اور دولت خرچ کی ہے۔ جس سے شفا ہی نہیں مل رہی۔

شاید ڈاکٹر صاحب اس لئے نہیں سوچتے کہ جب مریض ایسا نہیں سوچتا تو پھر انہیں یہ کیا ضرورت ہے کہ اپنے کلینک کے دروازے خود اپنے لئے بند کر لیں۔

ڈاکٹر صاحب کا بھی کچھ قصور نہیں۔ ان کے پاس تو میڈیکل ریپ آیا۔ وہ جو واعظ کر گیا۔ اس کے مطابق ڈاکٹر صاحب نے عمل کیا۔ ڈاکٹر صاحب تو جانتے ہی نہیں کہ جو اجزاء دوا میں ڈالے گئے ہیں کیا واقعی وہی اجزاء ہیں یا ان کے ملانے سے جو دوا بنی ہے وہ واقعی ایسا کام کرے گی جس کی واعظ میڈیکل ریپ کر کے گیا ہے۔

دماغ میں رسولی ہو یا پیٹ میں، گردہ میں پتھری ہو یا مثانہ میں، پستانوں میں گلٹیاں ہوں یا کہیں اور ان کے پاس ایک ہی علاج ہے کہ اپریشن کرو اور کاٹ پھینکو۔ یہی اس طریقہ علاج کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ گردہ خراب ہو گیا کاٹ کر پھینک دیا اور پھر ایک دوسرے صحت مند انسان سے گردے کی بھیک یا قیمتاً" خرید کر اسے بھی ناکارہ کر دیا اور اپنی مشہوری کے لئے کامیاب آپریشن کا ڈنڈھورا پیٹنے لگے۔

طب یونانی۔ قانون بالضد پر قائم ہوئی۔ ہومیوپیتھک علاج بالمثل کے اصول پر سامنے آئی۔ مگر ایلوپیتھک نہ ہی قانون بالضد پر ہے اور نہ کسی دوسرے قانون کو مانتی ہے اس کا اگر کوئی اصول ہے تو وہ ہے قدرت سے ضد۔ جو اعضاء اللہ تعالیٰ نے انسان کو دیئے اسے کاٹ کر الگ کردو۔ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری اور اس پر ستم ظریفی یہ کہ اگر کوئی باشعور انسان انہیں کوئی مشورہ دے تو اس کا منہ بند کرنے کے لئے ان کے پاس ایک ہی جملہ ہے۔ "ڈاکٹر ہم کہ آپ" خدا کا شکر ہے کہ کوئی یہ نہیں کہتا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ہمیں یہ دم نہیں لگی۔ ورنہ میں ضرور مشورہ قبول کرلیتا۔

ایلوپیتھک طریقہ علاج میں انسانوں کا نہیں بلکہ انسانوں کو جانور سمجھ کر علاج کرتے ہیں۔ ان کو تو پڑھایا ہی یہی جاتا ہے۔ انہوں نے سب سے پہلے انسان کو حیوان ثابت کرنے کے لئے۔ اسے بندر کی نسل قرار دیا اور اتنا ڈنڈھورا پیٹا کہ ہر ایک ذی ہوش بھی ان کے دام فریب میں آگیا۔ یہ چوہے بلیوں پر دوا آزماتے ہیں اور انسانوں کو دیتے ہیں، کبھی یہ بھی دیکھا ہے کہ ایم - اے کے لئے بنایا گیا امتحانی پرچہ میٹرک والے کو دیا جائے۔ وہ جس کے لئے بنایا گیا ہے اسے دیں اور جو ایسا کرے گا اسے عقل کا اندھا نہیں کہیں گے تو اور کیا کہیں گے؟

کیا ایک چوہے اور ایک انسان کی زندگی میں کچھ فرق نہیں ہے۔ کیا چوہا بھی ماحول کی آلودگی سے پریشان ہو کر احتجاج کرتا ہے۔ کیا کسی گنی پگ کو پریشانیوں نے شوگر کا مریض بنا دیا ہے۔ کیا ایک خرگوش اپنی نسل کی بے راہ روی کا رونا روتا ہے۔

ایلوپیتھک کے بے تاج شہنشاہوں نے جن کی اس انڈسٹری پر اجارہ داری ہے اپنے مقصد میں سو فی فیصد کامیاب ہیں جنہوں نے یہ خبر ہی مریض کو نہیں ہونے دی کہ اسے انسان نہیں بلکہ جانور سمجھ کر علاج کر رہے ہیں۔ اس کے بعد اس زمانے میں



ہومیوپیتھک سامنے آرہی ہے۔ جو لوگ ایلوپیتھک سے جان بچانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ زندگی کے باقی دن صحت مندی سی گزاریں وہ اس طریقہ علاج کو مسیحا سمجھ کر ان کلینک میں پہنچ جاتے ہیں۔ نتیجہ کیا نکلتا ہے۔ وہاں اسے بھی ایک عرصہ تک علاج کروانے کے بعد مایوسی ہو جاتی ہے اور تقدیر کا لکھا سمجھ کر بیٹھ جاتے ہیں اس کی ایک نہیں کافی وجوہات ہیں۔

سب سے پہلی وجہ ان کے نظریہ میں بنیادی خامی ہے۔ دوسری وجہ اب سامنے آرہی ہے جب سے مرکب ادویات کا سلسلہ شروع ہوا ہے۔

ہم نے اوپر کہا ہے کہ سب سے پہلی وجہ ان کے نظریہ ان کے اصول میں خامی ہے۔ وہ کیسے؟ آئیں ہم اس کا جائزہ آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں۔

ہومیوپیتھک کے بانی ڈاکٹر سیموئیل ہانمن نے ایک نظریہ پیش کیا کہ جو چیز انسان کے لئے نقصان دہ ہے درحقیقت اسی کے اندر انسان کے لئے فوائد ہیں۔ یہ اصول علاج کے علاوہ شاید درست ثابت ہوگا۔ مگر جہاں تک اس کو بنیاد بنا کر ایک الگ طریقہ علاج دینے کا تعلق ہے وہ بالکل غلط ہے۔

ڈاکٹر ہانمن نے جو ادویات تیار کی تھیں ان کو سب سے پہلے اپنے آپ پر آزمایا۔ جو علامات سامنے آئیں انہیں لکھا اور پھر اسی چیز کی بہت ہی کم مقدار دوبارہ استعمال کی جس کے نتیجہ میں وہ دوبارہ صحت مند ہو گیا۔ اس نے خود اپنے آپ پر تجربات کئے۔ اپنے دوستوں پر آزمایا اور اس کے بعد اس نے ایک دوا تیار کرلی۔

آپ نے دیکھا کہ پہلے ایک چیز خود کھائی پھر اس سے ظاہر ہونے والی علامات نوٹ کیں اور کہا کہ جس کسی میں ایسی علامات پائی جائیں اس کے لئے یہ دوا ہو گی۔

مثال کے طور پر ڈاکٹر ہانمن نے آرسینک بہت کم مقدار میں اتنی مقدار میں جس سے انسان کی موت واقع نہ ہو کھائی اور اس کے نتیجہ میں سامنے آنے والی علامات نوٹ کیں۔ اس کے بعد اسی آرسینک کی بہت ہی قلیل، اتنی قلیل کہ جسے ناپا تولا نہ جا سکے کھائی تو وہ علامات ختم ہو گئیں اور ڈاکٹر صاحب صحت مند ہو گئے۔ اس کے بعد یہ اصول بنایا۔

"اگر کسی شخص میں آرسینک والی علامات ظاہر ہوں تو اسے اگر ہم آرسینک دیں گے جس کی کم از کم 30 پوٹنسی ہو تو وہ شخص صحت مند ہو جائے گا"۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایک ایسا شخص جس نے آرسینک کھائی ہی نہیں اس میں آرسینک والی علامات کیسے پیدا ہو گئیں؟

ایک شخص برفانی علاقے میں رہتا ہے اس میں بیلاڈونا یا اپی کاک کی علامات پیدا ہو جاتی ہیں حالانکہ اس نے بیلاڈونا اور اپی کاک کھانا تو کجا ان بوٹیوں کو دیکھا تک نہیں۔ انہیں دوا دینے کا مرحلہ تو بعد میں آئے گا سب سے پہلے سوچنے کی بات یہ ہے کہ ان میں وہ علامتیں کیوں پیدا ہو گئی ہیں کیونکہ جو اصول اور جس قانون کے تحت ہانمن نے یہ ادویات بنائی تھیں۔ اس اصول اور قانون پر یہ شخص تو پورا نہیں اترتا۔ جب اس نے یہ کھایا ہی نہیں ہے تو پھر ایسے مریض کو وہ ادویات کیوں استعمال کے لئے دی جائیں۔ ان کے ہاں بھی اندھا قانون ہے۔ جس کے گلے میں پوری ہوا سے سولی پر چڑھا دو۔

آپ نے دیکھا کہ سوچ کی ایک چھوٹی سی کرن نے ڈاکٹر ہانمن کی مضبوط دیوار میں کیسے دراڑ ڈال دی ہے۔ میرے اس سوال کا جواب کسی ہومیوپیتھک معالج کے پاس نہیں ہے۔ اس مقام پر آ کر ایلوپیتھک اور ہومیوپیتھک معالج ایک ہی سطح پر آ جاتے



ہیں۔

مریض ڈاکٹر سے نہیں پوچھتا کہ اسے آرام کیوں نہیں مل رہا اور ہومیو معالج مریض سے نہیں کہتا کہ **مینکھا** کھانے کی کیا ضرورت پیش آ گئی تھی۔ مختلف اصول اور طریقہ کے یہ دونوں معالج کچھ نہیں جانتے۔ ان دونوں کو جو ہدایات ملتی ہیں ان پر آنکھیں بند کر کے عمل کرتے ہیں۔

دوسری وجہ مرکب ادویات ہیں۔

ہومیو ادویات بھی وہی لوگ بناتے ہیں جن کی ایلوپیتھک بنانے کی انڈسٹریز ہیں۔ انہوں نے جب یہ دیکھا کہ لوگ تو ایلوپیتھک سے بھاگ رہے ہیں اور ہومیو طریقہ علاج میں پناہ لے رہے ہیں تو ایسے میں انہوں نے اپنا رخ بدلا اور مرکب ادویات کی طرف لوگوں کو راغب کیا۔ پہلے تو مریض ڈاکٹر کے پاس جاتے تھے۔ ان کو فیس دیتے۔ وہ محنت کرتا اور کوئی ایک دوا تجویز کرتا تھا۔ ڈاکٹر کی محنت سے وہ مریض صحت یاب ہو جاتا۔ لیکن ادویہ ساز ادارے کیسے چلیں اگر مریض ختم ہو جائیں۔ لہٰذا انہوں نے ایک ایسا طریقہ اپنایا جس سے مریض ڈاکٹر کی فیس دینے سے بچ گیا ہے۔ خود سٹور پر چلا جاتا ہے۔ مرکب ادویات کی فہرست میں اپنے مطلب کی دوا دیکھتا ہے اور خرید لیتا ہے۔

ایلوپیتھک ادویات میں پھر یہ گنجائش ہے کہ لیبارٹری سے چیک کروایا جا سکتا ہے کہ اس میں مذکورہ اجزاء شامل ہیں یا نہیں۔ جبکہ ہومیو ادویات اس پڑتال سے بھی بری ہیں۔ اگر ہومیو سٹور کا سیلز مین خالی الکوحل بوتل میں ڈال کر اس پر cm لکھ دیتا ہے تو خریدار کیا کوئی معالج بھی نہیں بول سکتا۔

اب سوال یہ سامنے آتا ہے کہ چلو مان لیا کہ ایک شخص نے وہ کچھ نہیں کھایا

جس کی علامات اس میں ظاہر ہو گئی ہیں۔ کیونکہ علاج تو بہرحال علامات ہی کا کرنا ہے۔ ایک ہومیو معالج بڑی محنت سے ایک دوا تجویز کرتا ہے اور اس نے خود باہر سے ادویات بھی منگوائی ہوئی ہیں۔ کیونکہ اکثر ایسے اعتراض پر جواب ملتا ہے کہ پوٹینسی درست نہیں ہو گی۔ یا دوا کسی مقامی دوا ساز ادارے نے تیار کی ہو گی۔ اتنا کچھ احتیاط کے طور پر کرنے کے بعد بھی مریض تندرست نہیں ہوتا۔ تو پھر کیا کیا جائے؟ اس کا آسان طریقہ خود دوا ساز ادارے ان معالجین کو بتا دیتے ہیں۔

جب سے پاکستان میں بروس کوپن کا فراڈ کمپیوٹر آیا ہے۔ اس نے اپنے کمپیوٹر میں بنائی جانے والی پوٹینسی جو کہ سرے سے بنتی ہی نہیں ہے پر پردہ ڈالنے کے لئے ایک نیا شوشہ چھوڑا ہے۔ انسان کے اندر ایک وائٹل انرجی ہوتی ہے۔ مریض میں وہ انرجی جتنی زیادہ ہو گی۔ اتنی ہی جلدی مریض صحت یاب ہو گا۔

بروس کوپن کے سامنے ایلوپیتھک کا حشر موجود تھا۔ اس لئے اس نے سب سے پہلے اپنے خریدار کے ذہن میں یہ بات بٹھا دی ہے کہ وائٹل انرجی بہت ضروری ہے۔ اس کے بغیر مریض بہت دیر سے صحت یاب ہو گا۔

ایلوپیتھک والے بھی ایسے ہی حربے استعمال کرتے ہیں۔ یہ سب فرار کی راہیں ہیں کیونکہ ان کے پاس کوئی قانون ہی نہیں ہے کوئی اصول ہی نہیں ہے۔

سب سے پہلی بات یہ ہے کہ ان کے پاس قانون شفا کیا ہے یہ کس قانون کے تحت کہتے ہیں کہ مریض صحت یاب ہو گیا ہے۔ اگر آپ کے پاس قانون ہے تو بتائیں یہ ہے وہ قانون جس کی رو سے ایک معالج کہتا ہے کہ مریض صحت یاب ہو گیا ہے۔



## بیماریاں کیسے پیدا ہوتی ہیں؟

اللہ تعالیٰ نے انسانی دماغ میں ہی علم و فن کے خزانے دفن کر رکھے ہیں۔ اسی دماغ سے انسان آج ترقی کی اس معراج تک پہنچا ہے۔ انسان نے تمام علوم و فنون اپنی سوچ سے اپنی ہی دماغ سے حاصل کئے ہیں۔ انسانی دماغ ایک طرف تو انسان کو علم و ہنر سے نوازتا ہے تو دوسری طرف انسان کا محاسبہ بھی کرتا جاتا ہے۔ انسان کی زندگی کیا ہے؟ انسانی عمل کا اس پر کیا اثر پڑتا ہے؟ اور ان اثرات کو کیسے دماغ انسانی بدن پر لاگو کرتا ہے؟

دراصل انسانی دماغ کے مختلف حصوں سے لہریں نکلتی ہیں۔ انسانی معیاری زندگی پر اس کے عمل ایسے اثرانداز ہوتے ہیں کہ جب کوئی شخص عمل کرتا ہے تو ان دماغی حصوں سے نکلنے والی لہروں میں خلل واقع ہوتا ہے۔ جس سے انسانی معیاری زندگی نہ صرف متاثر ہوتی ہے بلکہ اس کی جگہ ایک اور ہی زندگی سامنے آ جاتی ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک زندگی کے لئے ایک مخصوص پیکر تجویز کر رکھا ہے۔ لہٰذا وہ زندگی جو کہ انسان نے خود اپنے عمل سے اختیار کر لی ہوتی ہے وہ جب انسانی بدن پر تسلط چاہتی ہے تو بدن بیمار ہو جاتا ہے کیونکہ یہ بدن اس زندگی کے لئے نہیں بنایا گیا۔ آپ انسانی معیاری زندگی پر انسانی اعمال کے اثرات کے باب آئینہ اعمال اور پیکر زندگی میں تفصیل سے ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

مثال کے طور پر ایک شخص اپنے مفاد کے لئے سب کچھ کر گزرتا ہے۔ ایسا کرنا انسانی پیکر کو ملنے والی زندگی کے خلاف ہے۔ کیونکہ جس خالق نے انسان کو بنایا اس نے اس کا مقصد حیات بھی بتا دیا اور فرمایا کہ انسان کو اس لئے پیدا کیا گیا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ

کی حکومی اختیار کرے۔

ظاہر ہے کہ جو شخص اپنے مفاد کے لئے سب کچھ کر گزرتا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی اس زندگی کے خلاف ہے جو زندگی اللہ تعالیٰ نے اس انسانی پیکر کو دی ہے۔

انسانی معیاری زندگی جو کہ اس پیکر کو دی گئی ہے وہ ہے

720-718-716-714-712-710-708-706-704-702

انسان جب اللہ تعالیٰ کے اس مقصد کو نظرانداز کر دیتا ہے جو اس انسانی زندگی اور اس سے منسوب پیکر کو دیا گیا ہے اور اپنے مفاد کی خاطر سب کچھ کر گزرتا ہے۔ ایسے میں اس کی زندگی وہ نہیں رہتی جو اسے دی گئی تھی بلکہ ایک اور ہی زندگی سامنے آتی ہے۔ 703 - 702 - 701- پیکر زندگی میں اس زندگی کا پیکر ملاحظہ فرمائیں۔ یہ پیکر ہے بندر کی زندگی کا۔ جب یہ بندر کی زندگی انسانی پیکر پر تسلط چاہتی ہے جو کہ اس پیکر سے مطابقت نہیں رکھتی تو ایسے میں انسان مختلف قسم کی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ آپ ذرا اور آگے بڑھیں اور یہ دیکھیں کہ ایک شخص ایک ہی وقت میں مختلف قسم کے منفی کردار کا مالک ہے۔ ایسے میں وہ درحقیقت اتنی ہی زندگیوں کو انسانی پیکر میں لئے ہوئے ہوتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بدن کے مختلف حصے مختلف بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ وہ زندگیاں جو انسان نے خود تجویز کی ہوئی ہوتی ہیں وہ اب انسانی پیکر پر تسلط چاہتی ہیں۔ جہاں جس کسی کا قبضہ ہو گیا وہیں اس نے ڈیرا ڈال دیا۔ بدن چونکہ ایسی زندگیوں کے لئے نہیں بنایا گیا تھا لہٰذا ایسے میں بدن کا بیمار ہونا لازمی امر ہے۔

اس تمام عمل کے نتیجے میں انسانی دماغ انسانی عمل کو مختلف سیٹوں کی صورت میں اپنے اندر محفوظ کر لیتا ہے۔ جیسا کہ ہم نے اوپر کہا ہے کہ ایک شخص نے بیلاڈونا



کھائی ہی نہیں ہے تو پھر اس میں بیلاڈونا کی علامات کیوں پیدا ہو گئی ہیں؟

بیلاڈونا بھی ایک پودا ہے اور اس پودے کی بھی ایک زندگی ہے۔ انسان جب ایسے عمل کرتا ہے کہ اس کی زندگی حقیقی زندگی کو چھوڑ کر بیلاڈونا کی زندگی اپنا لیتا ہے تو ایسے میں انسانی دماغ میں بیلاڈونا کا سیٹ ترتیب پا جاتا ہے۔ جب وہ زندگی پیکر پر اپنا تسلط قائم کرنے لگے تو بیلاڈونا کی علامتیں ظاہر ہو جائیں گی۔

اس طریقہ علاج میں صرف یہ کہا جاتا ہے کہ انسانی دماغ میں بننے والی مصنوعی زندگی کے سیٹ کو تلاش کیا جاتا ہے اور پھر اس زندگی کے سیٹ کو نکالنے کے لئے اور معیاری انسانی زندگی واپس لانے کے لئے سیٹ فیڈ کئے جاتے ہیں تو مریض صحت یاب ہو جاتا ہے۔

قانون شفا یہ ہوا کہ جب تک مریض میں بیماری کا سیٹ موجود ہے مرض موجود ہے جب بیماری کا سیٹ ختم ہو گیا تو بیماری بھی ختم اور مریض شفایاب!

اس طریقہ علاج میں سال ہا سال تک ڈاکٹر یا معالج کے کلینک کے چکر لگانے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ گھنٹوں کا کام ہے۔

اس علاج کی ایک مثال۔ دماغ میں رسولی ایک بڑا ہی پریشان کن اور موت و حیات میں مبتلا کر دینے والا مرض ہے اور ڈاکٹر صاحب آپریشن سے پہلے مریض سے اس کی موت کے پروانے پر دستخط لے لیتے ہیں اور اس کے بعد وہی کچھ ہوتا ہے جس کے لئے انہوں نے پہلے تحریر لے لی تھی۔ مگر اس طریقہ علاج میں مریض کو پتا ہی نہیں چلتا وہ کرسی پر بیٹھا ساتھ والے مریضوں سے باتیں کر رہا ہوتا ہے اور معالج اپنے کام میں مصروف صرف دو گھنٹہ میں رسولی ختم۔ وہ رسولی اب ایک فاسد مادے میں پانی کی صورت

اختیار کر چکی ہوتی ہے جسے نکلنے کے لئے صرف دو دن کا وقت درکار ہوتا ہے۔ دو دنوں تک سر درد لگتا ہے باقی تمام علامتیں ختم ہو جاتی ہیں۔ دو دنوں کے بعد مریض اپنے سر کو گلاب کے پھول جیسا محسوس کرتا ہے۔

ایسا ہی پتھری' پستانوں میں گلٹیاں' دل کے لئے بائی پاس کے لئے آپریشن کے منتظر مریض صحت یاب ہوئے ہیں۔ صرف اتنا ہی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو یہ قدرت بھی دی ہے کہ وہ انسانی دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ کی مدد سے وہ اعضا جو اپریشن کر کے نکال دیئے گئے ہیں دوبارہ تخلیق کئے جا سکتے ہیں۔

اہل پاکستان کو خاص طور پر مسلمان ممالک کو اس طریقہ علاج کی طرف جلد از جلد آنا چاہئے۔ تاکہ ہم جانوروں کے ئے بنائی گئی ادویات سے جس قدر جلد ممکن ہو چھٹکارا حاصل کر سکیں۔

سید رفعت حبیب بخاری



# کتاب مستور

بلاشبہ تمہارے رب کی طرف سے حق بینی کے ذرائع پہنچ چکے ہیں۔ پس جو شخص دیکھ لے گا۔ وہ اپنا فائدہ کریگا اور جو شخص اندھا رہے گا وہ اپنا نقصان کرے گا اور میں تمہارا نگران نہیں ہوں 6/104

سورۃ الانعام آیت نمبر104

# انسانی دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ

انسانی زندگی کا انحصار دل کی حرکت میں ہے جب تک دل دھڑکتا ہے انسان زندہ رہتا ہے اور اسی کے بند ہوتے ہی نظام حیات رک جاتا ہے۔ انسان جو کچھ کرتا ہے اس کے نتائج اس کا دماغ ساتھ ساتھ مرتب کرتا چلا جاتا ہے مگر جب ایک انسان کسی مقام پر آ کر ایک عادت سی بن جائے اس وقت انسانی دماغ میں ایک باہم رابطہ وجود میں آ جاتا ہے۔ ایک رابطہ بن جاتا ہے۔ اس وقت پھر انسان بغیر سوچے سمجھے اپنی اس عادت کے مطابق کام کرتا چلا جاتا ہے۔ جیسے کہ ایک عام آدمی جو کہ پہلے کسی سے وعدہ خلافی نہیں کرتا پھر وہ کسی سے وعدہ کرتا ہے اور اسے پورا نہیں کرتا۔ ایک دو بار اسے ضرور شرمندگی محسوس ہو گی کہ اس نے وعدہ کر کے اسے نظرانداز کر دیا۔ مگر پھر اس کی رفتہ رفتہ ایک عادت بن جائے گی اور ایسی عادت بن جائے گی کہ جب وہ کسی کے ساتھ وعدہ کر رہا ہوتا ہے تو اس کے دل میں یہ ضرور ہوتا ہے کہ وعدہ کر لینے میں کیا حرج ہے کون سا پورا کرنا ہے۔ یہ وہ مقام ہوتا ہے جب انسانی دماغ کے مختلف حصوں میں ایک رابطہ بن چکا ہوتا ہے۔ جیسے جیسے انسان وعدہ خلافی کرتا جائے گا اس رابطہ میں مزید پختگی ہوتی جائے گی۔ اسی کو ہم نے دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ کا نام دیا ہے۔

انسانی بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو اسے جو معیاری زندگی دی جاتی ہے۔ اسی زندگی کو اللہ تعالیٰ نے ایک انسان کے لئے معیار مقرر کر دیا ہے۔ جو شخص اس معیاری زندگی کو برقرار رکھتا ہے۔ اسے اللہ تعالیٰ اپنا مقرب بناتے ہیں۔ اور جو اس معیار زندگی سے ہٹ



جاتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک رحمتوں سے دور ہو جاتا ہے۔ اسی کو صراط مستقیم کہا گیا ہے۔ اگر انسان صراط مستقیم پر چلتا رہے تو اس کی زندگی کا معیار بگڑنے نہیں پاتا۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایک انسان کہتا ہے کہ وہ صراط مستقیم پر عمل کرتا ہے اور دوسرے کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ وہ صراط مستقیم سے ہٹ گیا ہے۔ دیکھنے میں تو دونوں انسان ہی نظر آتے ہیں پھر کیسے پتا چلے کہ کون صراط مستقیم پر ہے اور کون اس سے ہٹ گیا ہے۔ کوئی تو خارجی پیمانہ ایسا ہونا چاہئے جس سے دیکھا جا سکے کہ ان دونوں میں کون اپنے قول میں سچا ہے۔ یہ کہہ دینا کہ آخرت میں سب کچھ سامنے آئیگا کون سچا تھا اور کون جھوٹا۔ اس وقت سامنے آنے سے کیا حاصل کیونکہ اس وقت عمل کرنے کا وقت تو گزر چکا ہو گا۔ وہ وقت تو اپنے اعمال کا نتیجہ بھگتنے کا دن ہو گا اس لئے مناسب ہے کہ انسان قدم قدم پر اپنا چہرہ آئینہ میں دیکھتا رہے۔ بہت مشکل کام ہے کیسے معلوم ہو۔ وہ آئینہ کہاں سے لائیں جس سے انسان کی شخصیت کو دیکھا جا سکے اور غلط راہوں پر چلتے ہی اسے روک کر سیدھی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔

اللہ تعالیٰ کے بارے میں جب تک درست تصور ہمارے سامنے نہیں آتا اس وقت تک ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ اللہ تعالیٰ کا تصور انسان کے ذہن میں پہلے موجود ہو۔ پھر اگلا قدم اٹھانا آسان ہو جاتا ہے۔

سب سے پہلے جو بات ہم اللہ تعالیٰ کے تصور کے متعلق کہنا چاہتے ہیں وہ یہ ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ کی ذات تمام بنی نوع انسان کے لئے ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ کوئی قوم یہ نہیں کہہ سکتی کہ اللہ تعالیٰ کی ذات صرف اس کی ہے اور کسی کی نہیں ہے۔ اسی طرح اس سے منسوب جو چیز بھی ہو گی وہ بھی سب انسانوں کے لئے برابر ہو گی اس میں

کسی قوم کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ چیز صرف اسی کی ہے۔

اللہ کا گھر سب کے لئے ہے۔ اس میں تمام لوگوں کو آنے کی اجازت ہے۔ اس کے بعد جو چیز یا جس چیز کی طرف اللہ تعالیٰ اشارہ کرے کہ اس کے پاس ہے۔ تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ انسان کی دسترس میں آ سکتی ہے۔ کیونکہ یہ تمام کائنات اللہ تعالیٰ کی ہے۔ ہم اگر اس میں سے کسی چیز کو لیتے ہیں اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ اس کے بعد وہ چیز اللہ تعالیٰ کی حق ملکیت سے باہر ہو گئی ہے۔ ہم جو خرچ کریں جو کچھ حاصل کریں جو کچھ گنوائیں سب کا سب اسی زمین پر رہتا ہے۔ اسی کائنات میں رہتا ہے۔ اس لئے وہ اللہ تعالیٰ ہی کا رہتا ہے۔ ہم اگر کچھ لیتے ہیں تو اس کا انسان نے اللہ تعالیٰ کو حساب دینا ہے کہ کہاں سے اور کیسے لیا تھا۔ کہاں پر اور کیسے خرچ کیا تھا۔ باقی سب مال اللہ ہی کا ہے۔

قرآن کریم میں ایک ہی بات کو دو طرح سے بیان کیا گیا ہے۔

ہمارے پاس ایک کتاب ہے جس میں ہر چھوٹی سے چھوٹی چیز سے لے کر ہر بڑی سے بڑی چیز تک مرقوم ہے۔

اسی کتاب کو لوح محفوظ بھی کہا گیا ہے۔

جملہ معترضہ یہ ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کے پاس کوئی کتاب ہے تو ہوا کرے ہمیں بتانے کی کیا ضرورت ہے ہم نے کون سا اس میں جھانک کر دیکھ لینا ہے کہ اس میں ہر ایک چیز درج ہے یا نہیں۔

اس کا مطلب ہے کہ ایسا نہیں ہے بلکہ انسان کو کوشش کرنا چاہئے کہ وہ کسی



طرح اس کتاب تک پہنچ جائے تاکہ اس میں درج اللہ تعالیٰ کی باتوں تک پہنچ سکیں۔ اور زندگی گزارنے کا طور طریقہ سیکھ سکیں۔

انسان کو اللہ تعالیٰ نے زمین کے خلاصہ سے پیدا کیا ہے۔ خود قرآن کریم کے الفاظ ہیں۔ اب ہم زمین کو دیکھتے ہیں۔ تو اس میں دو طرح کے خزانے ملتے ہیں۔ ایک وہ خزانے ہیں جنہیں ہم ڈال کر نکالتے ہیں۔ جیسے بیج ڈالتے ہیں اس کے بعد فصل کی صورت میں حاصل کر لیتے ہیں۔ جو کچھ ہم کاشت کریں گے وہی کچھ حاصل کریں گے۔ اسی طرح ایک وہ خزانے ہیں۔ جن کو ہم نہ تو کاشت کرتے ہیں اور نہ ہی ان کی فصل اگتی ہے۔ بلکہ وہ زیر زمین معدنی دولت کی صورت میں اللہ تعالیٰ نے رکھ دیئے ہیں۔ ان خزانوں کو نکالنے کے طریقے بھی الگ ہیں

اسی طرح ایک انسان اپنے دماغ میں جو کچھ ڈالتا ہے وہی وہاں سے حاصل کرتا ہے۔

**مثلاً** ایک شخص نے اپنے ذہن میں A کا حرف ہی نہیں ڈالا تو جب اس کے سامنے A کا حرف آئے گا تو وہ کبھی بھی اسے پہچان کر اسے A کے الفاظ میں نہیں بیان کر سکے گا گو وہ زبان سے A کہتا ہے مگر پہچان اسی وقت ہو گی جب وہ اسی حرف کو اپنے ذہن میں A کے حرف اور شکل کے ساتھ اپنے ذہن میں داخل نہیں کر لیتا۔ زبان سے گندم گندم کہنے سے گندم حاصل نہیں ہو سکتی جب تک اسے کاشت کر کے اس کا بیج نہ ڈالا جائے گا۔

اس کے برعکس دوسرے خزانے جو معدنی دولت کی صورت میں زیر زمین ہیں وہ بھی تو زمین ہی کا حصہ ہیں اور زمین کے اندر ہیں جب کہیں سے کوئی معدنی دولت

دریافت ہوتی ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ پہلے سے موجود تھی۔

اسی طرح ذہن انسان ہے۔ اس میں ہم جو کچھ تعلیم، مشاہدہ ڈالتے ہیں۔ اسی کی مناسبت سے ہم ذہن سے پھر حاصل کرتے ہیں۔

ایک زمانہ تھا کہ لوگ چشموں کی تلاش میں رہتے تھے۔ جہاں کہیں پانی کا چشمہ ہوتا وہاں پر آبادی وجود میں آجاتی۔ اور جب اس چشمے کا پانی خشک ہوتا وہ لوگ کہیں اور چشموں کی تلاش میں نکل کھڑے ہوتے۔ اس کے بعد پھر انسان کو یہ خیال آیا کہ یہ پانی جو چشمہ کی صورت میں بہہ نکلتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پانی زیر زمین موجود ہے۔ کیوں نہ ہم زمین کو کھود کر اس مقام تک پہنچ جائیں جہاں پر پانی موجود ہے۔ اس طرح پھر انہیں نقل مکانی کرنے کی بھی ضرورت نہیں رہے گی۔ اس سوچ نے پھر کنویں کھودنے کے عمل کو جاری کیا۔

یہ ایک چھوٹی سی سوچ کہ پانی زیرزمین موجود ہے۔ اُسے وہاں سے حاصل کیا جائے نے آہستہ آہستہ شہر بسانے شروع کئے۔ کیونکہ پانی کے بغیر زندگی کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ کسی شہر کے آباد کرنے میں پانی کی اہمیت کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ اسی سوچ نے ترقی کی اور ذہن میں مدفون خزانوں کو باہر لانے کی جدوجہد جاری ہوئی۔

وہ خزانے جو زمین سے کھود کر نکالے جاتے ہیں بغیر کھودے نہیں نکلتے بالکل اسی طرح اللہ تعالیٰ نے ذہن انسان میں ایسے ایسے علم رکھ دیئے ہیں جن کو ہم اگر ذہن انسانی سے حاصل کریں تو انسان چند سالوں میں اس فردوس گم گشتہ کو حاصل کرلے گا اور خود بھی معیار زندگی پر قائم رہ سکے گا۔ اور اگر کوئی یہ کہتا ہے کہ انسان کے ذہن میں کوئی ایسا علم کا خزانہ نہیں ہے جسے ہم ذہن سے نکالیں تو پھر ان سے پوچھنا چاہئے کہ انسان نے



اتنی ترقی جو حاصل کی۔ اس کے بارے میں اس نے کہاں سے علم حاصل کیا تھا۔ ہر نئی ایجاد اپنے ساتھ اس کا قانون اور اس کا نام لے کر آتی ہے۔ اس ایجاد سے پہلے نہ کوئی اس قانون کو جانتا تھا اور نہ اس کے نام کو۔ جتنی بھی چیزیں اب انسان کے تصرف میں ہیں کیا ان کے بنانے کے اصول اور قانون اور نام ان کی ایجادات سے پہلے موجود تھے۔ متفقہ جواب ہے کہ نہیں۔ پھر یہ قوانین یہ اصول انسان کو کس نے دیئے۔ ظاہر ہے ان انسانوں کو شبانہ روز محنت اور کوشش اور سوچ نے ذہن کے وہ دروازے کھول دیئے جہاں سے انہیں وہ علم حاصل ہوا تھا۔

اب موجودہ زمانہ ایسا آ رہا ہے کہ انسان اب کسی ایک شخص کے انتظار میں نہیں بیٹھ سکتا کہ وہ تلاش کرے کہ فلاں چیز کے بارے میں کیا قانون ہے۔ اب وقت ایسا آ رہا ہے کہ ہر ایک انسان کو بروقت سوچنا ہوگا کہ اس کے سامنے آنے والے مسائل کا حل کیا ہے۔

## انسانی دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ

1- انسان کے اعمال کا محاسبہ کرنا اور اس کی بننے والی عادت کے مطابق ایک سیٹ ترتیب دینا۔

2- انسان کی بدلتی ہوئی شخصیت کو بیماری کی صورت میں ظاہر کرنا۔ تاکہ انسان کو پتہ چلے کہ وہ اپنے معیار زندگی سے ہٹ گیا ہے۔

3- انسان کی شخصیت کو کسی بھی لمحہ ناپنے کے لئے۔

4- مرنے کے بعد انہی رابطہ سیٹ کے مطابق فیصلہ ہوگا۔ جسے اعمال نامہ کہا گیا ہے۔

ہم نے جیسا کہ اوپر کہا ہے کہ کوئی بھی چیز جب ایجاد ہوتی ہے تو اس کی ایجاد

سے پہلے نہ ہی اس کا نام ہوتا ہے اور نہ ہی قانون ہوتا ہے۔ جب ایک چیز معرض وجود میں آجاتی ہے تو اسکے ساتھ ہی اس کا نام اس کا قانون اور اصول سامنے آجاتے ہیں۔ بلکہ اصول اور قانون تک انسان کی پہلے رسائی ہوتی ہے اور پھر اس کے بروئے کار لانے سے انسان ایک نئی چیز بنا ڈالتا ہے جو اس سے قبل نہیں ہوتی۔

کیا انسان کے بس میں ہے کہ وہ ایک دماغ بنائے یا انسانی دماغ میں موجود وہ قانون حاصل کرلے جو اس کے اندر رکھے گئے ہیں۔ زندہ انسان کی صورت میں تو ایسا کرنا بالکل ناممکن ہے۔ کیونکہ انسانی دماغ ہر وقت مصروف رہتا ہے۔ مصروف سے ہم کیا حاصل کرسکتے ہیں اور موت کے بعد تو بالکل ناممکن ہو جاتا ہے۔ کیونکہ جس چیز نے انسان کا محاسبہ کرنا تھا وہ نکل چکی ہے اور اس کے نکلنے کے ساتھ ہی وہ تمام علوم بھی ختم ہو جاتے ہیں جو کہ اس میں دفن ہوتے ہیں۔

ان تمام باتوں کو سامنے رکھتے ہوئے ہم نے ایک مصنوعی دماغ بنایا ہے اور اس دماغ نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اس سے ہم وہ تمام علوم حاصل کرسکتے ہیں جو کہ انسانی دماغ میں رکھے گئے ہیں۔

یہ وہ کتاب ہے جو کہ ذہن انسانی کے اندر بند ہے۔ ایک نئے علم کی بنیاد۔ ایک ایسے علم کی بنیاد جس پر مستقبل کی دنیا کی بنیاد ہو گی۔ ہم اس سے ماضی کو ایسے اپنے سامنے دیکھ سکنے کے قابل ہو گئے ہیں۔ جیسے ماضی ایک بار پھر زندہ ہو گیا ہو - یہ تخلیق کائنات عدم سے وجود میں کائنات کو لانے اور وجود سے واصل عدم کر دینے تک کے قوانین آپ کو پل بھر میں حاصل ہو جائیں گے۔ کسی بھی واقعہ کی صداقت کسی بھی واقعہ کے ظہور پذیر ہونے سے پہلے اس کو جان لینا یہ سب کچھ ان میں شامل ہے۔



انسان جو اپنے موجودہ جسم پر اپنائیت کا حق رکھتا ہے۔ بعد از موت اس کے ساتھ کیا سلوک ہو گا۔ سب کچھ ہم ان انسانی دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ کی مدد سے دیکھ سکتے ہیں۔

ہم نے جو مصنوعی دماغ بنایا ہے اسے ہم نے کمپیوٹر کا نام دیا ہے۔ موجودہ صورت میں بے شک وہ ایک کمپیوٹر کی شکل میں نہیں لیکن دیگر ایجادات میں جیسے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان کی بناوٹ میں تبدیلی آتی رہی ہے۔ اسی طرح اس ایجاد کی موجودہ شکل میں بہت جلد تبدیلی آئے گی اور ایک بٹن دبانے پر وہ قوانین سامنے آجایا کریں گے۔

اس کمپیوٹر کی مدد سے آپ کسی بھی انسان کی اس بیماری کے حوالے سے اس کی شخصیت تک پہنچ سکیں گے۔ جیسا کہ ہم نے پہلے کہا ہے کہ انسانی بیماری اس چیز کا مظہر ہوتی ہے کہ اس شخص کی معیاری انسانی زندگی جو کہ اللہ تعالیٰ نے اسے پیدائش کے وقت دی تھی اس میں تبدیلی واقع ہو رہی ہوتی ہے اور اسی کے مطابق ایک دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ بن جاتا ہے۔

انسانی دماغ کے کل 19 حصے ہیں۔ ان 19 حصوں کا آپس میں جب انسان کے کسی اچھے یا برے عمل سے ایک مستقل رابطہ استوار ہو جاتا ہے تو پھر وہ عادت انسان میں پختہ ہو جاتی ہے۔

ان 19 حصوں کی ترتیب ہم نے جو کمپیوٹر بنانے میں رکھی ہے۔ اسے ہم نے کمپیوٹر کی زبان بنانے کے لئے 701 سے لے کر 720 تک رکھا ہے۔ اگر اس کی یہ ترتیب خراب کر دی جائے گی تو پھر یوں سمجھیں کہ جیسے ہم نے اصل انسانی دماغ کو تبدیل کر دیا ہو۔ یا اس کا دایاں حصہ بائیں طرف رکھ دیا ہے اور بائیں طرف والا دائیں طرف۔ گویا

ہر چیز الٹ جائے گی۔ اسے ہم نے جیسے ترتیب دیا ہے اس کو ہم کمپیوٹر کی زبان کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔

701 - OPTICNERVE

702 - PINEAL GLAND

703 - CORPUS CALLOSUM

704 - CEREBELLUM

705 - CENTRAL SULCUS

706 - CEREBRUM FRONTAL LOBE

707 - CHOROID PLEXUS

708 - DURAMATER AND ARACHOID

709 - FORNIX

710 - MEDULLA OBLONGATA

711 - OCCIPITAL LOBE

712 PONS

713 - PIA MATER

714 - SUPERIOR FRONTAL GYRUS

715 - SKULL

716 - SUB ARACHOID SPACE

717- TEMPORAL LOBE

718- THALAMAS



719 - THIRD VENTRICLE

720 - PITUITARY GLAND

ہم نے اس میں 715 SKULL احتیاطاً" شامل کیا تھا تاکہ اس کھوپڑی کو بھی شامل کر لیتے ہیں جس میں دماغ رکھا گیا ہے۔ بعد میں جب تجربات ہوئے تو پھر یہ ثابت ہوا کہ 715 بھی لازم ہے۔ اس کے بغیر سیٹ نامکمل رہتے ہیں۔ اس لئے ان کی تعداد 19 سے بڑھ کر 20 ہو گئی۔

ہم انسانی دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ پیش کریں گے تو اس وقت ہم صرف کمپیوٹر کی زبان ہی درج کریں گے۔ دماغ کے مختلف حصوں کے نام نہیں لکھیں گے۔ اس کی وجہ آپ کو کتاب میں پھیلے ہوئے مواد سے صاف طور پر مل جائے گی۔

انسانی زندگی جو کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو دی ہے اس میں صرف وہ زندگی معیار دی گئی ہے جو کہ مرد کو زندگی ملی۔ عورت کی زندگی کو انسانی زندگی کا معیار مقرر نہیں کیا گیا ہے۔

بلکہ عورت کو بھی حدود النساء میں رہتے ہوئے مرد کی زندگی کو اپنے اندر جذب کرنے کے لئے کہا گیا ہے۔ ایک مرد کی وہ زندگی جو اس کی جوانی کے وقت ہوتی ہے۔

702-704-706-708-710-712-714-716-718-719-720

ایک جوان لڑکی کی زندگی

701-703-705-707-709-711-713-715-717

انسان کو جو زندگی دی گئی ہے۔ اس کو ہم نے مختلف عیوب کے حوالے سے دیکھا کہ جب

کوئی انسان کسی ایک عیب کا مرتکب ہوتا ہے اس کے اس معیار میں کیا فرق آتا ہے جو اللہ تعالیٰ نے پیدائش کے وقت اسے دیا ہے۔ اس طرح ہم نے مرد اور عورت کو الگ الگ دیکھنے کی کوشش نہیں کی ہے۔ اس سے یہ بات سامنے آئی کہ پہلے تو مرد کی زندگی ہے جو علامتیں ختم ہوتی ہیں۔ ان علامتوں کی جگہ عورت کی زندگی کی علامتیں داخل ہو کر اس کی زندگی کو متوازن بنانے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ اس کی زندگی کی حرارت یا توانائی برابر رہے اور انسان چلنے پھرنے کے قابل رہے۔

703-701 ابلیس کا سیٹ ہے۔ یہ سیٹ اگر مجسم صورت میں ہو تو وہ خنزیر کا سیٹ ہے۔ گویا ابلیس کی مجسم صورت خنزیر کی شکل میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔

خود انسان جب اپنے اعمال کے نتیجے میں انسانی معیاری زندگی سے گرتا ہوا 703-701 پر پہنچ جاتا ہے تو دیکھنے میں وہ انسانی صورت لئے ہوئے ہوتا ہے لیکن دراصل وہ انسانی پیکر میں خنزیر کی زندگی لئے ہوتا ہے۔

آپ آئینہ اعمال میں دیکھیں گے کہ 703-701 تک پہنچنے کے لئے انسان صرف ایک ہی قدم اٹھاتا ہے۔ مثال آپ کے سامنے ہے۔

جب ابلیس کو اللہ تعالیٰ نے ابلیس کے نام سے پکارا اس وقت اس نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے سرکشی اختیار کی تھی۔ گویا جو کوئی بھی اللہ تعالیٰ کے کسی حکم سے سرکشی اختیار کرتا ہے اور اپنے آپ کو حق پر اور سچا ثابت کرنے کے لئے دلائل دینا شروع کر دے۔ اس وقت وہ انسانی زندگی سے نکل جاتا ہے اور اس زندگی کا حامل ہو جاتا ہے جو ان خیالات اور اس کردار کے مطابق اللہ تعالیٰ نے مقرر کر رکھی ہے۔ ہر زندگی کے لئے اللہ تعالیٰ کے ہاں الگ الگ پیکر ہیں۔ انسان جس قسم کی زندگی منتخب کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس



کے مرنے کے بعد لمحہ بھر بھی دیر نہیں کرتا اور اسے اس کی زندگی کے مطابق نیا پیکر دے کر اسی دنیا میں دوبارہ بھیج دیتا ہے۔

اور ارشاد ہوتا ہے۔

تم نے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو دنیا میں جی بھر کے برت لیا ہے۔ اب تم جہنم میں پڑے ہو۔ جب تک یہ زمین و آسمان باقی ہیں۔

انسان اپنی حیات اولیٰ میں جتنی زندگیاں منتخب کرتا ہے۔ مرنے کے بعد اسے اتنی ہی زندگیوں کے پیکر دے کر اسی دنیا میں بھیجتا رہتا ہے۔

اس کے برعکس جنتی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی انسانی زندگی کے معیار کو گرنے نہیں دیا ہوتا وہ بھی مرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک نئی زندگی لے کر جنم لیتے ہیں۔ اور انسانی زندگی کے معیار پر پورا اترنے کے بعد وہ ایک اس سے اونچے معیار زندگی کے حامل قرار پاتے ہیں۔ صراط مستقیم والے آگے ہی آگے نکلتے جاتے ہیں۔

اور راہ گم کردہ۔ اسی زمین پر نت نئے پیکر لے کر آتے رہتے ہیں۔ ایک موت کا مزہ چکھتے ہیں تو دوسری موت ان کے سامنے موجود ہوتی ہے۔

جہنم کیا ہے؟ والضالین۔ بھٹکے ہوئے۔ جو کبھی بھی اپنی منزل تک نہ پہنچ سکیں گے۔ انسان اگر بھٹک جائے تو راہیں بدلتا ہے۔ یہ سوچتے ہوئے شاید نئی راہ اسے منزل تک پہنچا دے۔ مگر بھٹکی ہوئی زندگی پیکر بدلتی ہے۔ کبھی ایک پیکر میں۔ اس پیکر کی موت کے بعد ایک دوسرے پیکر میں۔ اس زندگی کے مطابق جو اس نے پسند کی تھی۔

جہنمی کے لئے اللہ تعالیٰ نے ارشاد کیا ہے۔

"جب اہل جہنم کو اس میں ڈالا جائے گا تو وہ کہیں گے۔
اے کاش پہلی موت ہی ہمارا کام تمام کر چکی ہوتی۔ اللہ تعالیٰ کہے
گا اب ایک نہیں کئی موتیں مانگو"۔

انسان قدم قدم پر زندگی کے معیار کو تبدیل کرتا رہتا ہے۔ لیکن اسے خبر تک نہیں ہوتی۔ وہ اسے اپنی عقل مندی' ہوشیاری قرار دیتا ہے۔ درحقیقت وہ اپنے مرنے کے بعد کی زندگی منتخب کر رہا ہوتا ہے۔ ایک ایسی زندگی جس سے اسے خود نفرت ہو گی۔ لیکن اس زندگی میں وہ اسے پسند کر رہا ہے کیونکہ فی الوقت اسے معلوم نہیں ہے کہ ہر عمل کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے ایک پیکر تجویز کر رکھا ہے۔

اس بات کا علم اسے اس وقت ہو گا جب اس کی آنکھیں بند ہونگی اور اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں پر پڑا ہوا پردہ اٹھا دے گا۔

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے اپنے علم سے ایک کرن عطا فرما کر ہمیں زندگی اور اس کے معیار سے روشناس کر دیا ہے۔

انسان کو چاہئے کہ وہ اس آئینہ میں اپنی زندگی کا رخ دیکھتا رہے۔ کہیں ہم انجانے میں وہ عمل نہ کر بیٹھیں جس سے انسان انسانیت سے نکل جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے دور کر دیا جاتا ہے۔ انسان کی پیدائش جس پیکر میں ہوتی ہے یہ پیکر انسانی معیاری زندگی کا پیکر ہے۔

انسانی زندگی میں جب انسان اپنے عمل' ۔ اپنے رویوں' اپنی سوچوں' اپنے تعلقات عامہ' یا تعلقات خاصہ کو سامنے رکھتے ہوئے تبدیلی پیدا کرتا ہے تو اس کے اس



عمل سے اس کے دماغی حصوں میں باہمی رابطہ پیدا ہو جاتا ہے۔ جس سے ایک سیٹ ترتیب پا جاتا ہے۔ جب اس سیٹ سے نکلنے والی مشترکہ لہریں انسانی بدن پر اثر انداز ہوتی ہے تو اس وقت انسانی بدن میں تبدیلی واقع ہوتی ہے۔ چونکہ انسانی بدن تو تبدیل نہیں ہو سکتا لہٰذا اس کے اثرات بیماری کی صورت میں اور دیگر معاشرتی مسائل کی صورت میں سامنے آتے ہیں۔

آج اگر ہر ایک شخص دوسرے کے خون کا پیاسا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم انسانی زندگی کے معیار سے بہت دور چلے گئے ہیں۔ جب تمام انسانوں کے معیاری سیٹ ہوتے ہیں تو اس کی طرف اللہ تعالیٰ ارشاد کرتا ہوا کہتا ہے۔

اے نبی۔ ہم نے مومنین کے دلوں میں جو الفت ڈال دی ہے۔ وہ الفت تم کبھی نہ ڈال سکتے خواہ ایسا کرنے کے لئے تم ساری دنیا کی دولت خرچ کر ڈالتے۔

انسانی دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ' انسانی سوچوں اور ان سے سامنے آنے والے اعمال کے نتیجہ میں بنتے ہیں۔ اگر کسی وقت انسانی دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ میں کوئی منفی خیال آ جاتا ہے تو ایک مومن اسی وقت اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتا ہے اور عرض کرتا ہے۔

اے میرے رب میری اس غلطی کو معاف فرما دے۔ تو جانتا ہے کہ یہ کام میرا نہیں ہو سکتا۔ یقیناً" ابلیس انسان کا کھلا دشمن ہے۔

اس طرح وہ سیٹ اللہ تعالیٰ نے انسانی ذہن سے مٹا کر اس کی حفاظت فرما لیتا ہے۔ توبہ کا مفہوم ہی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کیا جائے تاکہ وہ انسانی ذہن میں

بننے والے سیٹ ختم کر کے اپنے بندہ کی حفاظت کرے۔

آج اگر ہم ماضی میں جھانک کر قرون اولیٰ کے مومنین کی باتیں کرتے ہیں۔ خود اللہ تعالیٰ گواہی دیتا ہے کہ

اے محمدؐ۔ تم اور تمہارے ساتھی آپس میں بڑے رحمت کرنے والے۔ (شیر و شکر) ہیں۔ لیکن دشمن کے لئے بڑے ہی سخت گیر۔

اس کی اصل وجہ یہ تھی کہ ان سب کی زندگی انسانی معیاری زندگی تھی اور اسی زندگی کا خاصہ ہے کہ وہ اپنی ذات کی نفی کرتی ہے اور دوسروں کو اپنی ذات پر ترجیح دیتی ہے اگر ہر انسان اپنا یہی اصول بنا لے تو اس طرح انسانی زندگی کی طرف واپسی ممکن ہے۔

مفاد کی جنگ انسان کو اس کی معیاری زندگی سے بہت دور پھینک دیتی ہے۔ آج کی دنیا کیوں جہنم بن چکی ہے کیونکہ اس کا اصول ہی مفاد پرستی ہے۔

ایک فرد ہو یا ایک معاشرہ' ایک ملک ہو یا پوری دنیا کے لوگ۔ ہر ایک صرف اسی اصول پر زندہ رہنے اور کامیابی کے جھنڈے گاڑھنے کی کوشش میں ہے کہ

اپنے مفاد کے لئے اسے خواہ دوسرے کا خون بھی کرنا پڑے تو اس سے گریز نہیں کرتا۔ اس میں خواندہ و ناخواندہ کی کوئی تمیز نہیں ہے۔ اس میں مہذب یا غیر مہذب ہونے کی کوئی قید نہیں ہے۔ کوئی جتنا کسی کو نقصان دے کر اپنا مفاد حاصل کرتا ہے۔ وہ اتنا ہی بڑا عقل مند تصور کیا جاتا ہے۔ مگر وہ یہ نہیں جانتا کہ وہ اتنا بڑا گھاٹے کا سودا کرتا ہے کہ وہ اپنی ساٹھ ستر سالہ زندگی کو پروقار' پرکشش' پرآسائش' بارعب' بارسوخ بنانے کے لئے اس زندگی کو داؤ پر لگائے ہوئے ہے جس کی انتہا صرف اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ اللہ



تعالیٰ ہی کے ارشاد کے مطابق

جہنمی اس وقت تک جہنم میں رہیں گے جب تک یہ زمین و آسمان ہیں۔

اس سے یہ بھی ثابت ہو جاتا ہے کہ انسان کا حساب دم نکلتے ہی کر دیا جاتا ہے۔

ادھر دم نکلا ادھر وہی انسان جو دوسرے کے حق مارتا تھا۔ اور پھر اپنے آپ کو نیک و صالح ثابت کرنے کے لئے خیرات بھی کر دیتا تھا۔ اگلے ہی لمحے بھسو بنا دیا جائے گا۔

ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ انسانی بدن جو انسان لے کر آتا ہے اس میں تبدیلی واقع نہیں ہو گی اور اسی بدن کے ساتھ جہنم میں ڈالا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ کے ہاں مادہ کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ اس کے ہاں زندگی معیار ہے۔ سزا اور جزا زندگی کی ہے۔ موجودہ زندگی اس نے دی اس پیکر کو جو اس زندگی کے لئے مناسب تھا۔ اس کے بعد تو انسان نے خود تجویز کرنا ہے کہ اسے یہی پیکر زندگی منظور ہے یا دوسری زندگی اور اس سے منسوب پیکر۔ موجودہ انسانی بدن کو کبھی بھی دوزخ میں نہیں ڈالا جائے گا۔ دوزخ میں زندگی جائے گی اور وہ زندگی جائے گی جسے تم نے خود منتخب کیا ہو گا۔ اس زندگی اور اس زندگی سے منسوب پیکر کو ٹھکرا کر جو اللہ تعالیٰ نے پیدائش کے وقت انسان کو دیا ہوا ہے۔

دنیا میں کم و بیش جتنی بھی ایجادات ہوئی انہوں نے اس ایجاد کو اپنے نام سے منسوب کر لیا۔ ان کا حق بھی بنتا ہے۔ اسی طرح ہم نے بھی اس کمپیوٹر کو اپنے نام سے منسوب کیا اور اس کو اپنے نام کے پہلے حروف کے ساتھ +B لگا دیا۔ یعنی

سید رفعت حبیب بخاری +B یعنی BRAIN

اس طرح اس کا اردو میں نام بن گیا۔ سید رفعت حبیب بخاری + دماغ

اس کے استعمال کرانے کے دو طریقے ہیں

1- علاج کے لئے

2- تحقیق کے لئے

اگر اس کو علاج اور تشخیص کے لئے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ تو اس کیلئے طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے آپ پروگرام کارڈ بنائیں۔

## پروگرام کارڈ یا ڈسک بنانے کا طریقہ

اگر تشخیص کے لئے بنانا ہو تو اس طرح تحریر لکھیں۔ انسان بدنی بیماریوں کی تشخیص کے لئے

ایک سفید کاغذ پر صاف صاف حروف میں دنیا کی کسی بھی زبان میں آپ لکھ سکتے ہیں اسے کپ اے یا اس کے متبادل جو پلیٹ اے ہو تو اس پر رکھ دیں۔ اگر کپ کے اندر رکھنے جا رہے ہیں تو پھر کاغذ کو کپ کی دیوار سے اس طرح لگائیں کہ تحریر آپ پڑھ سکیں۔ کپ کے پیندے میں یعنی کپ کے درمیان میں یا کاغذ الٹ مت رکھیں۔

ایک ڈسک یا کارڈ پہلے ڈی کوڈ کریں پھر اس پر مندرجہ بالا تحریر کوڈ کریں۔

اس پروگرام کارڈ کو اب نکال کر کپ میں اس طرح رکھیں کہ ڈسک یا کارڈ کا سامنے کا حصہ یا سامنے کی طرف کپ کی دیوار کی طرف ہو۔ اور ڈسک کو بالکل دیوار کے



ساتھ رکھیں۔ اب ایک اور کارڈ یا ڈسک لیں اور اسے پہلے ڈی کوڈ کریں اور اس کے بعد مریض کا ہاتھ کپ میں رکھ دیا جائے۔ آپ کے دائیں ہاتھ میں پنڈولم ہو اور پنڈولم پلیٹ فارم سے تقریباً" ڈیڑھ انچ اوپر پنڈولم کی دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اور انگوٹھے میں دھاگہ پکڑ کر اسے معلق کر دیں۔ اپنے ہاتھ کو بالکل جنبش نہ دیں۔ آپکا ہاتھ بالکل ساکت ہونا چاہئے۔ پندرہ بیس سیکنڈ کے بعد پنڈولم متحرک ہو جائے گا۔ پہلے ایک طرف پھر دوسری طرف۔ جب وہ کسی خاص سمت میں اپنی گردش شروع کر دے تو آپ اس کی گردش کو نوٹ کرتے جائیں۔

اس کی گردش اگر گھڑی کی چال کے مطابق ہو تو ایسے میں جواب ہاں میں ہو گا اور اگر گھڑی کی چال کے الٹ ہو تو ایسے میں جواب منفی ہو گا۔ اس طرح جو مثبت ہوں انہیں لکھتے بھی جائیں اور ساتھ کے ساتھ اسے کوڈ بھی کرتے جائیں۔ 701 تا 720 ہر ایک کو بڑی تسلی سے چیک کریں۔ جو نمبر آپ کے مثبت ہوتے ہیں۔ یہ سیٹ جو آپ کا بنے گا یہ سیٹ تشخیص کے لئے ہے۔ اب علاج کے لئے سیٹ دریافت کرنا۔ بہت آسان ہو گیا ہے۔

جو سیٹ تشخیص کے لئے دریافت کئے جائیں انہیں ہم روشیدہ انسانی دماغ لاسلکی رابطہ سیٹ کہتے ہیں۔ اسی کے اندر علاج والا سیٹ موجود ہوتا ہے وہ چونکہ نظر نہیں آ رہا ہوتا۔ اسی نسبت سے اسے ہم پوشیدہ سیٹ کہتے ہیں۔

مثال کے طور پر آپ نے ایک سیٹ مندرجہ ذیل دریافت کیا ہے۔

703 -706 -707 -709 -710 -713 -714 -715 -716 -720

تمام نمبر 701 تا 720 ہیں۔ ان میں رہ جانے والے نمبر جب آپ لکھیں گے تو وہ پوشیدہ

سیٹ بن جائے گا۔ آپ دیکھیں اوپر والے سیٹ میں یہ نہیں ہیں۔

701 -702 -704 -705 -708 -711 -712 -717 -718 -719

یہ سیٹ وہ ہے جو کہ انسانی بیماری کو صحت دینے کے لئے ہے۔ سب سے پہلے مریض کو روشیدہ سیٹ فیڈ کریں۔ یہ سیٹ پانچ سے دس منٹ کے اندر اندر ختم ہو جائے گا۔ اس کے بعد پوشیدہ سیٹ مریض کو فیڈ کریں۔

ایک طریقہ تو یہ ہے کہ مریض کے دونوں ہاتھ کمپیوٹر کے دونوں کپ میں رکھ دیئے جائیں اور کارڈ جو کہ آپ نے سیٹ دریافت کیا ہے اس کا کارڈ والی جگہ پر لگا دیں۔

یا اس کارڈ کو نصف گلاس پانی میں پانچ تا سات سیکنڈ تک رکھیں اور وہ پانی مریض کو پلا دیں اسی طرح پوشیدہ سیٹ کو کارڈ پر کوڈ کریں اور چاہے کمپیوٹر سے براہ راست ہاتھ رکھ کر فیڈ کریں یا کارڈ کو پانی میں ڈال کر وہ پانی پلائیں۔ اگر مریض کو براہ راست فیڈ کرنے کے دو اڑھائی گھنٹہ کے بعد دوبارہ چیک کریں گے تو بیماری ختم ہو چکی ہو گی۔ اس کی پہچان یہ ہے کہ جو روشیدہ سیٹ تھا وہ غائب ہو چکا ہو گا اور اس کی جگہ پوشیدہ سیٹ لے لے گا۔ جب ایک پوشیدہ سیٹ روشیدہ سیٹ کی جگہ لیتا ہے تو پھر وہ پوشیدہ نہیں رہتا بلکہ روشیدہ بن جاتا ہے۔

اگر آپ کوئی سیٹ تلاش کرنے سے پہلے یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ مریض میں فلاں بیماری ہے یا نہیں ہے تو پھر تشخیصی کارڈ کمپیوٹر میں رکھ کر ناب کو 701 پر رکھیں اور مریض کا ہاتھ دائیں کپ میں رکھ کر آپ اس مرض کا نام کسی بھی زبان میں لکھ کر اسی کپ میں اسی طرح رکھیں بلکہ اس کی پشت دیوار کی طرف ہو۔ اب پنڈولم سے چیک کریں۔ اگر مثبت گردش ہے تو اس کا مطلب ہے کہ بیماری موجود اور اگر منفی ہے تو



بیماری نہیں ہے اور اگر مثبت ہے تو پھر UF یا OF ناب کو گھما کر دیکھا جا سکتا ہے کہ بیماری کتنے فی صد ہے۔

ہمارے تجربہ میں جو بات آئی ہے وہ یہ ہے کہ بلڈ پریشر اور شوگر ہر انسان میں اس کی بدنی ضرورت کے مطابق ہوتی ہے۔ اگر ہم اپنی مرضی سے اسے کم و بیش کریں گے تو اس سے بیماری پیدا ہوتی ہے۔ ایلوپیتھک ڈاکٹروں کے پاس جو آلہ بلڈ پریشر چیک کرنے کے لئے ہے وہ صرف اتنا بتا دیتا ہے زیادہ سے زیادہ مریض میں کتنا دباؤ ہے اور کم سے کم کتنا وہ آلہ یہ بالکل بتائے گا نہیں کہ جس مریض کا بلڈ پریشر چیک کیا گیا ہے اس میں زیادہ ہے یا کم ہے۔ اس کا یقین ڈاکٹر خود کرتا ہے۔ اور یہی سب سے بڑی غلطی ہے۔ دیکھنے میں آیا ہے ایک مریض کا بلڈ پریشر 95 اور 70 ہے۔ ڈاکٹر صاحب اسے پست فشار خون کا مریض قرار دے چکے ہیں۔ مریض ان کی ہدایت کے مطابق ادویات لیتا ہے تو اس کی حالت مزید بگڑ جاتی ہے اور ڈاکٹر صاحب فرماتے ہیں بلڈ پریشر اب پورا ہے۔ اس مریض کا نہ پہلے بلڈ پریشر درست تھا اور نہ دوا استعمال کرنے کے بعد درست ہوا۔ وہ مریض پہلے بھی بلند فشار خون کا شکار تھا جس پر ڈاکٹر صاحب کی تجویز شدہ ادویات نے مزید نمک پاشی کی۔ ایسی ہی صورت حال شوگر کے مریض سے ہوتی ہے۔ جس مریض کو زیادہ شوگر کی ضرورت ہوتی ہے اور اسے بظاہر کوئی تکلیف بھی نہیں ہوتی اس کی شوگر جب ڈاکٹر صاحب چیک کرتے ہیں تو زیادہ دیکھ کر اسے کنٹرول کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو ایسے میں اچھا بھلا تندرست آدمی مریض بن جاتا ہے۔

SRH + B2 کمپیوٹر مریض کی بدنی ضرورت کے مطابق بلڈ پریشر اور شوگر کی تشخیص کرتا ہے۔ اگر بلڈ پریشر کم و بیش ہو گا تو فوراً بتا دے گا اور اس کا جواب صرف اتنا

ہی ہوگا زیادہ۔ کم۔ یا نارمل۔ سے آگے کچھ نہیں۔

SRH + B2 کمپیوٹر انسانی دماغ میں بننے والی لاسلکی سیٹ کو توڑ کر اس کی جگہ صحت کے سیٹ قائم کر دیتا ہے۔ جس سے بیماری فوری طور پر ختم ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ ہم نے پہلے کہا ہے کہ بیماری انسانی اعمال کا نتیجہ ہوتی ہے۔ اس لئے مریض پر یہ بھی لازم ہے کہ وہ علاج کروانے کے ساتھ ساتھ اپنے آپ کا محاسبہ کرے اور اپنے آپ میں تبدیلی پیدا کرے۔ بصورت دیگر وہ دوبارہ پھر اسی بیماری کا شکار ہو جائے گا۔

SRH + B کمپیوٹر سے آپ دور بیٹھے ہوئے مریض یعنی غیر حاضر مریض کی تشخیص اور علاج بھی اسی طرح کر سکتے ہیں جیسے وہ حاضر ہو اور آپ اس کی تشخیص کریں۔

غیر حاضر مریض کا علاج کرنے کے لئے سب سے پہلے پروگرام کارڈ بنائیں۔

## غیر حاضر مریض کا علاج (ON AIR) کرنے کے لئے سیٹ

(702 - 704 - 705 - 706 - 707 - 709)

غیر حاضر مریض کا علاج بذریعہ بال - خون - دستخط - تحریر - نام اور مکمل پتہ۔ مریض کے کپڑے۔ انگلیوں کے نشانات سے کرنے کے لئے اس کا سیٹ ہم آپ کو دے دیتے ہیں۔

مندرجہ بالا تحریر کے ہمراہ وہ سیٹ بھی کوڈ کریں اور پھر مریض کو جو بھی چیز تشخیص کے لئے دستیاب ہو۔ اسے کپ میں رکھ کر کم از کم تین منٹ انتظار کرنے کے بعد اس کی تشخیص شروع کریں۔ اس طرح جو سیٹ آپ کو حاصل ہو گا وہ پوشیدہ سیٹ ہو گا۔ اس پوشیدہ سیٹ میں سے روشیدہ سیٹ نکال کر اسے پہلے ایک دوسرے کارڈ پر کوڈ کریں اور



مندرجہ بالا تحریر کے ساتھ مریض کا نمونہ اور غیر حاضر مریض کا علاج کرنے والا سیٹ بھی کوڈ کریں اور اس کارڈ کو کمپیوٹر میں لگا دیں اور پنڈولم سے چیک کریں۔ زیادہ سے زیادہ نصف منٹ کے بعد پنڈولم بتا دے گا کہ آپ کی تشخیص مریض تک پہنچ چکی ہے۔ جب یہ سیٹ مکمل طور پر منفی ہو جائے تو اس کے بعد وہ سیٹ معہ اوپر کی تحریر اور غیر حاضر مریض کے علاج کا سیٹ مریض کو فیڈ کریں۔ بذریعہ کمپیوٹر جو سیٹ آپ نے شروع میں دریافت کیا ہے جسے ہم نے کہا ہے کہ وہ پوشیدہ سیٹ ہے۔

حاضر مریض کی تشخیص کے لئے کسی پروگرام کارڈ کی ضرورت نہیں ہے۔ اسے آپ براہ راست اس کے ہاتھ سے چیک کر سکتے ہیں۔ اگر اس کی کسی بیماری کے متعلق شک ہو تو اس بیماری کا نام لکھ کر کپ میں ہاتھ کے ساتھ ہی رکھ کر ناب کو 701 پر کر کے چیک کریں۔ اگر مثبت ہے تو بیماری ہے اور اگر منفی ہے تو نہیں ہے۔

اس کے علاوہ آپ جو کچھ بھی معلومات لینا چاہتے ہیں اس کے لئے پہلے کارڈ بنانا پڑے گا اور اس کارڈ کو کمپیوٹر میں رکھ کر سیٹ بناتے ہیں۔ **مثلاً** اگر آپ نے کسی آیت کی قرآن کریم سے راہنمائی حاصل کرنا ہے تو اس کے لئے کارڈ ایسے بنے گا۔ "قرآن مجید سے علم حاصل کرنے کے لئے"۔ اس تحریر کو کوڈ کریں اور کمپیوٹر میں رکھ دیں اس کے بعد وہ آیت جو آپ کو سمجھنا ہے اسے کپ میں رکھ دیں اور بڑی تسلی اور آرام کے ساتھ سیٹ دریافت کریں۔

قرآن مجید انسان کو ایک منزہ زندگی گزارنے کے قابل تعلیم دیتا ہے۔ جبکہ ابلیس اس کے خلاف زندگی گزارنے پر آمادہ کرتا ہے۔ یہی قرآن کریم کی پوری تعلیم کا حاصل ہے۔

جب آپ قرآن کریم سے راہنمائی کے سیٹ حاصل کریں گے تو اس میں زندگی کے مدوجزر کا سیٹ آپ کو ملے گا۔ عذاب کا سیٹ ملے گا۔ اب اس عذاب کے سیٹ کے ساتھ ہی باری باری چیک کریں۔ نباتاتی زندگی۔ حیواناتی زندگی' آبی زندگی' حشراتی زندگی' موسمی فصلوں کی زندگی' تو آپ جس پر پنڈولم کو مثبت پائیں گے اس آیت کا وہی جواب ہے۔ مثلاً" ایک سیٹ دریافت ہوا کسی آیت کے حوالے سے۔

701- 702- 703

اب اس سیٹ کو کوڈ کر کے اس کے ساتھ دوسرے کارڈ جو کہ آپ نے پہلے ہی بنائے ہوئے ہوں۔ انہیں چیک کریں۔ اگر کارڈ نہیں بنائے تو ویسے ہی لکھ کر کپ میں رکھیں اور چیک کرتے جائیں۔

حیواناتی زندگی لکھیں اور کپ میں رکھیں۔ جواب ہو گا ہاں۔ یعنی مثبت

اب آپ حیوانی زندگی میں دیکھیں کہ یہ کوڈ کس حیوان کا ہے۔ آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ یہ کوڈ بندر کا ہے۔ قرآن کریم میں عذاب کے لئے بہت مختلف الفاظ استعمال ہوئے۔ ان مختلف الفاظ کے پس منظر میں عذاب کی صورتیں بھی مختلف ہیں۔ جن کو آپ اسی طریقہ سے جان سکتے ہیں۔

اگر آپ ماضی میں جھانک کر دیکھنا چاہتے ہیں اور وہ بھی کسی خاص قوم یا علاقے کے بارے میں تو پھر اس خاص علاقے یا قوم کا پروگرام کارڈ بنائیں۔

آپ جو بھی جاننا چاہتے ہیں اس کے ساتھ علم حاصل کرنے کے لئے کا اضافہ ضرور کریں۔ مثلاً"

تاریخ انسانی کے متعلق آپ جاننا چاہتے ہیں تو پھر یوں لکھیں۔

تاریخ انسانی سے متعلق علم حاصل کرنے کے لئے۔

اندلس موجودہ اسپین کی تاریخی حیثیت کے بارے میں علم حاصل کرنے کے لئے۔

ان سب میں آپ کو جو سیٹ ملیں گے۔ ان کو آپ بھی خود سمجھنے کی کوشش کریں۔ اگر آپ کسی آنے والے حالات کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں تو پھر ایسے کارڈ بنائیں۔

مستقبل میں پیش آنے والے حالات سے پیشگی علم حاصل کرنے کے لئے۔

پیشگی حالات کا علم حاصل کرنے کے لئے آپ کو سیٹ دریافت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ آپ ناب کو 701 پر رکھیں اور کپ میں پرچی لکھ کر رکھتے جائیں اور بڑی تسلی سے پنڈولم کا استعمال کریں۔ جو جو مثبت ہو وہ جواب ہے۔

تخلیق کائنات سے لے کر واصل عدم ہونے تک کے تمام راز آپ اس کمپیوٹر سے حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ کمال اس کمپیوٹر کا نہیں ہے بلکہ اس کتاب کے علوم آپ تک پہنچانے کا ذریعہ ہے جو کہ ذہن انسانی میں بند کر دی گئی ہے۔ اس کتاب میں اللہ تعالیٰ نے ہر ایک بات محفوظ کر دی ہے۔ اب یہ بات خود انسان کے اختیار میں ہے کہ وہ اس سے کیسے کیسے کام لیتا ہے اور انسان کو چاہئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کو ہمیشہ پیش نظر رکھے جس میں کہا گیا ہے کہ

"اللہ کے ہاتھ میں تو خیر ہی خیر ہے۔"

لہٰذا اس کمپیوٹر کو استعمال کرنے کے لئے بنیادی اصول یہی ہے۔ اس سے انسان تخریبی کام لینے کی کوشش نہ کرے اور دل میں یہ لگن رہے کہ وہ اس دنیا کو ہی جنت ارضی میں بدل دینے کے لئے اس کمپیوٹر کا استعمال جاری رکھے گا۔ وہ قانون دریافت کرے گا جس سے انسانی معیار زندگی میں منفی رجحان نہ آنے پائے۔

SRH+B2

S. RAFAT HABIB + BRAIN

ایک ایسا کمپیوٹر ہے جو اس بیسویں صدی کی ایک محیرالعقول ایجاد ہے اور اس میں کچھ مبالغہ نہیں ہے کہ اگر اسے اس صدی کی سب سے اہم اور سرفہرست ایجاد قرار دیا جائے۔ کیونکہ آج تک جتنی بھی ایجادات ہوئیں انہوں نے خود انسان کی بحیثیت انسان ہونے کے راہنمائی نہیں کی۔ جتنے بھی مذاہب موجود ہیں وہ کسی نہ کسی طور پر ضرور مانتے ہیں کہ مرنے کے بعد ایک بار پھر زندگی ملے گی اور اس میں پھر اس دنیا میں کئے ہوئے اعمال کا فیصلہ سنایا جائے گا۔ یہ عقیدہ ہونے کے باوجود انسان ہر برائی کو ایسے قبول کرتا ہے جیسے ایک بہت ہی احسن عمل کر رہا ہو اور اگر اسے دکھا دیا جائے کہ اے میاں تم اگر اپنی موجودہ زندگی دیکھنا چاہتے ہو تو آؤ ہم تمہیں تمہارا اعمال نامہ دکھاتے ہیں اور پھر خود ہی فیصلہ کرلو کہ اس زندگی کے نتیجہ میں تمہارا کیا فیصلہ ہونا چاہئے۔ یہ تو ہے انسان اور اس کے اعمال کے حوالے سے۔

اس کے علاوہ اگر کوئی یہ دیکھنا چاہتا ہے کہ امم سابقہ پر تباہی کیوں آئی تھی۔ ان کی زندگی تباہی کے وقت کیسی تھی۔ اس سے وہ بھی ایسے ہی معلوم ہو جائے گا جیسے آپ



کے ہاتھ میں امم سابقہ کی تصویر ہو۔ اس آئینہ میں آپ یہ بھی دیکھ سکتے ہیں کہ خود اپنی قوم کی۔ اپنی زندگی جن دوستوں کی محفل میں آپ اٹھتے بیٹھتے ہیں ان کی زندگی کی کیا حالت ہے۔ تاکہ آپ اپنی زندگی کے لئے کوئی مثبت فیصلہ کر سکیں۔ قبل اس کے کہ آپ کا فیصلہ خداوند کریم کریں۔

معدنی دولت کی تلاش اس کی مدد سے آپ گھر بیٹھے کر سکتے ہیں۔ ان کے ذخائر کا اندازہ بھی آپ خود ہی لگا سکتے ہیں۔ سطح زمین سے نیچے کتنی گہرائی میں ہیں۔ وغیرہ وغیرہ

انسان کو لاحق موذی امراض کا علاج اس سے فی الفور کر سکتے ہیں اور اس کا کیا ہوا علاج دیرپا ہی نہیں مستقل ہوگا۔ جس پر اخراجات بھی معقول ہی اٹھیں گے۔

یہ جو کچھ اوپر لکھا گیا ہے وہ تو اس کمپیوٹر سے براہ راست فوائد حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ فوائد بھی ہیں جن کی یہ کمپیوٹر راہنمائی کرے گا لیکن اس کے حل کے لئے مزید تحقیق کی ضرورت ہو گی جو کہ اسی کمپیوٹر سے حاصل شدہ نتائج کی روشنی میں حاصل ہونگے۔

**مثلاً** آپ یہ سوچیں کہ جس طرح ہمارے چاروں طرف گندگی کے ڈھیر' غلاظتیں' بے کار ڈبے' بوتلیں' پرانے ٹائر ٹیوب' پرانے کپڑے' جوہری فضلہ وغیرہ کہاں پھینکیں۔ اگر جوہری فضلہ کے علاوہ سب کو جلا دیں تو ماحول مزید آلودہ ہو گا۔ اور وہ پھر کسی نہ کسی صورت میں سطح زمین یا زیر زمین چلا جائے گا۔ سمندر میں چلا جائے گا۔ غرضیکہ جہاں بھی جائے گا آلودگی میں کمی نہیں ہو گی۔ بلکہ حالت اب یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ فیکٹری ایریا کے قریب زیرزمین پانی بھی آلودہ ہو چکا ہے۔ ان تمام مسائل کا حل کیا ہے؟۔ اگر انسان قدرت پر چھوڑ دے تو پھر قدرت انسانوں کو بھی اس گندگی کے ساتھ زیر

زمین دبا دے گی جو لوگ اس گندگی کا سبب بنتے ہیں۔

SRH+B2 کمپیوٹر نے اس کا حل جو بتایا ہے اس کو مان لینا یا اس پر یقین کرنا ایسے ہی ہے جیسے نبیؑ اپنی مخاطب قوم سے کہا کرتا تھا کہ تم جو عمل کر رہے ہو۔ اس کا جواب بھی تمہیں دینا ہے جب تمہیں مرنے کے بعد پھر اٹھایا جائے گا۔

مرنے کے بعد کی زندگی اس وقت کے لوگوں کے ذہن میں نہیں آتی تھی اور کہتے تھے کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ جب مر کر ہڈیاں اور مٹی ہو جائیں گے تو پھر دوبارہ زندہ کیسے کیے جائیں گے۔ جب انہیں اس بات پر یقین نہیں آتا تھا تو اس وقت یہی کہتے تھے کہ یہ ایک جادو ہی ہے اور نبیؑ چونکہ یہ بات کرتا تھا اس لئے اسے جادوگر کہا کرتے تھے۔ RH+B کمپیوٹر سے حل اگر پوچھیں تو وہ بھی ایسے ہی ایک جادو کی بات کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ایسے واصل عدم کر دیں اور جب کسی چیز کی ضرورت ہو تو اسے پھر عدم سے وجود میں لے آئیں۔ وہ صرف کہتا ہی نہیں بلکہ راہنمائی بھی کرتا ہے کہ اس کو کون سرانجام دے گا۔ لہٰذا یہاں پر آکر کمپیوٹر صرف راہنمائی کرنے تک محدود ہو جاتا ہے اور اس طرح سائنس کی ایک نئی شاخ کو جنم دیتا ہے جس میں وہ قانون دریافت ہونگے جو چیزوں کو واصل عدم کرنے والے ہونگے اور اگر اس قانون کا الٹا عمل کیا جائے گا تو عدم سے چیزیں وجود میں آئیں گی۔

جیسا کہ آپ نے زیر نظر کتاب میں دیکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کتاب کی طرف اشارہ کر رہا ہے وہ انسانی دماغ ہی ہے اور پھر اس کتاب میں کوئی ایسی چیز نہیں جو مرقوم نہ ہو۔ لہٰذا اس امر پر یقین کر لینے کے علاوہ اور کوئی راستہ نہیں ہے کہ ہم یہ تسلیم کر لیں اور اس کے مطابق ان قوانین کو دریافت کریں۔ دریافت بھی کرنے کی ضرورت نہیں قوانین



تو یہ دے رہا ہے انہیں نافذ کیسے کرنا ہے۔ صرف اتنا سوچنے کی ضرورت ہے۔

انسان کثیر رقوم خرچ کر کے دوسرے سیاروں پر جا رہا ہے تاکہ وہاں پر زندگی کے آثار دریافت کئے جائیں یا ان سیاروں سے معدنی دولت زمین پر لائی جائے۔

ان تمام مسائل کا حل کمپیوٹر سے لے سکتے ہیں۔ سب سے پہلے اسے پوچھیں کسی سیارے پر زمین کے علاوہ کسی مخلوق کا وجود ہے۔ پھر پوچھیں اس کی اعلیٰ ترین زندگی کیا ہے۔ حیوانات ہیں تو ان کی زندگی کیسی ہے۔ ان تمام معلومات سے آپ یہاں بیٹھے ہوئے معلوم کر سکتے ہیں کہ وہ مخلوق انسان سے ترقی یافتہ ہے یا نہیں۔ اس کے علاوہ جو پھر دوسرا سب سے بڑا مسئلہ ہے کہ وہاں تک کیسے پہنچا جائے۔ اس کے لئے پھر SRH+B2 راہنمائی حاصل کریں۔

کیا کوئی ایسا قانون ہے کہ انسان بغیر کسی سواری کے دوسرے سیاروں تک پہنچ جائے۔ کمپیوٹر آپ کے سوال کے نتیجے میں جو کچھ جواب دے گا۔ وہ دراصل وہ قانون ہو گا جس کو بروئے کار لاتے ہوئے انسان برقی لہروں میں تبدیل ہو کر وہاں تک چلا جائے گا۔

SRH+B2 ایک ایسی ایجاد ہے جو ہر انسان کو حیرت میں ڈال دینے کے لئے کافی ہے۔ لیکن وہ سائنسدان جو اس میدان میں پہلے ہی کام کر رہے ہیں اور انہیں کوئی راستہ دکھائی نہیں دے رہا۔ انہوں نے خیالی فلمیں بنا کر اپنے دل کی تسکین کر لی ہے۔ لیکن ابھی تک وہ اسی کھوج میں ہیں۔ کہ قدرت کے پاس ایسا قانون ضرور ہے۔ ان کے لئے SRH+B2 کمپیوٹر ایک استاد۔ ایک گائیڈ کا کام دے گا۔

ان تمام توقعات کو سامنے رکھتے ہوئے میں یہ وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ آئندہ چند سالوں میں انشاء اللہ اس کمپیوٹر میں اتنی بہتری آئے گی کہ ہر ایک انسان اسے خریدنے کے لئے بے چین ہوگا۔ موجودہ صورت میں یہ انسانی بیماریوں کی تشخیص اور ان کا علاج کرنے کے لئے آپکی اور آپ کے گرد و نواح میں بسنے والے لوگوں کی زندگی کا مطالعہ کر سکتے ہیں کہ ان کی زندگی مقام انسانیت پر قائم ہے یا مقام انسانیت سے گر چکی ہے۔

آپ اس کمپیوٹر سے جس قسم کی معلومات لینا چاہتے ہیں سب سے پہلے وہ عنوان اس میں فیڈ کریں اس کا طریقہ یہ ہے۔

**مثلاً** آپ زندگی کے بارے جاننا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے آپ زندگی کو تین حصوں میں یا مخلوق میں تقسیم کریں۔

1- انسانی زندگی
2- حیوانی زندگی
3- نباتاتی زندگی

انسانی زندگی کو چھوڑ کر باقی دو زندگیوں کو پھر دو حصوں میں تقسیم کریں۔

1- حیوانی زندگی بری
2- آبی حیوانی زندگی

1- خشکی پر پائی جانے والی نباتاتی زندگی۔ پانی میں پائی جانے والی نباتاتی زندگی۔

اس کے بعد جس زندگی کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں۔ اس زندگی کے ساتھ لکھیں کہ



بارے میں علم حاصل کرنے کے لئے۔

**مثلاً** آپ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آبی مخلوق کی زندگی کیا ہے تو اس کے لئے عنوان یہ ہوگا۔

آبی مخلوق کی زندگی کے بارے میں علم حاصل کرنے کے لئے۔

اس تحریر کو ایک صاف ڈسک پر کوڈ کریں۔ اگر آپ کے پاس زیادہ ڈسک نہیں ہیں تو کسی بھی ڈسک کو ڈی کوڈ کر کے اس پر مندرجہ بالا تحریر کوڈ کر لیں۔

اس کے بعد آپ جس مخلوق کی زندگی معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ اس کا نام ایک سفید کاغذ پر کسی بھی زبان میں جو بھی آپ جانتے ہیں لکھ کر کپ میں رکھ دیں اور پنڈولم کی مدد سے 701 سے 720 تک ایک ایک سیٹ پر خوب تسلی سے پڑتال کریں۔ جو سیٹ مثبت ہوں ان کو ساتھ کے ساتھ لکھتے چلے جائیں۔ جب کوئی سیٹ مکمل ہو جائے گا تو اس وقت پنڈولم افقی حرکت کرنے لگے گا۔ آگے پیچھے آگے پیچھے اور پھر تھوڑی دیر کے بعد رک جائے گا۔ جس وقت پنڈولم افقی حرکت کرنے لگے اس وقت احتیاط لازم ہے کیونکہ بعض اوقات اگلا سیٹ کمزور ہوتا ہے اور گزرے ہوئے سیٹ کی یاد داشت بھی تار میں موجود ہوتی ہے۔ اس وقت بھی پنڈولم افقی حرکت کرنے لگتا ہے۔ ایسے موقع پر پنڈولم کو ہٹا لیں اور آدھے منٹ کے بعد دوبارہ چیک کریں گے تو پنڈولم درست حالت کی طرف راہنمائی کرے گا۔ اگر اب بھی افقی حرکت ہے تو اس کا مطلب ہے سیٹ مکمل ہو گیا۔ بصورت دیگر آپ مزید سیٹ چیک کریں گے اور جہاں پر پنڈولم افقی حرکت کرنے لگے وہاں پر سیٹ مکمل ہو جائے گا۔

جیسا کہ آپ نے اس کتاب میں پڑھا ہے کہ یہ ایک غیر جانبدار دماغ ہے اس پر جس کا نام لکھ دیں اس کا دماغ بن جاتا ہے پھر وہ نام مٹا کر دوسرا لکھ دیں گے تو یہ دماغ اس کا ہو جائے گا۔ اس طرح آپ جس شخص کا بھی بایوڈیٹا حاصل کرنا چاہتے ہیں آپ کو مل جائے گا۔

**مثلاً"** آپ یہ چاہتے ہیں کہ آپ کے دوست آپ کے بارے میں کیسے جذبات رکھتے ہیں اس کا طریقہ یہ ہے کہ

آپ اپنے دوست کا پورا نام معہ ولدیت اگر معلوم ہو۔ اس کے گھر کا نمبر۔ گلی محلّہ شہر یا گاؤں اور ملک یعنی مکمل پتہ لکھنے کے ساتھ اس کا اضافہ کریں۔ بایوڈیٹا حاصل کرنے کے لئے۔ اس ساری تحریر کو ڈسک پر کوڈ کریں اور اس کے بعد جو جو آپ نے پوچھنا ہے وہ آپ پرچی پر لکھ لکھ کر باری باری کپ میں رکھتے جائیں اور پنڈولم سے جواب لیتے جائیں جو مثبت ہو ان کی فہرست بنالیں۔

یہ اس Y کا آپ کے پاس بائیوڈیٹا آگیا جو کہ سو فی صد درست ہو گا۔

پنڈولم کو جب بھی آپ استعمال کریں اس وقت آپ کے ذہن میں یہ بات نہیں ہونا چاہئے کہ آپ دل میں کوئی اس چیز کے بارے فیصلہ کر رہے ہو کہ وہ مثبت ہے یا منفی ہے۔ یعنی آپ کی نگاہیں اور آپ کا دل اس انتظار میں رہنا چاہئے کہ پنڈولم کیا جواب دیتا ہے۔ اس کے جواب کے منتظر رہیں نہ کہ خود اپنے دل میں کہیں کہ یہ عمل اس کا مثبت ہے یا منفی۔ ایسا بالکل نہ سوچیں۔

اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ آپ کے گھر ہونے والی اولاد۔ انسانیت کا ایک نمونہ



ہو۔ اس کے علاوہ آپ اسے زندگی میں جو کچھ بنتا دیکھنا چاہتے ہیں۔ وہ سیٹ اس کی پیدائش کے ساتھ ہی اسے روزانہ کم از کم جب تک وہ سو رہا ہو۔ اسے فیڈ کرتے رہا کریں اور جب بوتل سے دودھ پلائیں تو وہ سیٹ اس میں چارج کر کے پلائیں۔ کم از کم 3 ماہ اور زیادہ سے زیادہ چھ ماہ تک ایسا کریں گے تو اس کے دماغ میں یہ سیٹ پختہ ہو جائے گا۔ وہ ان سیٹوں پر ایسے عمل کرے گا جیسے جبلت کی حامل نوع اپنی جبلت سے روگردانی نہیں کرتی۔

میں اس فقرہ کو پہلے بھی کئی ایک مقام پر تحریر کر چکا ہوں کہ یہ SRH+B2 کمپیوٹر آپ کو کبھی بھی مایوس نہیں کرے گا۔ یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ اس سے کام لینے کی استدعا رکھتے ہیں یا نہیں۔

# فلسفہ رابطہ سیٹ

زمانہ قدیم سے انسان بیماریوں کے علاج کے لئے سرگرداں ہے۔ ابھی وہ ایک بیماری کی دوا تلاش نہیں کر پاتا کہ ایک اور بیماری انسان کی زندگی نگل جانے کے لئے منہ کھولے سامنے موجود ہوتی ہے۔ انسان نے نہ جانے کتنے ہزار صدیاں ان بیماریوں کا مقابلہ کرتے گزاری ہیں۔ لیکن ابھی تک وہ ان بیماریوں سے اپنی جان نہیں چھڑا سکا۔ غریب سے غریب ہو یا امیر و کبیر۔ یا اقتدار کی کرسی پر براجمان ہو۔ ان سب کو بیماریوں سے ضرور واسطہ رہتا ہے۔

آج تک جتنے بھی طریقہ ہائے علاج سامنے آئے۔ ان سب کے پیش نظر انسانی جسم اور اس کو لگنے والی بیماری رہی۔ کسی نے انسان کا علاج بحیثیت انسان کرنے کی طرف توجہ نہیں دی اور اس انسانی حیثیت کو نظرانداز کر دینا ہی انسان کی سب سے پہلی اور سب سے آخری غلطی ہے۔ اگر انسان کا علاج بحیثیت انسان کے کیا جائے تو پھر نہ ہی صحت ملتے دیر لگتی ہے اور نہ ہی کوئی اور خطرناک بیماری انسان کو نگلنے کے لئے تیار ہو گی۔

سب سے پہلی بات یہ ہے کہ ہم سب سے پہلے یہ سمجھنے کی کوشش کریں کہ انسان کس چیز کا نام ہے۔ وہ کیا چیز ہے جسے انسان کہا گیا ہے۔ اس کی پہچان کیا ہے؟ اس کے بعد یہ دیکھیں کہ جب انسان کو کوئی بیماری لاحق ہوتی ہے تو اس انسانی قدر میں کیا



فرق آیا ہے جس کے نتیجہ میں ایک تندرست انسان بیمار ہوا ہے۔

یہاں تک پہنچنے سے پہلے ہمیں ایک بار پھر انسان کی ابتداء کی طرف لوٹنا ہو گا۔

جب سے انسان نے اس دھرتی پر آنکھ کھولی ہے۔ اس دن سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے راہنمائی ملتی رہتی ہے۔ انسان کو یہی حکم ہوتا رہا ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ نے اپنے محکومیت اختیار کرنے کے لئے پیدا کیا ہے۔ گویا انسان کا ہر قدم اللہ تعالیٰ کی مرضی سے اٹھے۔ دوسری طرف ایک ابلیس ہے جو یہ چاہتا ہے کہ ہر انسان اللہ تعالیٰ کا نافرمان ہو جائے تاکہ ابلیس کے لشکر کی تعداد زیادہ ہو۔ اس طرح دو راستے سامنے آتے ہیں۔

ایک وہ راستہ جو اللہ تعالیٰ کی محکومیت اختیار کرنے سے ساری زندگی اس کی فرمانبرداری میں گزارنے میں ہے اور یہی راستہ سرفرازیوں، شادابیوں، کامرانیوں، خوشحالیوں کی طرف لے کر جاتا ہے۔

دوسرا راستہ ابلیس کا راستہ ہے جس پر چلنے سے سب سے پہلے انسان اللہ تعالیٰ کا نافرمان ہوتا ہے اور اس کے بعد پھر وہ ہر کام کر گزرنے میں کوئی شرم کوئی عار نہیں سمجھتا جو کہ انسانیت کے منافی ہوتا ہے۔

انسان جب سے اس دھرتی پر آیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاء کے ذریعہ سے یہ بنیادی تعلیم ہر دور میں ہر نبی کے ذریعہ سے بنی نوع انسان کو دی۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر انسان اس بنیادی اور کلیدی اصول کو سمجھ لیتا تو آج انسان نہ صرف بیماریوں سے نجات حاصل کر چکا ہوتا بلکہ اس کی دنیاوی زندگی ہی جنت

ارضی میں تبدیل ہو جاتی۔

ارشاد خداوندی ہے

اور جو شخص کچھ گناہ کا کام کرتا ہے تو فقط اس کا اثر اس کی اپنی ذات (زندگی) پر ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے اور حکمت والے ہیں۔ النساء آیت 4/111

آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ گناہ کا اثر اس کی زندگی پر پڑتا ہے یہ صرف ایک آیت مبارک نہیں ہے بلکہ قرآن مجید میں کئی ایک مقامات پر ایسی آیات آپ کو ملیں گی جن میں کہا گیا ہے کہ

"اللہ تعالیٰ انسان پر ظلم نہیں کرتا بلکہ خود انسان اپنے آپ پر ظلم کرتا ہے۔ انسان کو اسی کا بدلہ ملے گا جو کچھ اس نے کمایا ہو گا"۔

انسان کو جتنی بھی تکالیف یا مصیبتیں پہنچتی ہیں۔ وہ اس کا نتیجہ ہوتا ہے جو کچھ انسان آگے بھیجتا ہے۔ یعنی انسان کو پہنچے والی جتنی بھی پریشانیاں' بیماریاں کاروبار میں خسارے وغیرہ وغیرہ سب کا سب انسان کے اپنے اعمال کا نتیجہ ہوتا ہے۔

یہاں پر پہنچ کر ہر ایک انسان یہ سوچنے پر مجبور ہوتا ہے کہ یہ کیسے معلوم کریں کہ واقعی انسانی اعمال ہی انسانی زندگی پر اثرانداز ہوتے ہیں جن کے نتیجے میں پھر انسان ان جملہ پریشانیوں کا شکار ہوتا ہے۔

وہ معیار زندگی کہاں سے لیا جائے جس سے پرکھ کر دیکھا جا سکے کہ واقعی انسان اپنے اعمال کی وجہ سے ان پریشانیوں میں مبتلا ہے۔



قرآن مجید ہی وہ واحد اور منزہ ذریعہ ہے جس سے ہم زندگی کی حیثیت کو سمجھ سکتے ہیں۔ وہی ہماری راہنمائی کر سکتا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے کہ سب کچھ انسانی اعمال کا نتیجہ ہے تو پھر ظاہر ہے کہ اس نے یہ بھی ضرور بتایا ہو گا کہ تم زندگی اور اعمال انسانی کو کیسے جانچ سکتے ہو۔

قرآن مجید کا مطالعہ کریں تو اس میں تین اعضاء انسانی کا ذکر ملتا ہے۔

1- دل 2- کان۔ 3- آنکھیں

کہیں پر ارشاد ہوتا ہے۔

دل۔ کان اور آنکھوں کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

کہیں پر ارشاد ہوتا ہے۔

جو دل۔ کان اور آنکھوں سے کام نہیں لیتے وہ جانور ہیں بلکہ ان سے بھی گئے گزرے۔

قوم عاد کی تباہی پر ارشاد ہوتا ہے۔

انہیں کان۔ آنکھیں اور دل دیئے جو ان کے کسی کام نہ آئے۔

ایک یہ بھی ارشاد ہے۔

انسان کو بنایا اور خیر اور شر اس کے دل میں رکھ دیا۔

قرآن مجید میں ان اعضاء انسانی کے علاوہ اور کسی عضو کا نام نہیں آتا جسے جوابدہ

قرار دیا گیا ہو۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ انسانی دماغ کا پورے قرآن مجید میں کہیں بھی ذکر نہیں آتا۔ کیا یہ انسانی بدن کو کنٹرول کرنے والا حصہ اتنا ہی غیر اہم ہے کہ اس کے بارے میں بات نہ کی جائے یا یہ حصہ جوابدہ نہیں ہے یا دماغ کو قرآن مجید میں کسی اور نام سے پکارا گیا ہو اور ہم ان الفاظ کے لغوی معانی کے چکر میں الجھ کے رہ گئے ہوں۔

اللہ تعالیٰ ہی اس عقدہ کو حل کر سکتا ہے۔ یہ انسان کے بس کی بات نہیں ہے۔ وہ اگر انسانی عقل میں اپنے علم سے ایک کرن اتار دے تو انسان کے تمام مسائل حل ہو جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے توفیق دے رکھی ہے کہ ہم علی الصبح اور غروب آفتاب سے قبل۔ وہ اوقات جو کہ اللہ تعالیٰ نے مقرر کئے ہوئے ہیں میں قرآن مجید کا مطالعہ کرتے ہیں اور اسے سمجھنے کی پوری کوشش کرتے ہیں۔ ایک طرف دل میں یہ جستجو ہے کہ انسانی اعمال اور انسانی زندگی میں کیا رابطہ ہے۔ انسانی زندگی انسانی اعمال سے کیسے متاثر ہوتی ہے تو دوسری طرف قرآن مجید بھی باقاعدگی سے پڑھتے ہیں۔

ایک روز حضرت سلیمانؑ کی دعا سامنے آئی۔

اے میرے رب مجھے ایک ایسی سلطنت عطا فرما دے جو تو نے آج تک کسی کو نہیں دی۔

زندگی میں بعض لمحات ایسے آتے ہیں جب شدت طلب اور وقت دعا ایسے ہم آہنگ ہو جاتے ہیں کہ دعا ایک پل میں بارگاہ الٰہی میں مستجاب ہو جاتی ہے۔



شاید وہ لمحہ میری زندگی میں مجھے اللہ تعالیٰ نے عطا کر دیا تھا۔

میں نے قرآن مجید کو دونوں ہاتھوں سے تھام کر بارگاہ الٰہی میں دعا کی۔

اے میرے رب مجھے اپنے پاس سے ایک ایسا علم عطا فرما دے جو تو نے آج تک کسی کو نہیں دیا اے میرے رب تو خوب جانتا ہے کہ جو علم تو مجھے عطا کرے گا اس علم سے میں بالکل ناواقف ہوں۔ اے میرے رب تو اس کی باریکیاں بھی مجھے سمجھا دے تاکہ اسے میں اچھی طرح سمجھ سکوں۔ اے میرے رب بے شک تو سب سے بڑھ کر علم والا ہے اور سب سے بڑھ کر علم عطا کرنے والا ہے۔

اے میرے رب میرے بعد میرا نام اس دنیا میں اچھے الفاظ میں باقی رکھنا۔ میں جب تک زندہ ہوں تیرا فرمانبردار بندہ بن کر زندہ رہوں۔ اے میرے رب مجھے شرک کرنے سے محفوظ رکھ اور مجھے مشرکوں میں سے نہ کرنا۔ بے شک تو ہی ہدایت دینے والا اور سیدھی راہ دکھانے والا ہے۔

اے میرے رب۔ اس دنیا سے اپنے فرمانبردار بندہ کی طرح اٹھانا اور یوم حشر اپنے فرمانبردار بندوں میں شامل کرنا۔

اے میرے رب جسے تو نے قیامت کے روز رسوا ہونے سے بچا لیا بیشک وہ کامیاب ہوا۔ (آمین)

اس دعا کے بعد میں نے اپنی سوچوں کا رخ بدلا اور پیش نظر یہ رکھا کہ انسانی دماغ جو کہ انسانی بدن کا ایک اہم ترین حصہ ہے۔ اس کا ذکر قرآن مجید میں کیوں نہیں۔

یہاں پہنچ کر ذہن میں طرح طرح کے خیالات آئے۔

1- شاید دماغ کا اس لئے نام نہیں لیا گیا کہ ہو سکتا ہے کہ یہ جوابدہ نہ ہو۔

2- اور اگر یہ جوابدہ نہیں ہے تو پھر اس کی پوزیشن کیا انسانی اعمال کا محاسبہ کرنے کی ہے۔

3- اور یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ قرآن مجید میں اسے کسی اور نام سے پکارا گیا ہو اور ہم ان الفاظ کے لغوی معانی کے چکر میں الجھ کے رہ گئے ہوں۔

4- میڈیکل ڈکشنری میں دماغ کو روح کے ساتھ رابطہ کرنے سے تعبیر کیا گیا ہے۔

ہمارے پاس ایک کتاب ہے جس میں ہر چھوٹی سے چھوٹی بات سے لے کر ہر بڑی سے بڑی بات تک لکھی ہوئی ہے۔

حوالہ جات 64/23- 34/3-11/35-12/36- 4/43- 75ۃ27- 57/22 سورت نمبر/ آیت نمبر

اسی کتاب کو دوسرے مقامات پر لوح محفوظ بھی کہا گیا ہے۔

کسی بھی بات کو نہ ماننا اس سے انکار کر دینا بہت آسان ہے۔ اس کے برعکس کسی بات کو یہ ثابت کروانا کہ یہ ہی حقیقت ہے بہت مشکل کام ہے۔

میں دل ہی دل میں اس پر یقین کر چکا تھا کہ انسانی دماغ ہی وہ کتاب مستور ہے جس کی طرف اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے لیکن اسے ثابت کرنا۔ اس کے مان لینے سے کہیں زیادہ مشکل تھا۔

آج دنیا نے جتنی بھی ترقی کی ہے وہ سب کی سب انسانی دماغ ہی کی مرہون منت ہے۔ انتھک محنت اور شدت طلب سے آخر وہ قانون انسان کو مل گئے جس کی اسے ضرورت تھی۔ انہی قوانین کو بروئے کار لاتے ہوئے آج انسان اپنی زمین سے باہر خلاؤں



میں چہل قدمی کر رہا ہے۔ یہ تمام کے تمام قوانین اس نے کہاں سے حاصل کئے۔ جس کسی نے سب سے پہلے ایک قانون متعارف کروایا تو اس نے اس قانون کی کہیں سے تعلیم حاصل نہیں کی تھی۔ بلکہ اس کے قانون پیش کرنے کے بعد اس کی تعلیم دی گئی۔ ان تمام حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے انسانی دماغ ہی کو وہ کتاب تسلیم کرنے میں کوئی دقت محسوس نہیں ہوتی۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہم دماغ کہاں سے لیں۔ کیونکہ ہر ایک دماغ کسی نہ کسی کی ملکیت ہے۔ میرا دماغ میری ملکیت آپ کا دماغ آپ کی ملکیت۔ آپ میرے دماغ سے کام نہیں لے سکتے اور نہ میں آپ کے دماغ سے کام لے سکتا ہوں۔ آج اس دنیا میں جتنے افراد ہیں اتنے ہی دماغ موجود ہیں لیکن کسی ایک کی سوچ کسی دوسرے سے نہیں ملتی۔ جتنے دماغ اتنے ہی مسائل۔ ہمیں ایک ایسے دماغ کی ضرورت ہے جس پر کسی کی ملکیت نہ ہو۔ جس پر کسی کا نام نہ لکھا گیا ہو۔ بلکہ اس کے برعکس ایک متوازن دماغ ہو۔ اس میں جس کا نام اور پتا ڈال دیں وہ دماغ اسی شخص کا دماغ بن کے سوچے۔ اگر ہم اس نام کو نکال لیں تو وہ کائنات کا دماغ بن جائے۔ ایسا دماغ کائنات کا دماغ بنے گا تو پھر یہی کائنات کے راز اگلے گا اور جب وہ کائنات کے راز اگلے تو پھر اس بات پر مہر تصدیق ثبت ہو جائے گی کہ وہ کتاب جس کا ذکر قرآن مجید میں ہے واقعی وہ انسانی دماغ ہی ہے۔

کیا ایسا ہونا ممکن ہے۔ کیا ایسا دماغ بنانا انسان کے بس میں ہے۔ یہی سوچ اور اسی لگن میں صبح ہوئی اور شام ہوئی۔ انتھک محنت اور اللہ تعالیٰ کی عطا سے ایک ایسا دماغ بنانے میں قدرت نے کامیاب کر دیا۔ وہ تمام اوصاف جو ہم نے اوپر لکھے ہیں ان تمام بلکہ اسے سے بھی آگے۔ ایک ایسا دماغ بنا لیا۔ جس میں جس کا نام مکمل پتا لکھ کر رکھ دیا! ئے

تو وہ اسی کا بن جائے۔

میرے پیش نظر ایسا دماغ بنانے کا صرف ایک ہی مقصد تھا کہ میں انسانی اعمال اور انسانی زندگی کے درمیان اس رابطہ کو تلاش کر سکوں جس کی وجہ سے بیماریاں لاحق ہوتی ہیں۔ انسان مختلف قسم کی پریشانیوں کا شکار ہوتے ہیں۔ اس لئے مناسب یہی ہے کہ سب سے پہلے انسانی زندگی کا کھوج لگایا جائے اور پھر اس کے بعد یہ دیکھا جائے کہ اس زندگی پر انسانی اعمال کیسے اثرانداز ہوتے ہیں۔

انسانی دماغ کو میں نے 19 حصہ میں تقسیم کیا ہے اور SKULL کھوپڑی کو بھی اس میں شامل کر کے اسے 20 حصوں پر منقسم کیا ہے۔ گو کھوپڑی انسانی دماغ کا حصہ نہیں ہے۔ لیکن اس کا انسانی دماغ کی کارکردگی پر بنیادی اثر پڑتا ہے۔ اگر SKULL کو شامل نہ کیا جائے تو نتائج کبھی بھی درست نہیں نکلیں گے۔ دماغ کے ان 19 حصوں کو ہم نے جن ناموں سے موسوم کیا ہے۔ وہ بھی میڈیکل ڈکشنری ہی سے لئے گئے ہیں۔ لیکن ان میں مزید حصے بھی شامل کئے گئے ہیں۔ جو کہ دوسرے ناموں سے ڈکشنری میں ہیں۔ ان کی تفصیل اس طرح ہے۔

THE BRAIN

701- OPTIC NERVE

702- PINEAL GLAND

703- CORPUS CALLOSUM

704- CEREBELLUM

705- CENTRAL SULCUS



706- CEREBRUM FRONTAL LOBE

707- CHOROID PLEXUS

708- DURA MATER AND ARACHNOID

709- FORNIX

710- MEDULLA OBLONGATA

711- OCCIPITAL LOBE

712- PONS

713- PIA MATER

714- SUPERIOR FRONTAL GYRUS

715- SKULL

716- SUB ARACHOID SPACE

717- TEMPORAL LOBE

718- THALAMAS

719- THIRD VENTRICLE

720- PITUITARY GLAND

انسانی دماغ کے ان حصوں سے ہر وقت لہریں نکلتی رہتی ہیں۔ ان لہروں کو ایک خاص مقام پر مرکز کرنے کا کام SKULL کھوپڑی سرانجام دیتی ہے۔

مثلاً 701 اور 703 سے نکلنے والی لہریں جب ایک خاص مقام یا باہم ملیں گی تو ان کے ملنے سے ایک تیسری لہر پیدا ہو گی جس کے خواص بالکل الگ ہونگے بالکل اسی طرح

جیسے ہم 1 اور 3 کے درمیان سے 1 اور ہٹا دیں تو 31 باقی رہ جاتا ہے۔ یا دو مختلف قسم کے رنگوں کو باہم ملانے سے ایک تیسرا رنگ بن جاتا ہے جو کہ ان دونوں رنگوں سے مختلف ہوتا ہے جنہیں پہلے ملایا گیا ہے۔ بالکل اسی طرح جب دماغ کے مختلف حصوں سے لہریں نکلتی ہیں تو اس وقت وہ الگ الگ اپنی خاصیت رکھتی ہیں لیکن جب وہ ایک جگہ پر مرتکز ہو جاتی ہیں تو اس کے بعد ان سب کے ملنے سے ایک اور ہی لہر سامنے آتی ہے۔

جیسے حرام مغز کے ذریعہ سے پورے بدن میں پھیلا دیا جاتا ہے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہم انسانی اعمال اور اس کے اثرات انسانی زندگی پر کیسے معلوم کریں۔ اس کے لئے ہمیں سب سے پہلے انسانی زندگی کا تعین کرنا ہوگا اور پھر اسے سامنے رکھ کر ہم یہ دیکھیں گے کہ انسانی اعمال کا انسانی زندگی پر کیا اثر ہوتا ہے۔

اس دماغ کے آلہ کو ہم نے SRH + B2 کا نام دیا ہے۔ اس کو استعمال کرنے کے لئے سب سے پہلے ضروری ہدایات حاصل کر لیں اس کے بعد ہم اپنے اصل موضوع کی طرف آئیں گے تاکہ آپ ساتھ ساتھ چیک بھی کرتے جائیں۔

آپ گائیڈ بک میں اس کی تفصیل دیکھ سکتے ہیں۔

سب سے پہلے پروگرام کارڈ بنائیں

## پروگرام۔

1۔ تخلیق انسانی کے بارے علم حاصل کرنے کے لئے۔

نطفہ کی زندگی

ان دونوں کو آپ تشخیص کپ میں رکھیں یا کارڈ پر کوڈ کر کے کارڈ والے سوراخ



میں پڑا رہنے دیں اور پرچیاں کپ سے نکال لیں۔

701 پر پنڈولم آپ کے ہاتھ سے نکل نکل جائے گا اور آپ جیسے ہی ناب کو گھما کر 702 پر کریں گے پنڈولم ایک جھٹکا سے واپس آئے گا اور پھر آہستہ ہوتا ہوا رک جائے گا۔ یہی حالت اس کی 720 تک رہے گی۔ اس سے ثابت ہوا کہ انسانی نطفہ میں زندگی 701 یعنی نفس واحدہ ہے۔

مادہ پرستوں نے نفس کا ترجمہ خلیہ کیا اور پھر وہاں سے نظریہ ارتقاء کی داغ بیل ڈالی۔ حالانکہ سب جانتے ہیں کہ مادہ خود ترقی نہیں کر سکتا جب تک اس کے اندر زندگی موجود نہ ہو۔ جو چیز مادہ کی حالتیں بدلتی ہے اسے انہوں نے نظرانداز کر دیا اور مادہ کے پیچھے چل دیئے۔ نفس کا ترجمہ خلیہ نہیں ہے بلکہ حیات ہے زندگی ہے۔

نفس واحد۔ حیات واحد سے انسان کو شروع کیا اور اسے تکمیل تک پہنچا۔ اب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ حیات واحد سے شروع ہونے والا انسان جب پیدا ہوتا ہے تو اس وقت اس کی زندگی کیسی ہوتی ہے۔

پیدائش کے وقت ایک لڑکے کی زندگی۔

702- 704- 706- 708- 710- 712- 714- 716- 718 - 720

پیدائش کے وقت ایک لڑکی کی زندگی۔

705- 709- 711- 717

ظاہر ہے ساری زندگی یہ بچے تو نہیں رہیں گے ان پر جوانی بھی آئے گی۔ لہٰذا اب یہ دیکھتے ہیں کہ جب ایک لڑکا جوان ہوتا ہے تو اس وقت اس میں کیا تبدیلی یا اس کی

زندگی میں کیا اضافہ ہوتا ہے۔ اسی طرح ہم ایک لڑکی کے بارے دیکھیں گے کہ اس میں کیا تبدیلی یا اضافہ ہوتا ہے۔

ایک لڑکا جب بلوغت میں قدم رکھتا ہے تو اس وقت اس کی زندگی کیا ہوتی ہے۔

702- 704- 706- 708- 710- 712- 714- 716- 718- 719- 720

جوانی میں 719 کا اضافہ کر کے ایک لڑکے کی زندگی مکمل کر دی جاتی ہے۔

لڑکی جب بلوغت میں قدم رکھتی ہے تو اس وقت۔

ایک لڑکی جس کی زندگی پیدائش کے وقت 717- 711- 709- 705 تھی وہی لڑکی جب بلوغت میں قدم رکھتی ہے تو اس کی زندگی میں 715- 713- 707- 703- 701 کا اضافہ کر دیا جاتا ہے اور اسے ایک مکمل عورت کی زندگی مل جاتی ہے۔

اب اس عورت اور مرد کی زندگی الگ الگ ہمارے سامنے اس صورت میں آتی ہے۔

مرد کی زندگی۔ 702- 704- 706- 708- 710- 712- 714- 716- 718- 719- 720

عورت کی زندگی۔ 701- 703- 705- 707- 709- 711- 713- 715- 717

یہاں پہنچ کر اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ ان دونوں میں معیاری زندگی کسے قرار دیا گیا ہے۔ مرد کی زندگی میں مثبت رویہ پایا جاتا ہے۔ بچپن میں جو زندگی ایک لڑکے کو ملی وہ مثبت ہے۔ لہٰذا یہی زندگی معیاری قرار دی گئی ہے۔

ایک مرد کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس زندگی کے معیار کو برقرار رکھے جو قدرت نے اسے دے کر اس دنیا میں بھیجا ہے تو دوسری طرف ایک عورت کی یہ ذمہ



داری ہے کہ وہ حدود النساء میں رہتے ہوئے مرد کی زندگی کو اپنائے۔ یہی کامیابی کا راز اور جنت کی زندگی ہے۔

انسانی اعمال انسانی معیاری زندگی پر کیسے اثرانداز ہوتے ہیں۔ ان کا جاننا اب آسان ہو گیا ہے۔ کیونکہ ہمارے پاس وہ بنیاد' کسوٹی' وہ معیار آ گیا ہے جس پر انسانی اعمال کے نتیجہ میں واقع ہونے والی تبدیلی کو بخوبی جان سکیں گے۔ اس کے لئے آپ کو آئینہ اعمال کا باب کھولنا پڑے گا۔

کریں۔ بال SRH+B2 کمپیوٹر میں رکھیں اور مریض کے فیڈر سے ڈسک نکال کر اس کی نقل تیار کریں اور مریض کی ڈسک فیڈر میں لگا کر نقل سے مریض کی بیماری کی پڑتال کریں۔

منفی (-) ناب اور مثبت (+) ناب دونوں اگر منفی بتا رہی ہیں تو اس کا مطلب ہے فیڈنگ مکمل ہو چکی ہے۔ مریض کو جانے دیں اور کم از کم ایک ہفتہ کے بعد دوبارہ چیک کرنے کے لئے بلائیں۔

منفی (-) اگر ناب منفی بتا رہی ہے اور مثبت (+) ناب گھمانے سے مثبت ظاہر کرنے لگے تو دیکھیں کہ کتنے فی صد مثبت ہے۔ جب یہ بھی آہستہ آہستہ منفی پر چلی آئے اور پینڈولم بھی منفی گردش کرتا ہے خواہ منفی (-) یا مثبت (+) دونوں ناب پوری کی پوری کھول دی گئی ہوں تو اس کا مطلب ہے فیڈنگ مکمل ہو گئی ہے۔

دماغ میں رسولی' دل میں ہر قسم کی خرابی یا بیماری پتھری وغیرہ' پستانوں میں سرطان گلٹیاں وغیرہ حیرت انگیز طریقہ سے صحت یاب ہوتے ہیں اور مستقل صحت یاب ہوتے

ہیں۔

اگر میں اپنے تجربات، یا مریض اور ان کی شفایابی کے حوالے سے لکھنا شروع کروں تو اس کے لئے الگ ایک کتاب کی ضرورت پیش آئے گی۔

کمپیوٹر، کرسیاں اور دیگر سامان آرڈر دینے پر تیار کیا جاتا ہے اور تمام کی قیمت پیشگی ادا کرنا لازمی ہے۔ بعداز فروخت مرمت کی سہولت نصف اخراجات پر ہو گی۔ یعنی مرمت پر اٹھنے والے اخراجات کا نصف لیا جائے گا۔ آرڈر کے لئے **پبلشنگ** پتہ پر رابطہ کیا جائے گا یا پوسٹ بکس کے ذریعہ سے رابطہ کریں۔ آرڈر بک ہونے کے ایک ماہ کے اندر سامان مہیا کر دیا جائے گا۔



# آئینہ اعمال

یہ گھڑی محشر کی ہے تو عرصہ محشر میں ہے
پیش کر غافل عمل کوئی اگر دفتر میں ہے

اقبالؒ

# زندگی پر اعمال کے اثرات

انسان کو اللہ تعالیٰ نے جو زندگی پیدائش کے وقت دی وہ ایک لحاظ سے نامکمل زندگی ہوتی ہے۔ کیونکہ ایک بچہ اور ایک جوان شخص میں فرق ہوتا ہے۔ اس نامکمل زندگی کو جوانی میں قدم رکھنے سے مکمل کر دیا جاتا ہے۔ اگر مرد ہے تو اس میں 719 کا اور اگر لڑکی ہے تو پھر اس میں 715-713-707-703-701 کا اضافہ کر کے زندگی مکمل کر دی جاتی ہے۔ اس کے بعد پھر یہ انسان کے اختیار پر چھوڑ دیا جاتا ہے کہ وہ کس زندگی کو پسند کرتا ہے۔ مثبت زندگی کو یا منفی کو۔ یا ان دونوں کے اشتراک سے جینا چاہتا ہے۔

ایک طرف مرد کو 720-719-718-716-714-712-710-708-706-704-702 زندگی دی جاتی ہے تو دوسری طرف ایک عورت کو 717-715-713-711-709-707-705-703-701 زندگی کا سیٹ دیا جاتا ہے۔ بحیثیت عورت اور مرد کے چونکہ ان کے پیکر خاکی میں فرق ہے اس لئے ان کو سیٹ بھی الگ الگ دینا لازمی ہے۔ اگر دونوں کو ایک ہی قسم کی زندگی دے دی جاتی تو پھر یا تو دونوں کے پیکر مردانہ ہوتے یا دونوں کے پیکر زنانہ۔ اسی بات کو پیش نظر رکھتے ہوئے مرد اور عورت کی زندگی کے سیٹ مختلف ہیں۔ لیکن قدرت کے ہاں جو معیار انسانی ہے وہ مثبت زندگی یعنی مرد کی زندگی کا ہے۔

ان دونوں زندگیوں کو سامنے رکھتے ہوئے اب یہ دیکھنا ہے کہ ایک انسان خواہ وہ عورت ہو یا مرد جب کوئی منفی کام کرتے ہیں تو ان کے اس عمل کا ان کی زندگی پر کیا اثر



پڑتا ہے۔ کیا ایک منفی عمل کرنے سے انسانی زندگی کا وہ معیار جو قدرت نے قائم کر رکھا ہے۔ برقرار رہتا ہے یا اس میں تبدیلی واقع ہوتی ہے۔ یاد رہے کہ ہم جتنی بھی شکلیں بدلتے ہیں اتنے ہی زندگی کے سیٹ ہمارے ذہن میں بنتے چلے جاتے ہیں۔ مثلاً" ایک شخص ایک ہی وقت میں دھوکے باز بھی ہے۔ دوسروں کا مال ناجائز طریقہ سے کھانے کے ڈھنگ بھی استعمال کرتا ہے۔ ناجائز مال میں سے خیرات بھی کرتا ہے۔ ذخیرہ اندوز بھی ہے۔ سود پر لوگوں کو رقم بھی دیتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے نماز بھی پڑھتا ہے۔ حج و عمرہ بھی کرتا ہے۔ اتنے سارے عمل کرنے کے باوجود بظاہر اس کی زندگی پر کوئی تبدیلی نظر نہیں آتی۔

حقیقت میں اس شخص نے ایک زندگی کو چھوڑ کر اس زندگی کو جو کہ اسے قدرت نے دی تھی۔ اتنی ہی زندگیاں اپنے اندر اور پیدا کر لی ہیں جتنے کہ اس کے روپ ہیں۔

قدرت انسان پر اس قدر مہربان ہے کہ انسان اس کا اندازہ ہی نہیں لگا سکتا۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ انسان کے بارے میں کہتا ہے انسان نے اللہ کی قدر نہیں کی جیسا کہ اس کی قدر کرنے کا حق ہے۔

ایک طرف اللہ تعالیٰ انسان کو ایک معیاری زندگی عطا کرتا ہے تو دوسری طرف انسان کے ذہن میں لاتعداد ایسے سیٹ بھی دے دیتا ہے جو کہ اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ خواہ انسان کو بیماریوں سے بچانا مقصود ہو یا ماحول اور ارد گرد کے افراد سے یا یوں سمجھ لیں کہ جب تک انسان اس معیاری سیٹ پر قائم رہتا ہے وہ ہر طرح سے محفوظ ہوتا ہے۔

والدین کی نافرمان اولاد - 701 - 702 - 703 - 704 - 705 - 707 - 708 - 709 -
710 - 712 - 713 - 714 - 715 - 716 - 717 - 718 - 720

ایسی عورت جو اولاد کو باپ کا نافرمان بنائے - 701 - 702 - 703 - 704 - 705 - 706 -
707 - 708 - 709 - 711 - 712 - 713 - 715 - 716 - 719

اپنے اعضا عطیہ دینے والے - 701 - 703 - 704 - 705 - 706 - 707 -
708 - 709 - 710 - 711 - 712 - 714 - 715 - 716

قسم کھانے کے بعد بغیر کفارہ ادا کئے ہوئے قسم توڑنے والے - 701 - 702 - 703 -
704 - 705 - 706 - 707

قسم کھانے سے انسانی زندگی پر اس کے اثرات

معیاری انسانی زندگی - 702 - 704 - 706 - 708 - 710 - 712 -
714 - 716 - 718 - 719 - 720

قسم کھانے سے اتنی باقی رہ جاتی ہے 704 - 708 - 712 - 714 - 718

قسم توڑنے کے لئے پہلے کفارہ ادا کرنے سے انسانی زندگی پر اثرات

702 - 704 - 706 - 708 - 710 - 712 - 714 - 716 - 718 - 719 - 720

مشرک بھی نہیں لیکن اللہ تعالیٰ کی ذات پر ایمان بھی نہیں رکھتا۔ - 701 - 702 -
703 - 704 - 706 - 708 - 710 - 712 - 714 - 717

اللہ تعالیٰ، یوم قیامت پر ایمان اور اچھے کاموں کے ساتھ شرک بھی کرنے والا۔

701 - 702 - 703 - 704 - 705 - 706 - 707 - 708 - 709

کھانے پینے میں حرام و حلال کی پرواہ نہ کرنے والے۔ 703 - 704 - 705 - 708 - 709

اپنے پیشہ سے بددیانت 702 - 703 - 705 - 708 - 709 - 711 - 713





دوسروں کے کہنے میں آکر ایمان قبول نہ کرنے والا۔ 701 - 702 - 703 - 708 - 709

دوسروں کے کہنے پر ایمان والوں کی اور راہ ہدایت کی مخالفت کرنے والا۔ - 701 - 702 -
703 - 708 - 709

خود بھی راہ ہدایت پر نہ چلنا اور دوسروں کو زبردستی روکنا 701 - 703 - 704 - 705

راہ ہدایت پر چلنے والوں کے خلاف بہتان طرازی کرنے والا۔ 701 - 703

دوسروں کو معاشرہ میں فساد پھیلانے پر اکسانا 701 - 702 - 703

لوگوں کو خوف و ہراساں کرنے والا۔ 701 - 703

لوگوں کو زبردستی فساد پھیلانے پر مجبور کرنا۔ 701 - 703

فساد پھیلانے کے بعد خود کو بے قصور کہنے والا 701 - 702 - 703

فساد خود پھیلانا اور الزام کسی دوسرے پر رکھنا۔ 701 - 702 - 703

ذاتی مفاد حاصل کرنے کے لئے سب کچھ کر گزرنے والا۔ 701 - 702 - 703

پہلے دوسرے لوگوں کا حق مارنا اور پھر خیرات کرنے والا 702 - 704 - 706

خیرات و صدقات دینے کے بعد احسان جتلانے والے - 701 - 702 - 703 - 704 -
706 - 707 - 708 - 709 - 710

قرض دے کر بعد میں ایذا رسانی کرنا۔ 702 - 703 - 704

قرض حسنہ دینے والے - 702 - 704 - 706 - 708 - 710 -
712 - 714 - 716 - 718 - 719 - 720

قرض دے کر مقروض کو قرضہ معاف کر دینے والے۔ انسانیت کا یہی تقاضہ ہے۔

702 - 704 - 706 - 708 - 710 - 712 - 714 - 716 - 718 - 719 - 720

کسی تنگدست کو فوری امداد دینے والے اسی کا نام انسانیت ہے۔ - 702 - 704 - 706 -
708 - 710 - 712 - 714 - 716 - 718 - 719 - 720

تنگدست کو خیرات دینے والے۔ سبقت لے جانے والے۔ انسانیت کی راہ پر چلتے
ہوئے۔ 702 - 704 - 706 - 708 - 710 - 712

کسی فریادی کی داد رسی کرنے والے (اصحاب الیمین) 702 - 704 - 706 - 708

کسی بے گناہ کی پیروی کرنے والے 702 - 704 - 706 - 708

دوسروں کو اپنے حلقہ احباب میں شامل کر کے ان کی کمائی پر ہاتھ صاف کرنا
701 - 702 - 703

اپنے آپ کو مقرب الٰہی ظاہر کر کے دوسروں کا مال کھا جانا 701 - 702 - 703

ایک اذیت پسند انسان کی زندگی - 701 - 702 - 703 - 705 - 706 - 707 -
708 - 710 - 711 - 712

ایک منافق کی زندگی - 701 - 702 - 703 - 704 - 705 - 706 - 708 - 709 -
710 - 711 - 712 - 713 - 714 - 715 - 716

بہتان طراز کی زندگی 702 - 703 - 704 - 705

دوسروں کا سہارا لینے والے کی زندگی 701 - 702 - 703 - 704 - 705 - 706

گداگر کی زندگی - 701 - 702 - 703 - 704 - 705 - 706 - 707 -
708 - 709 - 711 - 713

بخیل کی زندگی - 701 - 703 - 704 - 705 - 708 - 709 - 711 - 712 - 714 -
715 - 716 - 717 - 719 - 720





فتنہ پرور کی زندگی - 701 - 702 - 703 - 705 - 708 - 710 - 711 -
713 - 714 - 716 - 717 - 718 - 719

کنجوس کی زندگی - 701 - 702 - 703 - 704 - 705 - 706 - 707 - 708 -
709 - 710 - 712 - 713 - 714 - 715 - 717 - 718

فضول خرچ کی زندگی 701 - 702 - 704 - 705 - 706 - 708 - 709 - 711 - 713 - 715

کام چور کی زندگی 701 - 703 - 705 - 706 - 708

کم تولنے والے کی زندگی - 701 - 702 - 703 - 706 - 708 - 710 -
711 - 713 - 714 - 715 - 718

جعلی مال فروخت کرنے والے کی زندگی - 701 - 702 - 703 - 706 - 707 -
709 - 710 - 711

مفلسی کے خوف سے دوسروں کے اشاروں پر ناچنے والا - 701 - 703 - 704 -
706 - 708

ملاوٹ کرنے والے کی زندگی - 702 - 703 - 704 - 705 - 707 - 708 - 709 - 710 -
712 - 715 - 716 - 717 - 718 - 720

حق کو چھپانے والے کی زندگی 702 - 703 - 705 - 707 - 710 - 711 - 713

حق اور باطل کو جان بوجھ کر ملانے والے کی زندگی - 701 - 702 - 703 - 705 -
707 - 709 - 710 - 711 - 713 - 715 - 716 - 717 - 719

وعدہ خلاف کی زندگی 702 - 703 - 704 - 705 - 706 - 707

راشی کی زندگی 701 - 702 - 705 - 707 - 709

مرتشی کی زندگی - 702 - 704 - 706 - 708 - 710 - 711 - 712 - 713 -
714 - 715 - 716 - 717 - 718 - 719 - 720

بے ہودہ باتیں کرنے والے کی زندگی 701-703-705-706-707-709-711-713

فحاشی پسند کی زندگی 701 - 702 - 703 - 704 - 706 - 707 - 708

فحاشی کی ترغیب دینے والے کی زندگی 703 - 706 - 707

بغیر کفارہ ادا کئے قسم توڑنے والے کی زندگی - 701 - 702 - 703 - 704 -
705 - 706 - 707

مشرک بھی نہیں لیکن اللہ تعالیٰ کی ذات پر ایمان نہ رکھنے والے کی زندگی
701 - 702 - 704 - 706 - 708 - 712 - 714 - 717

اللہ تعالیٰ پر ایمان۔ یوم آخرت پر ایمان۔ اچھے کام کرنا اور شرک بھی کرنا - 701 - 702
703 - 704 - 705 - 706 - 707 - 708 - 709

اللہ تعالیٰ۔ یوم آخرت پر ایمان اور اچھے کام کرنے کے ساتھ ساتھ فرقہ پرست کی زندگی
701 - 702 - 704 - 706 - 708 - 710 - 712 - 714

رقم دے کر اس پر ربوا (سود) لینے والے کی زندگی 701 - 703 - 704 - 705

زیادہ منافع حاصل کرنے کی غرض سے اشیاء صرف کی ذخیرہ اندوزی کرنے والے کی زندگی
701 - 702 - 703 - 704 - 706 - 707 - 709 - 710

کھانے پینے میں حرام حلال کی پرواہ نہ کرنے والے کی زندگی - 703 - 704 -
705 - 708 - 709

پہلے دوسروں کا حق مارنا اور پھر خیرات کرنے والے کی زندگی 702 - 704 - 706

جھوٹی قسمیں کھانے والے کی زندگی 701 - 704 - 705





قسمیں کھانے سے انسانی زندگی پر اس کے اثرات 704 - 708 - 712 - 714 - 718

قبروں پر چادریں چڑھانے والے کی زندگی 701 - 702 - 703 - 704 - 705 - 717

قبروں پر جا کر منتیں مانگنے والے کی زندگی 701 - 703

قبروں میں مدفون کو سجدہ کرنے والے کی زندگی 701 - 703

قبروں کے در و دیوار کو چومنے والے کی زندگی 701 - 702 - 703 - 704

عقائد کی بنیاد پر باہم دست و گریبان ہونے والے کی زندگی 701 - 703

عقائد کی بنیاد پر خون خرابہ کرنے والے کی زندگی 701 - 703

فرقہ پرستی کی بنیاد پر مسلح ہو کر فرقوں کو نشانہ بنانے والے 701 - 703

زندہ یا انتقال شدہ انسانوں کو مشکل کشا یا دستگیر ماننے والے کی زندگی 701 - 703

اپنے اہل و عیال سے بے خبر صرف دولت کمانے میں سرگرداں کی زندگی
701 - 702 - 703 - 704 - 705 - 707 - 709 - 711 - 713 - 714 - 715 - 717 -
719 - 720

گھر والوں سے بے خبر مگر سوشل لائف میں گرم جوشی دکھانے والے کی زندگی
701 - 702 - 703 - 704 - 705 - 706

ایسے لوگوں کی زندگی جو یہ کہتے ہیں کہ کعبتہ اللہ جانے سے کچھ حاصل نہیں اگر دل صاف نہیں 701 - 703

حج و عمرہ کی غرض سے جمع کی ہوئی رقم کو خیرات کر دینے والے کی زندگی 701 - 703

جادو۔ تعویز۔ گنڈے کرنے والے کی زندگی (عامل کی) 701 - 703

جادو۔ تعویز گنڈے کرنے والے کی زندگی (دوسروں کے خلاف)
701 - 703 - 705 - 707

کاروبار بند کرنے کے لئے جادو تعویز گنڈے کرنے والے کی زندگی (عامل کی زندگی)

701 - 703

کسی کا کاروبار بند کرنے کی غرض سے جادو تعویز گنڈے کروانے والے کی زندگی

701 - 703

کسی کو نقصان پہنچانے کی غرض سے جادو۔ تعویزوں کا سہارا لینے والے کی زندگی

701 - 703

کسی کو نقصان پہنچانے کی غرض سے جادو۔ تعویز کر کے دینے والے کی زندگی

701 - 703

پراپرٹی ڈیلر (کمیشن ایجنٹ) کی زندگی

701 - 702 - 703 - 704 -

706 - 707 - 708 - 709

اسمگلر کی زندگی 702 - 704 - 706 - 708 - 710

تاجر کی زندگی 702 - 704 - 706 - 708

موجودہ طرز کے اخباری صحافی کی زندگی 701 - 703

لائف انشورنس کروانے والے کی زندگی 701 - 703 - 704 - 705 - 706

لائف انشورنس ایجنٹ کی زندگی 702 - 707 - 708 - 709 - 710 - 711 -

712 - 713 - 714 - 715 - 716 - 717 - 718 - 719 - 720

جمہوری نظام میں حکومت کی تشکیل کے لئے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے والے کی زندگی

701 - 703 - 706 - 708 - 710



ایک پیر کی زندگی جو کہ دوسروں کو ہدایت دینے کی غرض سے مرید بناتا ہے۔

701 - 703

ایک مرید کی زندگی جو ہدایت کے لئے کسی انسان کے ہاتھ پر بیعت کرتا ہے۔

701 - 703

مزاروں کے متولی کی زندگی 701

تعویزوں کی کمائی پر گزر بسر کرنے والے کی زندگی 701 - 703

ایک تاجر کی زندگی جو قیمت فروخت مقرر کر لینے کے بعد انکار کر دیتا ہے کیونکہ قیمت بڑھ گئی ہے 703 - 704 - 705 - 707 - 709 - 711 - 713 - 715 - 717

ایک تاجر کی زندگی جو مال خرید کر بعد میں اٹھانے سے انکار کر دیتا ہے کیونکہ قیمت گر گئی ہے 701 - 703 - 704 - 705 - 706

مال فروخت کرنے کے بعد مال واپس نہ کرنے والے کی زندگی کیونکہ مال نمونہ کے مطابق نہیں ہے 701 - 703 - 705 - 707 - 708 - 710 - 711 -

713 - 714 - 715 - 718 - 720

کسی انسان کو ایسے الفاظ سے مخاطب کرنے والا کہ اسی نام سے اسے پکارا جائے تو وہ غصہ کھا جائے 701 - 703 - 705 - 709 - 711 - 713 - 715 - 717

انسانوں کو گدھا کہنے والے کی زندگی 702 - 703 - 705 - 707

ہر ایک کو گدھا اور اپنے آپ کو عقلمند سمجھنے والے کی زندگی 701 - 703 -

705 - 706 - 707 - 709 - 711

وعدہ کرنے والے کی زندگی 702 - 704 - 706 - 708 - 710 -

712 - 714 - 716 - 718 - 720

وعدہ کرتے وقت دل میں یہ ارادہ رکھنا کہ وعدہ کر لینے میں کیا حرج ہے 701 - 703 - 705 - 709 - 711

وعدہ کر کے ٹالتے جانے والے کی زندگی 702 - 703 - 705 - 708 - 710 - 711 - 712 - 715 - 716 - 720

اوروں کو نصیحت کرنا مگر خود اس پر عمل نہ کرنا 701 - 702 - 703

قوم کا مال لوٹ کر عیش کرنے والے کی زندگی 701 - 703 - 705 - 709 - 713 - 715

دوسروں پر زبردستی اپنے فیصلے مسلط کرنے والے کی زندگی 703 - 709 - 710

ملازمین سے مقررہ اوقات سے زیادہ کام لینا اور اجرت مقرر کردہ دینے والے کی زندگی 702 - 703 - 705 - 707

(1) کسی سے بیگار لینے والے کی زندگی (2) حرام رشتوں سے ناجائز تعلقات رکھنے والے کی زندگی 703 - 704 - 705 - 707

لوگوں سے خوشامد کروانے والے کی زندگی (خوشامد پسند) 703 - 707 - 709 - 713 - 715 - 717

برہ فروش کی زندگی 702 - 705 - 707 - 709

کسی کی خوشامد کرنے والے کی زندگی 702 - 705 - 708 - 709 - 711 - 713 - 714

رسہ گیر کی زندگی 701 - 702 - 703

جگہ جگہ اپنی شرافت کا ڈھنڈھورا پیٹنے والے کی زندگی 701 - 703 - 705 - 707 - 708

ہوائی قلعے تعمیر کرنے والے کی زندگی 702 - 703 - 707 - 708 - 710 - 711 - 713

بچوں کو اغوا کر کے بیگار کیمپوں کے مالکوں کے ہاتھوں فروخت کرنے والے کی زندگی 701 - 703 - 707





اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق سے پہلے انسان کے بارے میں ملائکہ سے کہہ دیا تھا کہ وہ ایک آدم یعنی بشر انسان بنانے جا رہا ہے جب وہ اسے مکمل کرلے تو ملائکہ اس کی فرمانبرداری اختیار کریں۔ پھر جب انسان کی تخلیق مکمل ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے ملائکہ سے کہا کہ آدم کی فرمانبردار کرنے کا عملی ثبوت یہ دیں کہ اس کے سامنے اپنا سر نگوں کر دیں۔

ملائکہ کا آدم کو سجدہ کرنا کوئی گارڈ آف آنر نہیں ہے بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ ملائکہ انسانوں کی فرمانبرداری کریں اور فرمانبرداری کا مطلب اس کے حکم کے سامنے جھکیں اور اس کام کو سرانجام دیں جس کے لئے انسان ملائکہ کو حکم کرے۔

ملائکہ تو دور کی بات ہے خود انسان ابھی تک اپنی زندگی کے بارے نہیں جان سکا

کہ زندگی کیا ہے؟ اس کے لئے جو لفظ روح کا استعمال کیا جاتا ہے وہ بجائے خود قرآنی تعلیمات کے خلاف ہے۔

روح۔ اسے قرآن مجید میں امر ربی کہہ کر پکارا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ خالق ہے اور اللہ تعالیٰ کا ہر ایک حکم خالق کے زمرہ میں آئے گا۔ جبکہ زندگی مخلوق ہے۔ زندگی تخلیق کی گئی ہے اور امر ربی تخلیق نہیں کیا گیا بلکہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔ لہٰذا یہ کہنا کہ روح زندگی ہے۔ جہالت کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

روح دراصل وہ قوانین ہیں جو کہ اللہ تعالیٰ انسانی دماغ میں محفوظ کر دیتا ہے اس لمحہ کو جس لمحہ وہ قانون جس کا ذکر شروع میں گزر چکا انسانی پیدائش کے فوراً بعد انسانی دماغ میں جب محفوظ کئے جاتے ہیں تو اس لمحہ کو روح پھونکنا سے تعبیر کیا گیا ہے۔ خود انسان کے سامنے دو زندگیاں رکھی گئی ہیں۔ ایک مثبت زندگی اور ایک منفی زندگی

چونکہ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک زندگی سے منسوب ایک خاص قلب کر رکھا ہے۔ لہٰذا یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ ایک ہی زندگی کے دو مختلف پیکر یا قالب ہوں۔

مرد کی زندگی اور اس کو ملنے والا پیکر عورت کی زندگی اور اس کے پیکر سے مختلف ہو گا تو تب ہی دونوں قالب الگ الگ ہوں گے۔

اگر کھجور اور آم کے درخت کی زندگی ایک ہی ہوتی تو پھر یا دونوں آم کے درخت ہوتے یا کھجور کے۔ گھاس کی زندگی اور ہے۔ بانس کی زندگی اور ہے۔ گھاس کیوں گھاس اور بانس کیوں بانس ہے۔ مرد کیوں مرد ہے اور عورت کیوں عورت ہے؟ بالکل اسی طرح جیسے رات اس لئے رات ہے کہ اس میں سورج کا گزر نہیں ہوتا اور دن صرف اس لئے دن ہے کہ اس میں تاریکی کا گزر نہیں ہوتا۔



انسانی دماغ میں وہ تمام علوم محفوظ ہیں جن کی انسان کو ضرورت رہے گی۔ وہ ان علوم کی روشنی میں بعد از موت کے مناظر بھی ایسے ہی صاف دیکھ سکتا ہے۔ جیسے ایک انسان دوربین کی مدد سے ایسے ایسے تارے دیکھ سکتا ہے جو اسے بغیر دوربین کے نظر نہیں آتے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ انسان کیسے انسانی دماغ سے علوم حاصل کرے۔ کیونکہ ہر ایک دماغ کسی نہ کسی کی ملکیت ہے۔ بلکہ آج اس دنیا میں جتنے انسان ہیں اتنے ہی دماغ ہیں اور جتنے دماغ ہیں اتنے ہی کم از کم مفادات ان کے پیچھے محرک بنے ہوئے ہیں۔ ہمیں ایک ایسے دماغ کی ضرورت ہے جس پر کسی کا قبضہ نہ ہو اس کا ذاتی کوئی مفاد نہ ہو۔ اس میں صرف علوم الٰہی ہوں۔ جس سے مستفید ہوا جا سکتے۔ اسی سوچ نے اللہ تعالیٰ کے حضور رجوع کیا۔ اس سے دعا کی اور جب شدت طلب اور وقت دعا ایک ساتھ مل جاتے ہیں تو وہ لمحہ منظوری دعا کا ہوتا ہے۔

اتنا بڑا کام ایک انسان انسانی دماغ تخلیق کرے اور اس سے علوم بھی حاصل کرے کسی انسان کی دسترس میں نہیں۔ یہ اسی وقت ممکن ہوتا ہے جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی نصرت بھی شامل حال ہو۔

SRH+B2 سے حاصل شدہ علوم کتاب مستور کے صفحات پر بکھرے پڑے ہیں اسی SRH+B2 انسانی دماغ سے اس کی جو جو خوبیاں سامنے آئیں۔

1- انسانی نطفہ کی زندگی۔

2- ایک لڑکی کی پیدائش کے وقت زندگی۔

3- لڑکی جب جوان ہوتی ہے تو اس وقت اس کی زندگی کیا ہوتی ہے۔

4- ایک لڑکے کی زندگی جب وہ پیدا ہوتا ہے۔

5- پھر جب وہ بلوغت میں قدم رکھتا ہے تو اس وقت اس کی زندگی کیا ہوتی۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں کون سی زندگی معیار مقرر کی گئی ہے۔

انسانی اعمال سے انسانی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ آئینہ اعمال میں آپ دیکھیں گے۔ بیماریاں کیوں انسان پر حملہ آور ہوتی ہیں۔ اگر آپ آئینہ اعمال اور بیماریوں کے روشیدہ سیٹ کے درمیان موازنہ کریں گے تو یہ حقیقت کھل کر سامنے آ جائے گی کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان کہ جو کچھ بھی انسان کو مصیبتیں پہنچتی ہیں وہ خود انسانی اعمال کا ہی نتیجہ ہوتی ہیں کا ثبوت مل جائے گا۔

جب انسان اپنے اندر کی زندگی جو کہ پیدائش کے وقت اس کے لئے معیار مقرر کی گئی ہوتی ہے اسے چھوڑ کر خود اپنی مرضی سے زندگی گزارنے کے لئے قدم اٹھاتا ہے تو اس نئی زندگی کا اس معیاری زندگی سے تصادم ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ چونکہ کسی پر ظلم نہیں کرتا بلکہ انسان خود اپنے آپ پر ظلم کرتا ہے کے مطابق انسان اپنی پسند کی زندگی کی وجہ سے خود ہی پکڑا جاتا ہے۔

انسانی دماغ کے مختلف حصوں سے ہر وقت لہریں نکلتی رہتی ہیں۔ ان لہروں کو ایک خاص جگہ پر مرکوز کرنے کا کام SKULL کھوپڑی کرتی ہے۔ دماغی حصوں سے نکلنے والی لہروں کی اپنی ایک الگ خاصیت ہے۔ لیکن جب یہی لہریں ایک خاص مقام پر اکٹھی ہوتی ہیں تو ان کے باہم ملنے سے ایک نئی لہر سامنے آتی ہے جو کہ ان سب سے الگ خاصیت کی حامل ہوتی ہے جس کے ملنے سے یہ لہر بنتی ہے۔ مثال کے طور پر 703-701 ان دونوں کے ملنے سے جو لہر سامنے آئے گی اس کی خاصیت یہ ہو گی کہ وہ سرکش ہو گی، چالاک عیار ہو گی۔ دھاکے باز ہو گی اور سرکش اتنی کہ خود اللہ تعالیٰ کے سامنے اکڑ کر



کھڑی ہو جانے والی۔

جس طرح کہ ہم نے اوپر کہا ہے کہ ہر ایک زندگی کا اللہ تعالیٰ نے ایک پیکر بنا رکھا ہے۔ اسی طرح 703 - 701 کی زندگی کا بھی ایک پیکر ہے۔ 703-701 سرکش زندگی ابلیس کی زندگی ہے۔ یہی زندگی جب کسی محسوس پیکر میں سامنے آتی ہے تو وہ پیکر خنزیر کا پیکر ہے۔ گویا اگر کسی نے ابلیس کو مجسم صورت میں دیکھنا ہو تو وہ خنزیر کو دیکھ لے۔

اسی طرح ہر ایک پیکر کے ذمہ کچھ ذمہ داریاں اللہ تعالیٰ نے منسوب کر رکھی ہیں۔ لہٰذا ان ذمہ داریوں کو پورا کرنا۔ اس زندگی اور اس کے لئے دیئے گئے بدن یا پیکر پر لازم آتا ہے۔ **مثلاً** خود انسان کی زندگی اور اس کا بدن

انسانی بدن کو جس زندگی سے نوازا گیا ہے۔ اس زندگی اور بدن کا تقاضا یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی محکومیت اختیار کرے۔ اگر ایک انسان اس بدن کو تو قائم رکھتا ہے لیکن اس زندگی کے مطابق کام نہیں کرتا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس نے معیاری زندگی کو ٹھکرا کر خود اپنی زندگی تخلیق کر لی ہے۔ جس کا دوسرا مطلب یہ ہے کہ وہ یہ چاہتا ہے کہ اس نے جو زندگی خود اپنے لئے پسند کی ہے وہی اسے منظوری ہے۔ اس طرح ایک انسان ایک وقت میں بہت سی زندگیاں اپنے لئے تخلیق کرتا چلا جاتا ہے اور اس کی ہر ایک زندگی کو اس کا اپنا ہی دماغ مختلف سیٹ کی صورت میں محفوظ کرتا چلا جاتا ہے۔ جتنے بھی منفی کردار انسان اپنی زندگی میں ادا کرتا ہے ان سب کے سیٹ انسانی ذہن میں محفوظ کر لئے جاتے ہیں۔ گویا دوسرے الفاظ میں یہی اس کا اعمال نامہ تیار ہوتا چلا جاتا ہے۔

اس کے برعکس ایک انسان جب کوئی مثبت کام کرتا ہے تو اس کے اس عمل سے اس کی معیاری زندگی کا سیٹ مزید پختہ ہو جاتا ہے۔ اس کی ذات کی نشوونما ہوتی ہے اور

یہی ذات بعد از موت زندگی یا ذات کے ارتقائی منازل طے کرنے کے قابل ہوتی ہے۔

SRH+B2 سے علم حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ آپ جس علم کے بارے میں معلومات لینا چاہتے ہیں اس کے بارے ایک تحریر لکھیں۔ **مثلاً** آپ تخلیق آدم کے بارے میں علم حاصل کرنا چاہتے ہیں اس کے لیے آپ عبارت یوں تحریر کریں گے۔

تخلیق آدم کے بارے میں علم حاصل کرنے کے لئے

اس تحریر کو کاٹ کر کپ میں رکھیں اور جب تک آپ اس موضوع پر کام کر رہے ہیں اس تحریر کو اندر ہی پڑا رہنے دیں اور اس کے ساتھ ساتھ جو جو آپ پوچھنا چاہتے ہیں وہ لکھ کر کپ میں رکھ دیں۔ پنڈولم کو دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اور انگوٹھا سے دھاگہ کو پکڑ کر پنڈولم بیڈ سے نصف انچ بلندی پر معلق کر دیں۔ تقریباً نصف منٹ کے بعد پنڈولم حرکت کرنے لگے گا۔ جب پنڈولم ایک خاص سمت میں اپنی حرکت شروع کر دے اور اس کی حرکت میں شدت بھی ہو تو اس کو نوٹ کر لیں اگر حرکت گھڑی کی چال کے مطابق ہے تو جواب ہاں میں ہے اور حرکت گھڑی کی چال کے الٹ ہے تو پھر جواب منفی یعنی نہیں ہے۔ اس طرح جو جو مثبت آئیں انہیں لکھتے جائیں۔ جب ایک سیٹ مکمل ہو جائے گا تو پھر پنڈولم بھی حرکت نہیں کرے گا۔

تخلیق آدم پر تحقیق کرتے ہوئے قدم قدم پر سوال کرنے کی ضرورت ہو گی۔

1- انسانی نطفہ کی زندگی۔

2- پیدائش کے بعد ایک لڑکے کی زندگی۔

3- پیدائش کے بعد ایک لڑکی کی زندگی۔

4 سجدہ آدم کے دوران ٹھکرائے ہوئے ابلیس کی زندگی۔



5- ایک لڑکا جب بلوغت میں قدم رکھتا ہے تو اس وقت ایک مرد کی زندگی۔

6- جب ایک لڑکی بلوغت میں قدم رکھتی ہے تو اس وقت اس کی زندگی۔

اگر آپ انسانی اعمال سے انسانی زندگی پر ہونے والے اثرات کا علم حاصل کرنا چاہتے ہیں ایسے میں ایک پرچی پر یہ عبارت لکھیں۔

انسانی اعمال سے انسانی زندگی پر پڑنے والے اثرات کے متعلق علم حاصل کرنے کے لئے۔ اس پرچی کو کپ میں پڑا رہنے دیں اور اس کے ساتھ مزید پرچی اس عمل کے بارے لکھ کر رکھیں اور پنڈولم سے سیٹ ترتیب دیں۔

مثال کے طور پر۔ آپ نے مندرجہ بالا پرچی کپ میں رکھ دی ہے اور دیکھنا یہ چاہتے ہیں کہ ایک ایسا شخص جو ذاتی مفاد حاصل کرنے کے لئے سب کچھ کر گزرتا ہے تو اس کی زندگی کا سیٹ کیا ہے۔ یہ یاد رہے کہ ایک معیاری زندگی کا حامل شخص ایسا کرتا ہے تو اس وقت اس کی معیاری زندگی کا سیٹ باقی نہیں رہتا۔ یہ دیکھنے کے لئے آپ ایک دوسری پرچی پر لکھیں۔ ذاتی مفاد حاصل کرنے کے لئے سب کچھ کر گزرنے والی زندگی۔ یہ پرچی بھی پہلی پرچی کے ساتھ کپ میں رکھ دیں اور پنڈولم سے سیٹ تلاش کریں۔ اس کا سیٹ ہے۔ 703 - 702 - 701 گویا ایک معیاری انسان ایک ہی جست میں تمام حدود کو پھلانگ گیا اور انسانی زندگی سے نکل کر وہ بندر کی زندگی اپنا لیتا ہے۔ 703 - 702 - 701 بندر کی زندگی کا سیٹ ہے۔

جب آپ علاج کے سلسلے میں مختلف بیماریوں کے حوالے سے روشیدہ سیٹ دیکھتے ہیں تو یہ سیٹ مریض کی زندگی کا ہے جو خود اس نے اپنے لئے پسند کی ہوتی ہے۔ یہ خود پسند زندگی چونکہ انسانی پیکر کے منافی ہے۔ لہٰذا یہ خود پسند زندگی جب انسانی جسم پر اپنا تسلط چاہتی ہے تو ایسے میں انسانی بدن مختلف پریشانیوں' بیماریوں' معاشرتی ناہمواریوں'

ازدواجی تلخی' کاروبار میں خسارے' مزاج میں چڑچڑاپن' اپنے فیصلے دوسروں پر مسلط کرنے کا خبط وغیرہ وغیرہ سامنے آتے ہیں۔ ایسا کیوں ہوتا ہے۔ اسی کا جواب آپ کو سیٹ ہی میں مل جائے گا۔

انسانی معیاری زندگی 720 - 718 - 716 - 714 - 712 - 710 - 708 - 706 - 704 - 702 مثبت زندگی ہے جبکہ ایک ذاتی مفاد حاصل کرنے والے کی زندگی کا سیٹ ہے 703 - 702 - 701 سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ وہ اپنی زندگی ہی کھو بیٹھا اور جو زندگی اس نے پسند کی اس میں مثبت زندگی کا ایک جزو ہے جبکہ منفی زندگی کے دو جزو کارفرما ہیں۔ اگر آپ کسی مریض کی تشخیص کرنا چاہتے ہیں۔ تو اس کے لئے پرچی پہلے بنائیں۔ کی بیماری کے بارے علم حاصل کرنے اور تشخیص کے لئے قانون الٰہی دریافت کرنے کے لئے۔ مریض کا ہاتھ بھی اس پرچی کے ساتھ کپ میں رکھیں اور سیٹ دریافت کریں۔ اس سیٹ کو لکھ لیں آپ کے پاس روشیدہ سیٹ آگیا ہے۔ اب اس سیٹ میں جو جزو رہ گئے ہیں انہیں جب آپ لکھیں گے تو آپ کے پاس پوشیدہ سیٹ آجائے گا۔ سب سے پہلے مریض کو روشیدہ سیٹ فیڈ کریں جب وہ سیٹ منفی ہو جائے تو پھر آپ پوشیدہ سیٹ فیڈ کریں۔

اگر روشیدہ سیٹ مثبت نکلا ہے تو ایسے میں آپ کو پوشیدہ سیٹ تلاش کرنا ہوگا۔ مثال کے طور پر اگر کسی مریض کا روشیدہ سیٹ یعنی **تشخیصی** سیٹ 708 - 706 - 702 نکلا ہے تو ایسے میں مریض کا پوشیدہ سیٹ تلاش کرنا لازم ہو جاتا ہے۔ اگر آپ نے ایسے مریض کو عام طریقہ کے مطابق پوشیدہ سیٹ فیڈ کر دیا ہے تو ایسے میں مریض کبھی بھی صحت یاب نہیں ہوگا۔ اگر روشیدہ سیٹ مثبت اور منفی دونوں زندگیوں سے عبارت ہے تو ایسے میں آپ پوشیدہ سیٹ بغیر کسی خوف و خطر کے مریض کو دے سکتے ہیں۔ اگر ایک مریض غیر حاضر ہے اور اس کا علاج کرنا مقصود ہے۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل طریقہ



ہے۔

1- مریض کا مکمل نام معہ ولدیت و زوجیت تحصیل ضلع محلہ وغیرہ لکھ کر کپ میں پرچی رکھ دیں اور اس کے ہمراہ ایک دوسری پرچی پر لکھیں غیر حاضر مریض کا علاج ONAIR کرنے کے لئے اور تشخیص کے لئے قانون الٰہی دریافت کرنے کے لئے اور یہ دونوں پرچیاں کپ میں رکھ کر اس مریض کی تشخیص کریں اور **تشخیصی** سیٹ دریافت کریں اس کے بعد پوشیدہ سیٹ بھی جب آپ لکھ لیں تو ان دونوں سیٹ کو الگ الگ یا باری باری ایک خالی ڈسک پر کوڈ کریں۔

پہلے **تشخیصی** سیٹ۔ اس کے بعد علاج یا صحت یابی کا سیٹ جو کہ پوشیدہ سیٹ ہے وہ کوڈ کریں اس کے بعد ONAIR علاج کرنے کا سیٹ 709 - 707 - 706 - 705 - 704 - 702 بھی کوڈ کر لیں۔ اس کے بعد کپ سے تمام پرچیاں نکال کر اس ڈسک کو کپ میں رکھیں اور پنڈولیم کی مدد سے فی صد والی منفی ناب کو گھمائیں۔ پینڈولیم مثبت گردش کرتا رہے گا جہاں پر آکر پینڈولیم افقی چال ظاہر کرے وہ مقام نوٹ کر لیں یعنی اتنے فی صد بیماری ہے۔

اس ڈسک کو ONAIR والے فیڈر میں لگا دیں اور فیڈ کا آؤٹ پٹ کلینک سے باہر تک لے جائیں۔ کم از کم آٹھ گھنٹے کے وقفہ سے ڈسک کو چیک کریں اگر مثبت اور منفی دونوں ناب کو گھمانے سے پینڈولم منفی گردش ظاہر کرتا ہے تو اس کا مطلب ہے مریض کا علاج ہو چکا ہے۔ روشیدہ سیٹ غائب ہو چکے ہیں اور پوشیدہ سیٹ بھی کام دکھا چکے ہیں اور اگر منفی ناب کو گھمانے سے پینڈلم منفی ہو جاتا ہے اور مثبت گھمانے سے مثبت تو اس کا مطلب ہے روشیدہ سیٹ ختم ہو چکا ہے اور پوشیدہ سیٹ کام کر رہا ہے۔ جب مثبت ناب بھی گھمانے پر منفی ہو جائے تو اس کا مطلب ہے علاج مکمل ہو چکا ہے

لیکن اس کے باوجود کم از کم 48 گھنٹے تک مریض کو فیڈ کرتے رہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ جب تک مریض کے بدن پر صحت کے اثرات مرتب نہیں ہو جاتے اسے اس کی ضرورت رہے گی اور مریض پر اثرات مرتب ہونے میں کم از کم 48 گھنٹے لگ جاتے ہیں۔

ONAIR - علاج کیسے ہو جاتا ہے۔ سب سے پہلی جو بات یاد رکھنے کی ہے وہ یہ ہے کہ SRH+B2 ایک ایسا دماغ ہے جس پر کسی کی ملکیت نہیں ہے۔ بلکہ یہ ہر اس شخص کا دماغ بن جاتا ہے جس کا نام اور پتا لکھ کر اس میں رکھ دیا جائے۔ چونکہ تشخیص وغیرہ اور ڈسک کو کوڈ کرنا سب کام ہی دماغ کر رہا ہوتا ہے۔ لہٰذا یہ ڈسک دراصل اس مریض سے منسوب ہو جاتی ہے۔ دوسرا غیر حاضر مریض کا سیٹ دراصل ان ملائکہ کا سیٹ ہے جنہیں یہ کام سونپا گیا ہے کہ وہ مریض تک پہنچ کر اسے یہ روشیدہ اور پوشیدہ سیٹ دیں۔ باقی کام پھر یہ ملائکہ خود کرتے ہیں۔

ONAIR - آپ مریض کے ضائع شدہ عضو بھی دوبارہ تخلیق کر سکتے ہیں۔ ناکارہ اور فرسودہ عضو کو دوبارہ کار آمد بنا سکتے ہیں۔ اور یہ اس وقت ممکن ہو گا جب آپ غیر حاضر مریض کا علاج کرنے میں معاون ملائکہ کا سیٹ بھی اسی ڈسک میں کوڈ کرتے ہیں۔ اور اسے ONAIR علاج کرنے والے فیڈر میں لگا دیتے ہیں۔

~~Jaw~~ے جزوی فرسودہ یا ضائع شدہ زیادہ سے زیادہ 25 دنوں میں
بیضا دانی اگر کاٹ کر نکال دی گئی کی جگہ نئی تخلیق 65 دنوں میں
گردہ اگر کاٹ کر نکال دیا گیا ہے اس جگہ نیا گردہ 65 دنوں میں
رحم نکال دیا گیا ہے تو نیا رحم بھی 65 دنوں میں

اندرون بدن ضائع شدہ یا اپریشن سے نکال دیئے گئے عضو کی تخلیق جدید 65 دنوں میں جاتی ہے۔



اسی طرح اگر حمل قرار پائے پندرہ دنوں سے کم وقت ہے تو ایسے میں رحم میں بچہ کی جنس بھی تبدیل کی جا سکتی ہے۔

ایسی خواتین جو سن یاس میں ہوں انہیں اگر دوبارہ ماں بننے کی خواہش ہو تو ان کا علاج مکمل طور پر تین ماہ میں ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ چوتھے ماہ حمل سے ہونگی۔

SRH+B2 - ایک ایسا آلہ ہے جس کو استعمال کرنے والے پر منحصر ہے کہ وہ اس سے کیا کام لیتا ہے۔ اس آلہ کی مدد سے آپ تحقیق کی نئی راہیں وا کر سکتے ہیں۔ ایسے ایسے کام لے سکتے ہیں جو ناممکن تصور کئے جاتے ہیں۔ اس کا طریقہ یہی ہے کہ سب سے پہلے آپ علم حاصل کریں یعنی جو کچھ جاننا چاہتے ہیں اس کے بارے پہلے علم حاصل کریں۔ گویا یہ کام ہو بھی سکتا ہے یا نہیں۔ اگر 701 پر ناب رکھ کر جواب مثبت میں ملتا ہے تو اس کا مطلب ہے آپ اس بارے میں قانون الٰہی دریافت کر سکتے ہیں۔
اب دوسرا اقدام یہ ہے کہ آپ ایک دوسری پرچی پر اس علم کے حاصل کرنے کے لئے قانون الٰہی دریافت کریں۔ یہ پرچی بھی کپ میں رکھ دیں اور پینڈولم کی مدد سے سیٹ تلاش کریں۔

اندرونی عضو کے ضائع ہونے سے انسانی بدن اس قدر متاثر ہوتا ہے کہ اس سے اس کی کارکردگی میں فرق آ جاتا ہے جو نتائج سامنے نہیں آتے جو کہ انسانی قالب کو سونپے گئے ہیں۔ مثال کے طور پر

1- ایک عورت کی بیضا دانی میں سوزش ہوئی اور اتنی خراب ہو گئی کہ اپریشن کر کے نکال دیا گیا۔ اب اس عورت کی وہ ذمہ داری متاثر ہونگی جو کہ اس کے بدن کو

قدرت نے سونپی ہوئی ہے۔

2- ایک عورت اپنی کسی غلطی یا کوتاہی سے اپنا ایک ہاتھ ضائع کر بیٹھتی ہے۔ اس ہاتھ کے ضائع ہونے سے اس کے پیکر کو سونپی گئی ذمہ داری پر کوئی اثرات مرتب نہیں ہوتے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ اب وہ بچہ پیدا نہ کر سکے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ اندرونی عضو انسانی دوبارہ تخلیق کرنے کے لئے سیٹ دریافت بھی ہو جاتے ہیں اور اپنا کام بھی بخوبی سرانجام دیتے ہیں۔ لیکن ظاہرہ بدن پر آنے والے زخموں کے نشانات یا کٹی ہوئی انگلی وغیرہ کا جب بھی سیٹ دریافت کریں گے تو جواب میں انسانی معیاری زندگی کا ہی سیٹ ملے گا۔ اس سے یہ پتا چلا ہے کہ اس سے انسانی ذات پر یا اس ذمہ پر کچھ اثرات مرتب نہیں ہوتے۔ لہٰذا ایسے عضو کو ایسا ہی رہنے دیں۔

ایسے عضو انسانی جن کا تعلق انسانی پیکر کو سونپی گئی ذمہ داری کے بروئے کار لانے سے ہو ان کی تخلیق کے قوانین الٰہیہ تلاش کئے جا سکتے ہیں۔

انسانی زندگی کا مقصد اللہ تعالیٰ کے احکامات کی فرمانبرداری قرار پایا ہے۔ جبکہ انسانی پیکر کو جو فریضہ سونپا گیا ہے وہ ہے افزائش نسل کا۔

اسی طرح ہر ایک پیکر کے ذمہ دو کام سپرد کئے گئے ہیں۔ ایک فریضہ منفعت لئے ہوئے ہوتا ہے اور دوسرا کام اس کے ذمہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنی بقا کا سامان بھی کرے اور اپنی نسل کو آگے بڑھائے۔

انسان اور باقی زندگیوں میں ایک بنیادی فرق یہ ہے کہ انسان انسان ہی پیدا ہوتا ہے اور اس کے عمل کے نتیجہ میں باقی زندگیاں سامنے آتی ہیں۔ انسان تمام زندگیوں کی اصل ہے۔ انسان جو عمل کرتا ہے اس میں مثبت اور منفی عمل سامنے آتے ہیں۔ مثبت



عمل اور اس سے عبارت مثبت زندگی موت کے بعد مزید ارتقاء حاصل کرتی ہے۔ یاد رہے کہ ہم نے زندگی کہا ہے نہ کہ انسانی پیکر کی بات کی ہے۔ اس کے برعکس منفی زندگی جس نے دنیا ہی کی زندگی کو اصل قرار دے لیا ہوا ہوتا ہے اور زندگی کے آگلے مرحلے سے آنکھیں بند کئے ہوئے صرف اور صرف دنیا ہی کو اپنا لیا ہوتا ہے۔ وہ انسان اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی مثبت راہوں سے انحراف کرتا ہے اور اپنی پسند کی زندگی گزارنے لگتا ہے اور پھر قدم قدم پر زندگی کو بدلتا چلا جاتا ہے۔ اس بات سے بے خبر ہو کر کہ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک زندگی کے لئے الگ الگ پیکر تجویز کر رکھے ہیں۔ جیسی زندگی ویسا پیکر۔ اور پھر ہر ایک پیکر سے وابستہ اس کے کام کی نوعیت۔ انسان یہ سمجھتا ہے کہ وہ دنیاوی زندگی اللہ تعالیٰ کے احکام سے بے گانہ ہو کر گزارے گا اور اس کی فرمانبرداری نہیں کرے گا۔ ایسے میں وہ خود اپنے لئے ایک ایسی زندگی کا انتخاب کر رہا ہوتا ہے جس زندگی کا مقصد ہے مجبوراً" اللہ تعالیٰ کی فرمانبردار کرنا۔ انسانی زندگی کے ہوتے ہوئے تو انسان خود کو ایک قانون سے آزاد تصور کرتا ہے۔ لیکن جو زندگی وہ منتخب کر رہا ہوتا ہے وہ ایسی زندگی ہو گی جس سے فرار نہیں ہو گا اور فرمانبرداری کرنا اس کی بنیاد ہو گی۔ ایک ایسی زندگی جس میں اسے تمام نعمتوں سے محروم کر دیا جائے گا۔ وہ آسائشیں جن کے حصول کے لئے انسان ہر کام کر گزرنے کے لئے کمربستہ ہوتا ہے۔ اگلی زندگی میں اس سے چھین لی جائیں گی۔ وہ بدلہ ہو گا اس بات کا کہ انسان نے اس زندگی کو ٹھکرا دیا تھا جو مثبت زندگی اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے مقرر کی تھی اور پھر انسان پر جبر نہیں کیا تھا۔ اسے اس کے اپنے اختیار میں دے دیا تھا کہ وہ کون سی زندگی میں رہنا پسند کرتا ہے۔

انسانی زندگی پر انسانی اعمال کے اثرات اور پیکر زندگی دونوں کو سامنے رکھ کر فیصلہ کریں۔

قرآن کریم میں ارشاد ہے۔ "ہم نے ہی تمہارے درمیان موت مقرر کی اور ہم اس بات سے عاجز نہیں کہ ہم تمہارے حالات بدل دیں اور ہم تمہیں ایسا پیدا کریں جسے تم جانتے ہی نہیں۔ 56/60-61

اللہ تعالیٰ کسی پر ظلم نہیں کرتا انسان خود ہی اپنے آپ پر ظلم کرتا ہے۔ زمین میں جو مصیبت آتی ہے اور جو مصیبت بھی خود تم لوگوں پر آتی ہے تو وہ ظاہر ہونے سے پہلے ہی کتاب میں (لکھی) ہوتی ہے۔ یقیناً" یہ بات اللہ کے لئے آسان ہے۔ 57/22 القرآن

انسانی دماغ ہی وہ کتاب ہے جس میں وہ مصیبت پہلے سیٹ کی صورت میں محفوظ کر دی جاتی ہے۔ سیٹ کے ترتیب پانے اور اس سیٹ کے نتائج سامنے آنے کی درمیانی مدت دراصل وقت مہلت ہوتی ہے۔ اگر انسان اس کے تدارک کے لئے عمل کر لیتا ہے یا اللہ تعالیٰ کے حضور رجوع کرتا اور توبہ کر لیتا ہے تو ایسے میں اللہ تعالیٰ اس کے نتائج سے اس شخص کو محفوظ کر لیتا ہے حفاظت فرما لیتا ہے اور انسانی دماغ میں بنے ہوئے سیٹ کو ختم کر دیتا ہے اور اگر انسان نتائج سے آنکھیں بند کئے ہوئے اپنی روش پر قائم رہتا ہے تو پھر اس کے نتائج سامنے آ جاتے ہیں اور اس وقت پھر نہ تو توبہ کام آتی ہے نہ صدقات و خیرات وغیرہ۔

انسانی دماغ کے مختلف حصے انسانی دماغ پر دو طرح سے اثرات مرتب کرتے ہیں۔

1- حرام مغز کے ذریعہ سے بدن میں پھیلے ہوئے اعصاب کے ذریعہ سے دماغی پیغامات کو بدن پر لاگو کرتے ہیں۔ انسان سوچتا ہے اور اس کے بدلے میں پھر وہ کام کرتا ہے۔

2- انسانی دماغی حصوں سے جو الگ الگ فریکونسی خارج ہوتی ہے ان کے آپس



میں ملنے سے انسانی زندگی پر انسانی عمل سے پڑنے والے اثرات کا ایک ڈیٹا بنتا چلا جاتا ہے۔ جیسے انسانی دماغ سیٹ کی صورت میں اپنے اندر محفوظ کر لیتا ہے۔ انسانی دماغ کے ان حصوں سے نکلنے والی فریکونسی کی لہریں مختلف ہوتی ہیں۔ مگر جب وہ فری کوینسی کی لہریں باہم ملتی ہیں تو اس کے نتیجے میں ایک تیسری لہر یا فری کوینسی بنتی ہے جو کہ ان دونوں سے نہ صرف مختلف ہوتی ہے بلکہ اس کے خواص بھی مختلف ہوتے ہیں۔

مثلاً" 720 - 718 - 716 - 714 - 712 - 710 - 708 - 706 - 704 - 702 یہ مثبت زندگی ہے۔ ان کے باہم ملنے سے ایک الگ لہر پیدا ہو گی یا ان سب کے ملنے سے ایک ایسی فری کوینسی سامنے آئے گی جس کی خاصیت یہ ہے کہ انسانی پیکر اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرے۔ اس کے احکام کے سامنے سر تسلیم خم کرے۔ اپنی خواہشات کو اللہ تعالیٰ کے احکام کے سامنے آتے ہی ٹھکرا دے۔

## طریقہ علاج

اس طریقہ علاج کا ابھی کوئی نام نہیں رکھا گیا ہے۔ آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ ایک درست انسانی علاج کا طریقہ ہے۔ جس سے انسانی زندگی کے بدلتے ہوئے انداز کو درست کیا جاتا ہے اور اسے ایک بار پھر مثبت زندگی کی طرف لایا جاتا ہے۔ تاکہ وہ ایک بار پھر فیصلہ کر سکے کہ اسے وہ زندگی پسند ہے جس کے نتیجہ میں اسے پریشانیوں الجھنوں اور بیماریوں کا تحفہ ملا تھا یا مثبت زندگی جس میں خیر ہی خیر ہے۔ اس کے علاج کے لئے سب سے پہلے جس سامان کی ضرورت پڑے گی وہ ہے

کم از کم ایک عدد SRH+B2 کمپیوٹر۔ کم از کم چھ عدد کرسیاں۔ جن کی پشت اور سیٹ میں فیڈنگ کے لئے کنکشن دیا گیا ہے اور ان کے ہمراہ چھ عدد فیڈر۔

یہ علاج مہینوں سالوں یا ہفتوں کا نہیں ہے بلکہ صرف تین گھنٹوں سے لے کر تین دن کا ہے۔ اور ایسے مریض جو لاعلاج ہوں ان کے لئے زیادہ سے زیادہ دو ہفتے درکار

ہیں۔

سب سے پہلے مریض کا متعلقہ بیماری کا دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ دریافت کریں جو کہ تشخیصی سیٹ ہوگا اس کے لئے آپ اس کتابچہ کا مطالعہ کریں جو کہ سامان کے ہمراہ دیا گیا ہے۔ ڈسک کوڈ کر کے فیڈر میں لگا دیں اور کرسی کی وہ تار جو کہ فیڈر سے منسلک کرنے کے لئے ہے اسے فیڈ میں لگا دیں اور مریض کو کرسی پر بٹھا دیں۔

مریض کے بال اپنے پاس پڑیا میں محفوظ کر کے اس پر مریض کا نام یا کرسی نمبر لکھ کر رکھ لیں۔ تمام مریض کرسیوں پر بیٹھا کر انہیں پھر کم از دو گھنٹے کے بعد چیک کرنا شروع کریں۔ بال SRH+B2 کمپیوٹر میں رکھیں اور مریض کے فیڈر سے ڈسک نکال کر اس کی نقل تیار کریں اور مریض کی ڈسک فیڈر میں لگا کر نقل سے مریض کی بیماری کی پڑتال کریں۔

منفی (-) ناب اور مثبت (+) ناب دونوں اگر منفی بتا رہی ہیں تو اس کا مطلب ہے فیڈنگ مکمل ہو چکی ہے۔ مریض کو جانے دیں اور کم از کم ایک ہفتہ کے بعد دوبارہ چیک کرنے کے لئے بلائیں۔

منفی (-) اگر ناب منفی بتا رہی ہے اور مثبت (+) ناب گھمانے سے مثبت ظاہر کرنے لگے تو دیکھیں کہ کتنے فی صد مثبت ہے۔ جب یہ بھی آہستہ آہستہ منفی پر چلی آئے اور پینڈولم بھی منفی گردش کرتا ہے خواہ منفی (-) یا مثبت (+) دونوں ناب پوری کی پوری کھول دی گئی ہوں تو اس کا مطلب ہے فیڈنگ مکمل ہو گئی ہے۔

دماغ میں رسولی، دل میں ہر قسم کی خرابی یا بیماری پتھری وغیرہ، پستانوں میں سرطان گلٹیاں وغیرہ حیرت انگیز طریقہ سے صحت یاب ہوتے ہیں



سب سے منفرد بات جو اس طریقہ علاج میں ہے وہ یہ ہے کہ اس طریقہ علاج سے سب سے پہلے انسان کو یہ سمجھایا ہے کہ انسان کو بیماریاں - پریشانیاں وغیرہ ایسے ہی نہیں دبوچ لیتیں بلکہ یہ سب کچھ انسان کے خود اپنے عمل سے ہوتا ہے۔ جس کو ہم رابطہ سیٹ کے آئینہ میں دیکھ سکتے ہیں۔ خود قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ

زمین میں جو مصیبت آتی ہے۔ اور جو مصیبت بھی خود تم لوگوں پر آتی ہے۔ تو وہ ظاہر ہونے سے پہلے ہی کتاب میں (لکھی) ہوتی ہے۔ یقیناً" یہ بات اللہ کے لئے آسان ہے۔ 57/22 آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ کس طرح اللہ تعالیٰ انسان سے کہہ رہا ہے۔ اسے اگاہ کر رہا ہے۔ کہ پہلے مصیبت لکھی جاتی ہے اور پھر اس کے بعد اس کا ظہور ہوتا ہے۔ یعنی سب سے پہلے انسانی دماغ میں انسانی اعمال کے نتیجہ میں سیٹ ترتیب پاتے ہیں۔ اس کے بعد جب سیٹ پختہ ہو جاتا ہے تو پھر اس سے ایک مشترکہ لہر نکلتی ہے۔ جو انسانی بدن پر اثرانداز ہوتی ہے۔ جس طرح انسانی دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ انسانی شخصیت پر اثرانداز ہوتے ہیں۔ اسی طرح یہی سیٹ انسان معاشرہ پر اثرانداز ہوتے ہیں۔

وہ معاشرہ جس میں اکثریت کے سیٹ ایک جیسے ہوں۔ اس معاشرہ میں اسی کا پرتو ملے گا۔ اگر تمام افراد معاشرہ کے سیٹ منفی ہیں تو ایسے میں وہ معاشرہ انحطاط کا شکار ہوگا۔ ہر ایک فرد دوسرے فرد کا دشمن ہوگا۔ ہر ایک اپنے آپ کو حق بجانب اور دوسرے کو ظالم کہے گا۔ اور اگر اکثریت ایسے افراد کی ہے جن کے سیٹ مثبت ہیں تو پھر معاشرہ پرسکون اور جذبہ ایثار سے سرشار ہوگا۔ ہر کوئی دوسرے کے مفاد کا نگہبان ہوگا۔ تعمیری سوچ ہوگی۔ آج اگر دنیا کے کونے کونے میں لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم ہے تو اسکی اصل وجہ یہ ہے کہ اب ہر ایک شخص کا ایک الگ رابطہ سیٹ ہے۔ جو کسی دوسرے شخص سے

نہیں ملتا۔ اگر ایک ہی گھر کے افراد میں اتفاق نہیں ہے تو اسکی وجہ صاف ظاہر ہے۔ کہ ان کے رابطہ سیٹ باہم متصادم ہیں۔

انسانی دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ انسانی شخصیت کی تعمیرو تخریب میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ انسان اگر منفی روش کو ترک کرنا چاہتا ہو تو ایسے میں سب سے اچھا اور احسن طریقہ یہ ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی غلطیوں کا اعتراف کرے۔ اپنے اندر احساس قبول جرم پیدا کرے اور اس کے بعد توبہ کے لئے دست دعا بلند کرے۔ اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو جو خالصتاً" اس کے حضور رجوع کرتا ہے اس پر اپنے رحمت فرماکر حفاظت کرلیتا ہے۔ گویا وہ سیٹ جو کہ اس کے منفی عمل سے ترتیب پاچکے تھے۔ انہیں محو کردیا جاتا ہے۔ اور دوبارہ ایک وقت مقرر تک انسان کو چھوڑ دیا جاتا ہے۔ تاکہ یہ دیکھے۔ کہ آیا وہ شخص اپنی توبہ پر قائم ہے۔ جہاں کہیں پر پھر انسان بھٹکتا ہے تو ایسے میں پھر رابطہ سیٹ ترتیب پانے لگتے ہے۔

اس طریقہ علاج میں انسان کو آگاہ کردیا جاتا ہے۔ کہ اگر اس کا ایمان مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے پر ہے اور یہ ایمان رکھتا ہے۔ کہ اس زندگی میں کئے ہوئے عمل کے نتائج سے دوچار ہونا ہے تو پھر اسے چاہیے کہ اپنی زندگی اپنے طرز عمل پر نظر ثانی کرے۔ گویا اس طرح انسان کو فساد سے ہٹاکر معاشرہ میں مثبت زندگی گزارنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ اور مرنے کے بعد بھی زندگی میں خوشگواریاں حاصل کرنے کے لئے ایک جذبہ محرکہ اجاگر کیا جاتا ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ یہ بات بھی ابھر کر سامنے آتی ہے۔ وہ یہ ہے کہ اکثر لوگ یہ پوچھتے ہیں۔ کہ اس بات کا کیا ثبوت ہے کہ انسان کے دماغ میں پیدا ہونے والے منفی



رابطہ سیٹ ختم ہوگئے ہیں۔ اور زندگی ایک بار پھر عود کر آئی ہے۔ کیونکہ زندہ تو وہ ہر حالت میں ہے۔ نہ مثبت زندگی کے نکلنے سے اور نہ ہی منفی زندگی کے ہوتے ہوئے وہ موت سے دوچار ہوا۔

انسان ہر قدم پر ایک سانس میں ایک نئی زندگی قبول کرتا چلا جاتا ہے۔ مثلاً" جھوٹے کی زندگی' منافق کی زندگی' وعدہ خلاف کی زندگی' پرہیز گاری کے پردہ میں عیار انسان کی زندگی وغیرہ وغیرہ۔

ایک زندگی نکلتی ہے تو اس کی جگہ لینے کے لئے دوسری زندگی سرعت کے ساتھ اس جگہ پر قبضہ کرلیتی ہے جہاں سے مثبت زندگی نے کوچ کیا ہے اسی طرح انسان اپنے ایک بدن میں کئی ایک زندگیاں اٹھائے ہوئے ہوتا ہے۔

اگر دل پر جھوٹ بولنے والی زندگی کا قبضہ ہے۔ تو ہاتھ میں خیانت کرنے والی زندگی ہے۔ آنکھ میں پرہیز گاری کے پردہ میں عیاری کی زندگی براجمان ہے۔ اسی طرح جگر میں منافق کی زندگی قبضہ کئے ہوئے ہے جب اتنی ساری زندگیاں ایک انسانی بدن پر یلغار کرتی ہیں۔ تو انسانی بدن کا حال کھائے ہوئے بھوسہ کی طرح ہوجاتا ہے۔ جہاں سے منفی زندگی نکالنے کی کوشش کرے وہاں قریب ہی سے دوسری منفی زندگی اس خالی جگہ پر قبضہ کرنے کے لئے ہاتھ پھلادیتی ہے۔

چنانچہ اس طریقہ علاج سے کیا یہ جاتا ہے۔ کہ بدن پر قابض زندگیوں کو سیٹ کی صورت میں تلاش کیا جاتا ہے۔ اور پھران کو نکالنے کے لئے۔ ایک دوسرا سیٹ تلاش کیا جاتا ہے۔ قابض زندگی کا سیٹ روشیدہ سیٹ ہوتا ہے۔ جب کہ اس کو نکالنے والے زندگی کا سیٹ پوشیدہ سیٹ ہوتا ہے۔ ان دونوں کو ایک کارڈ پر Inlet کیا جاتا ہے۔ اور مریض کو

فیڈ کئے جاتے ہیں۔ جیسے جیسے مریض ان کو قبول کرتا چلا جاتا ہے۔ اس کے اندر ایک اور ہی سیٹ نمودار ہونے لگتا ہے۔ جسے ہم انسانی معیاری زندگی کے نام سے پکارتے ہیں۔ جس کا سیٹ 720 - 718 - 716 - 714 - 712 - 710 - 708 - 706 - 704 - 702 اور 719 کے بارے میں ہم بتا چکے ہے۔ کہ بالغ فرد میں یہ سیٹ ہوگا۔ جب کہ نابالغ میں نہیں ہوگا۔

## قانون صحت

اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا اور یہ بتادیا کہ انسان کو اللہ تعالیٰ نے اپنی محکومیت کے لئے پیدا کیا ہے۔ وہ زندگی جو اللہ تعالیٰ کی فرمانبردار بن کر رہے اور اسی کی محکومی اختیار کرے وہ زندگی اس قالب یا پیکر میں داخل کی گئی۔ جو اس زندگی کے لئے موزوں ترین ہے۔ یعنی پیکر انسانی اللہ تعالیٰ کی اطاعت گزار زندگی۔ وہ زندگی جو اللہ تعالیٰ نے انسان کے لئے ایک معیار مقرر کی ہے وہ وہی سیٹ ہے جو اوپر مثبت سیٹ دیا گیا ہے۔

اس طریقہ علاج سے منفی سیٹ اور ان کو نکالنے والے سیٹ یعنی روشیدہ سیٹ اور پوشیدہ سیٹ جب مریض کو فیڈ کئے جاتے ہیں۔ تو ان کے نکلتے ہی انسان معیاری زندگی کا مثبت سیٹ واپس آجاتا ہے۔ جو اس بات کا واضح ثبوت ہے۔ کہ منفی سیٹ نکل چکے ہیں۔ جس طرح دن کے وقت رات اور رات کے وقت دن ناممکن ہے۔ اسی طرح انسانی جسم کے کسی حصے پر یہ ناممکن ہے کہ منفی اور مثبت سیٹ دونوں بیک وقت موجود ہوں۔

انسان کے دماغ میں بننے والے رابطہ سیٹ جو کہ خود انسان نے اپنے عمل سے ترتیب دے لیئے ہیں۔ انہیں جب ختم کیا جاتا ہے تو ایسے میں قدرت ایک بار پھر انسان پر مہربان ہوتی ہیں اور اسے اس کی وہ زندگی واپس کردی جاتی ہے جو کہ صرف اور صرف



انسانی زندگی کا خاصا ہے۔

جس طرح وہ زندگی مثبت اور منزہ ہے اسی طرح اب بدن کا وہ حصہ بھی منزہ اور ہر ایک بیماری سے پاک ہوگیا ہے۔ جہاں پر یہ زندگی دوبارہ واپس آتی ہے۔

شیطانی زندگی کی جگہ انسانی زندگی کی واپسی۔ وہ زندگی جو انسان اپنے عمل سے خود پسند کرتا ہے۔ اس زندگی کے بدلے میں جو زندگی اللہ تعالیٰ انسان کو پیدائش کے وقت دیتا ہے یہی زندگی اس کے بدن۔ اس کے پیکر کے لئے عذاب بن جاتی ہے۔ جب یہ خود پسند زندگی انسانی بدن سے نکال باہر کی جاتی ہے تو ایسے میں پھر وہی زندگی جسے انسان ٹھکرا چکا تھا واپس چلی آتی اور جب تک یہ زندگی جسم کے جس عضو میں قائم رہے گی۔ وہ عضو انسانی ہر قسم کی تکلیف اور بیماری سے محفوظ رہے گا۔

اس طریقہ علاج کے سوا اور کوئی ایسا طریقہ نہیں ہے جس سے ہم انسانی معیاری اور غیر معیاری زندگی یا مثبت اور منفی زندگی کی نشاندہی کرسکیں۔

یہ طریقہ علاج انسان کو سوچنے پر مجبور کرتا ہے۔ جبکہ باقی تمام طریقہ علاج انسان مزید برائی کے راستے پر چلنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ ہے نا بڑی عجیب۔ اور انوکھی بات۔ کہ طریقہ ہائے علاج انسان کو برائی پر کاربند اور مزید منفی راہوں پر چلنے کی ترغیب دیتے ہیں

یہاں پر سوال یہ پیدا ہوتا ہے۔ کہ وہ کیسے۔

جب انسان از خود یہ فیصلہ کرلے کہ میں ایسا کرونگا۔ تو اس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ مجھے اجر دیگا تو ایسے میں دراصل ہم خود اپنے ہاتھوں سے برائیوں کا راستہ کھول دیتے ہیں۔

**مثلاً** اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے سے اللہ کی خوشنودی حاصل ہوتی

ہے۔اس میں کوئی شک نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ خود ارشاد فرماتا ہے کہ اپنی کمائی سے آخرت کا گھر تلاش کرو۔

ہم اس حکم کے ایک حصہ پر عمل کرتے ہیں اور دوسرے کو نظرانداز کردیتے ہیں۔ ہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں مگر یہ نہیں سوچتے کہ ہم نے دولت کن ذرائع سے حاصل کی ہے۔ اور یہ دوسرا حصہ یعنی دولت کا حصول بھی جائز ہو۔ بھول جاتے ہیں۔ اور یہی سمجھ لیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے سے جنت مل جاتی ہے۔ ضرور ملتی ہے۔ اس سے کس کو انکار ہوسکتا ہے لیکن صرف ایسے اللہ تعالیٰ کے صالح بندوں کو جن کے ذرائع آمدنی بھی جائز اور حلال ہیں۔

آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے ایک حصے کو مان لینا اور اس پر عمل کرنا جبکہ اسی حکم کے دوسرے حصے کو نظرانداز کرنے سے کس قدر حقیقت سے دور ہو جاتے ہیں۔

ناجائز ذرائع آمدنی سے حاصل کردہ دولت میں سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں خیرات کرنے والی کی زندگی۔ 707 - 705 - 703 - 702 - 701 اور جائز ذرائع سے اور حلال کمائی سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے والی کی زندگی 720 - 718 - 716 - 714 - 712 - 710 - 708 - 706 - 704 - 702 جیسے کہ آپ متن کتاب میں 719 کے متعلق پڑھ چکے ہیں کہ یہ بلوغت کو ظاہر کرتا ہے۔ چنانچہ اگر کوئی شخص بالغ ہے تو اس کے سیٹ میں 719 کا اضافہ ہوگا ورنہ نہیں۔

ان سیٹوں کے روشنی میں ہم یہ بخوبی دیکھ سکتے ہیں کس طرف ہم جارہے ہیں جب تک مثبت سیٹ مکمل حالت میں رہتا ہے کوئی بیماری نہیں لگتی لیکن ایسا بھی ہوتا ہے کہ



انسان اپنی مثبت شخصیت کو برقرار نہیں رکھ سکتا۔ اور نہ ہی وہ منفی کام کرتا ہے تو ایسے میں اس کی مثبت شخصیت میں زوال یا انحطاط ہوتا ہے۔ مثلاً" 710 - 708 - 706 - 704 - 702 اگر اتنی سی زندگی باقی رہ گئی ہے تو ایسے میں بھی انسان بیمار ہوجاتا ہے معاشرتی پریشانی سامنے آجاتی ہے۔ اس سے یہ بات واضح طور پر سامنے آجاتی ہے کہ انسان اپنی انسانی زندگی کے معیار کو جہاں ایک طرف منفی طرز زندگی سے محفوظ رکھتا ہے۔ تاکہ تعمیری سوچ پیدا ہو۔ تعمیری کام کرسکے۔ وہاں دوسری طرف انسانی زندگی کے معیار کو بھی پورے جزیات کے ساتھ قائم اور برقرار رکھنا بہت ضروری ہے۔ ورنہ دونوں صورتوں میں پریشانیاں اور بیماریاں انسان کو گھیرلیں گی۔ اگر ہر ایک انسان اس حقیقت سے آشنا ہوجائے تو پھر اسے اپنا کولیسٹرول یا بلڈپریشر چیک کروانے کی بجائے اپنی شخصیت کی پڑتال کرے۔ تو ایسے میں انسان کو دوہرا فائدہ ملے گا۔ اس دنیا میں سکون بیماریوں پریشانیوں سے نجات اور جب زندگی معیار خداوندی پر گزاری ہوگی۔ تو پھر انشاء اللہ مرنے کے بعد کے ثمرات سے مستفید ہونا لاریب حقیقت بن کے سامنے آتی ہے۔

اگر انسان بیماری کے دوران یہی سوچتا رہے کہ چاہے جتنے پیسے لگیں مگر آرام ملنا چاہیے۔ تو ایسی سوچ دراصل مجرم ذہن پیدا کرتی ہے۔ جو جی چاہیے کرتے پھرے اور جب انسانی اعمال کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ گرفت کرے تو اس سے نجات کے لئے رقم خرچ کرکے صحت حاصل کرلی جائے۔ بغیر یہ سوچتے ہوئے کہ اسے بیماری اس کے کس عمل کے نتیجہ میں لگی ہے۔ ایلوپیتھک طریقہ علاج نے سب سے پہلا کام ہی یہ کیا کہ انسان کو حیوان ثابت کیا۔ اور اس کے بعد یہ کہنے کی ضرورت نہ رہی کہ حیوانوں کے لئے جنت اور دوزخ کا کوئی تصور نہیں ہے۔ یعنی کھلی چھوٹی جو جی میں آئے کرتے پھروں۔ بس اتنا

کرو کہ جب بیمار ہو جاؤ تو اس کے لئے دوا کھالیا کرو۔

انسان دوا کھا کر وقتی طور پر "صحت حاصل" تو کر لیتا ہے۔ مگر اس کے دماغ میں بننے والے وہ لاسلکی رابطہ سیٹ ختم نہیں ہوتے بلکہ مزید پختہ ہو جاتے ہیں۔ اور جب یہ لاسلکی رابطہ سیٹ عمر پیری میں اپنا کام دکھاتے ہے تو اس وقت بقول شخصے

الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا۔

آپ اس حقیقت کو اچھی طرح جانتے ہیں کہ جاہل کے مقابلہ میں ایک باعلم انسان زیادہ ٹھنڈے مزاج کا ہوتا ہے جاہل جلد سیخ پا ہو جائے گا۔ جبکہ عالم انسان ٹھنڈے دل سے بااخلاق طریقہ سے گفتگو کو جاری رکھے گا۔ جاہل کے پاس علم نہیں ہوتا۔ وہ علم والے کی بات کا جواب نہیں دے سکتا۔ لہذا وہ غصہ میں آجائے گا۔

یہی رویہ آج کل ایلوپیتھک طریقہ علاج نے اپنایا ہوا ہے۔ ان کے پاس ادویات نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔ صرف بنی نوع انسان کو بے وقوف بنانا ان کا کام ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ جب یہ دیکھتے ہیں کہ انہوں نے دنیا کے ہر ایک ملک میں خواہ اس ملک کا نظام کیسا ہی ہو۔ انہوں نے وہاں پر اپنی اسٹیٹ قائم کر رکھی ہے۔ اس کے باوجود ان کے پاس خاطر خواہ علاج نہیں ہے۔ تو وہ غصہ سے پیچ و تاب کھاتے ہیں۔ اور غصہ مریض پر اتارتے ہیں۔ پستان میں گلٹیوں کا علاج نہ کر سکے تو کاٹ پھینک دیا۔ گردے کا علاج نہ ہو سکا تو اسے کاٹ باہر کیا۔ معدہ میں تکلیف ہو گئی تو اسے کاٹ دیا گیا۔ اب اس طریقہ علاج کے پاس انسانی عضو کی چھانٹی کرنے ہی میں عافیت پوشیدہ ہے۔ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری۔ گویا ان کے نزدیک انسانی عضو ہی دراصل اللہ تعالیٰ نے فضول بنائے ہیں۔ اگر یہ عضو انسانی بدن کے لئے ضروری ہوتے تو پھر یہ کیوں انہیں کاٹ پھینکتے۔



انسانوں کو اپاہج اور ادھورا کرنے ایسے فعل کو ان لوگوں نے دنیا کا بہترین طریقہ علاج قرار دے رکھا ہے۔

تمام طریقہ ہائے علاج انسان کو اس کی اس منزل سے دور لے جا رہے ہیں۔ جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا تھا۔ لیکن لاسلکی رابطہ سیٹ کا طریقہ علاج انسان کو زندگی کی مثبت راہوں کی طرف واپس لاتا ہے۔ اور ایک بار پھر اسے موقع دیتا ہے کہ وہ غلط روش کو چھوڑ کر مثبت زندگی اپنائے۔ اور اس کے نتیجہ میں اس چند روزہ زندگی کو بھی بغیر تکلیف و پریشانیوں سے بسر کرے اور مرنے کے بعد کی زندگی میں بھی خوشگواریاں حاصل کرے۔ آئیں ایک بار پھر اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کو سامنے رکھیں اور دیکھیں۔ اور سوچیں۔ کہ کیا یہ وہ ذرائع تو نہیں ہیں جن کی طرف اللہ تعالیٰ اشارہ فرماتا ہے۔

بلاشبہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے حق بینی کے ذرائع پہنچ چکے ہیں۔ پس جو شخص دیکھ لے گا وہ اپنا فائدہ کریگا۔ اور جو شخص اندھا رہے گا۔ وہ اپنا نقصان کرے گا۔ اور میں تمہارا نگران نہیں ہوں۔ سورۃ الانعام آیت نمبر 104

اور جو شخص کچھ گناہ کا کام کرتا ہے تو فقط اس کا اثر اس کی اپنی ذات پر ہوتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ بڑا عالم والا اور حکمت والا ہے۔

النساء 4/111

لاسلکی رابطہ سیٹ کی حقیقت کی طرف اشارہ

زمین میں جو مصیبت آتی ہے۔ اور جو مصیبت بھی خود تم لوگوں پر آتی ہے۔ تو وہ ظاہر ہونے سے پہلے ہی کتاب میں "لکھی" ہوتی ہے۔ یقیناً" یہ بات اللہ تعالیٰ کے لئے آسان ہے۔ 57/22

ایلو پیتھک طریقہ علاج سے اپاہج ہونے والے ان کے ظلم کا نشانہ بننے والے ایسے مریض جو اپریشن کے ذریعہ سے اپنے اندرونی عضو کٹوا چکے ہوں ان کے لئے یہ طریقہ علاج ایک نئی زندگی کی امید لے کر آیا ہے - اب اپریشن سے اعضاء کٹوانے کی طرف نہیں رہی - اور نہ ہی کسی دوسرے شخص سے خون کی بھیک مانگنے کی ضرورت ہوگی -

اللہ تعالیٰ نے ان دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ کی شکل میں انسان کو اپنے وہ عضو جو اندرون بدن ہیں ان کے ناکارہ ہونے کی صورت میں ان کو دوبارہ فعال بنانے کے لئے اور جو عضو اپریشن کے ذریعہ سے نکال دیئے گئے ہیں ان کی جگہ نئے عضو تخلیق کرنے کے لئے قانون دے رکھے ہیں - اب یہ معالج کا فرض ہے کہ وہ مریض کی موجودگی میں اس کے ہاتھ کو SRH + B2 کمپیوٹر میں رکھ کر اس کے عضو کی تخلیق جدید کے لئے دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ تلاش کرے -

THYMUS GLAND انسان کے بچپن سے لے کر جوانی تک ساتھ رہتے ہین یہ وہ عرصہ ہے جب پیکر انسانی میں تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں جب یہ تبدیلیاں جوانی کی حدود میں داخل ہو کر مکمل ہوجاتی ہیں تو اس کے بعد چونکہ THYMUS GLAND کی ضرورت نہیں رہتی لہٰذا یہ آہستہ آہستہ خشک ہو کر سوکھ جاتے ہیں - چنانچہ تخلیق جدید کے لئے ضروری ہے کہ سب سے پہلے

THYMUS GLAND

کو دوبارہ تخلیق کریں یا اسے فعال بنایا جائے جب یہ GLAND تخلیق یا فعال ہو جائیں تو اس کے بعد مطلوبہ عضو تخلیق کیا جا سکے گا -

لہٰذا سب سے پہلے THYMUS GLAND کو فعال بنانے کے لئے



دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ دریافت کریں -

دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ تلاش کرنے کے لئے عبارت

THYMUS GLAND

کو دوبارہ تخلیق کرنے اور فعال بنانے کے لئے علم اور قانون الٰہی دریافت کرنے کے لئے -

اس پرچی کو بھی کپ میں رکھ کر سیٹ تلاش کریں - اور دونوں سیٹ مریض کو فیڈ کریں ایک ماہ بعد مریض کا معائنہ کریں اور یہ دیکھیں کہ

THYMUS GLAND

دوبارہ تخلیق ہو گیا ہے اگر الٹراساؤنڈ کروا کر تسلی کروا لی جائے تو بہتر ہے -

اب مریض اس عضو کی تخلیق کے لئے تیار ہے جو عضو آپ تخلیق کرنے جارہے ہیں - مثلاً گردہ - مثانہ - معدہ - رحم - بیض نالیاں - بیضادانی - جگر - پھیپھڑے - تلی وغیرہ وغیرہ

اب ان عضو کی تخلیق کے لئے دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ کی تلاش کا مرحلہ آتا ہے - چنانچہ اس کے لئے عبارت لکھیں

اپریشن کرکے نکال دیئے گئے ..... کی جگہ پر ایک نیا ..... تخلیق کرنے کے لئے علم اور انسانی دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ کے ذریعے قانون الٰہی تلاش کریں -

جس طرح رکاوٹ پیدا کرنے والا قانون الٰہی دریافت کیا تھا - اسی طرح اب یہاں پر بھی ایسا ہی قانون دریافت کریں - ان دونوں دماغی لاسلکی رابطہ سیٹ کو ایک کارڈ میں فیڈ کرکے مریض کو فیڈ کریں -

اگر آپ یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ کتنے عرصہ میں مطلوبہ عضو بنے گا - تو اس کے لئے عبارت لکھیں -

تخلیق جدید پر قانون الٰہی کے مطابق مطلوبہ عضو ..... کتنے ہفتوں میں مکمل ہوگا -

یہ پرچی کپ میں رکھیں - اور پینڈولم کی مدد سے 701 سے شروع کریں -
جہاں پر پینڈولم مثبت گردش ظاہر کرے - کتنے ہفتے میں مطلوبہ عضو مکمل ہوگا - اگر دنوں میں معلوم کرنا چاہتے ہیں تو پھر ہفتوں کی جگہ دنوں اور اگر مہینوں میں معلوم کرنا چاہتے ہیں تو پھر ہفتوں کی جگہ مہینوں لکھیں -

یہ طریقہ علاج دماغ میں پیدا ہونے والی لہروں کے سیٹ پر مبنی ہے - لہٰذا ضروری ہے کہ جب ایک معالج کسی مریض کا علاج کرنے جارہا ہو تو سب سے پہلے اپنی تشخیص کی ابتدا دماغ ہی سے کرے -

/ CANCER/AIDS / STENOSIS / CONTRACTION / INFACTION

TUBERCULOSIS

IN BLOOD VESSEL OF BRAIN

AND INFACTION OF BRAIN PART

ابتدا ہمیشہ مندرجہ بالا سے کریں - اور انشاء اللہ بدن پر ظاہر ہونے والی تمام بیماریاں یہاں ہی سے ختم ہو جائیں گی - زیادہ سردرد کی ضرورت نہیں ہوگی -

میری دلی خواہش ہے کہ اس طریقہ علاج کو اپنانے والے اپنے آپ کو کسی طرح بھی طبیب - معالج - حکیم یا ڈاکٹر کا نام نہ دیں - کیونکہ ان سب کو دنیا ایک



زمانے سے آزماتے ہوئے چلے آئے ہیں - اور نہ ہی اپنے مطب کو مطب کہیں - نہ شفاخانہ - نہ کلینک - بلکہ ان کے لئے الگ نام جو میں نے تجویز کئے ہیں مطب کے لئے مستشفی ہمدرد صحت اور معالج کے لئے ہمدرد کا نام

امید ہے کہ آپ کو یہ دونوں اصطلاحیں پسند آئیں گی اور اس طریقہ علاج کو اپنانے والے انہی اصطلاح کا استعمال کریں گے -

انسان ہر قدم پر اپنے لئے ایک الگ زندگی کا انتخاب کرتا چلا جاتا ہے لیکن اسے خبر نہیں ہوتی -

ایک مریض ایک معالج سے علاج کرواتا رہا مگر اسے شفا نہ ملی - جب تک اسے یقین رہا کہ ضرور اسی معالج سے شفا ملے گی - لیکن جب اسے شفا نہ ملی تو بغیر معالج کے مشورہ کے اس نے ازخود معالج تبدیل کر لیا - یا کسی دوسرے طریقہ علاج کی طرف رجوع کیا، مریض کا یہ رویہ یہ ثابت کرنے کے لئے کافی ہے کہ وہ ڈاکٹر سے ناامید ہو چکا ہے اور یہ سمجھتے ہوئے کہ اس کو اس ڈاکٹر سے شفا نہیں ملے گی۔ تو چلا گیا۔

اگر مستقبل میں مریض دوبارہ اسی ڈاکٹر کی طرف رجوع کرتا ہے تو اس سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ پہلے مریض نے اس معالج پر بہتان لگایا تھا (بغیر بولے ہوئے اپنے طرز عمل سے) اس طریقہ علاج کو جھوٹا کہا تھا - مریض کے اس قدم سے کیا اس کی شخصیت پر اثر نہیں پڑے گا -

اسی طرح جب ایک مریض ہر طرف سے ناامید ہو جاتا ہے تو پھر وہ دعاؤں کیلئے مختلف جگہوں پر جاتا ہے خود دعا کرتا ہے لیکن جب اسے ایسے بھی شفا نہیں ملتی تو پھر وہ معالجوں کے پاس چکر لگانا شروع کر دیتا ہے اس سے کیا ثابت ہوتا ہے کہ اسے

دعاؤں پر بھی شک ہے گویا ان میں بھی کچھ نہیں رکھا - ان تمام منفی رویوں سے انسان کی شخصیت مجروح ہوتی چلی جاتی ہے اور مریض پہلے سے زیادہ لاچار اور بے بس ہو جاتا ہے لہٰذا انسان کو چاہیئے کہ ہر ایک سانس میں وہ یہ سوچے کہ اس کے عمل سے اٹھنے والے قدم اس کا رخ منفی طرز کی طرف کرتے ہیں یا مثبت راہ کی طرف

" مرض بڑھتا گیا جوں جوں دعا کی "

کے پیچھے ایسے ہی محرکات ہوتے ہیں لیکن ہم انہیں کوئی اہمیت نہیں دیتے اور نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ پہلے سے بنے ہوئے لاسلکی رابطہ سیٹ ایسے اقدام سے مزید پختہ ہوتے چلے جاتے ہیں اور انسان اپنے انجام کو پہنچ جاتا ہے -